تازہ ترین خبروں کیلئے وزٹ کریں www.dailyhimmat.com.pk

اللہ ھی ھے جو عقل شعور اور ھمت عطا کرتا ھے (حدیث)

ABC CERTIFIED کوئٹہ، مستونگ، گوادر، راولپنڈی/اسلام آباد اور چکوال سے شائع ہونے والا کثیر الاشاعت روزنامہ فون نمبر: 2834643 فیکس نمبر: 2827323

DAILY HIMMAT QUETTA

روزنامہ ہمت کوئٹہ

بانی زمرد حسین (مرحوم)

چیف ایڈیٹر: نادر حسین زمرد

جلد نمبر 25 | ہفتہ 19 ستمبر 2026ء | 06 ربیع الثانی 1448ھ | قیمت 7 روپے | شمارہ نمبر 339

اسلام آباد پر دھاوا بولنے والوں کو ہر ممکن طریقے سے روکیں گے، وزیر داخلہ

جتھہ لانے والوں کیلئے ہم پوری طرح تیار ہیں، سوشل میڈیا پر ایک خاص قبیلے کا ذکر ہو رہا ہے کہ وہ خاص طور پر اسلام آباد آئیگا، اسلام آباد کو بند کرنا یا احتجاج کے نام پر حملے کی اجازت نہیں دی جاسکتی

وزیراعلیٰ دہشتگردوں کا مقابلہ کرنے کیلئے اتنی تیاری کریں جتنی دھرنے کیلئے کر رہے ہیں تو دہشتگردی کافی حد تک کم ہو جائے، اپوزیشن کے سمجھدار لوگوں سے امید ہے کہ احتجاج کے فیصلے پر نظرثانی کریں گے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے اپوزیشن کو واضح پیغام دیا ہے کہ اسلام آباد ہائی کورٹ کے فیصلے کے بعد کسی صورت وفاقی دارالحکومت پر دھاوا نہیں بولا جاسکتا، فورسز کو بتادیا ان کو ہر ممکن طریقے سے روکیں گے، یہ جتھہ لانا چاہتے ہیں تو ہم پوری طرح تیار ہیں، سوشل میڈیا پر ایک خاص قبیلے کا ذکر ہو رہا ہے کہ وہ خاص طور پر

بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

بلوچستان سے متعلق میرے بیان کا صرف ایک حصہ بدنیتی سے پیش کیا گیا، محسن نقوی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن

بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

شہید میر مرتضیٰ بھٹو کے یوم پیدائش پر انہیں خراج عقیدت پیش کرتے ہیں، بلاول

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے

بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

شہداء کی عظیم قربانیاں قوم کیلئے مشعل راہ، انکا لہو رائیگاں نہیں جائیگا، صدر، وزیراعظم

وزیر داخلہ کا خیبر پختونخوا میں فتنہ الخوارج کے خلاف کامیاب کارروائیوں پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

شہداء کی قربانیوں کو سلام پیش کرتا ہوں، شہداء کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی، قوم کو وطن کے بہادر بیٹوں پر ناز ہے

اسلام آباد (آن لائن) صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ شہداء کی عظیم قربانیاں قوم کیلئے مشعل راہ ہیں اور ان کا لہو رائیگاں نہیں جائے گا۔ اپنے بیان میں صدر مملکت آصف علی زرداری نے خیبر پختونخوا میں بھارتی سرپرستی میں سرگرم فتنہ الخوارج کے خلاف کامیاب کارروائیوں پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

کوہاٹ: پولیس لائنز مسجد پر دہشتگرد حملہ

21 افراد شہید، 57 سے زائد زخمی، 7 دہشتگرد ہلاک

خودکش حملہ آور نے بارود سے بھری گاڑی گیٹ سے ٹکرائی، 7 دہشت گردوں نے دراندازی کی کوشش کی، کلیئرنس آپریشن آخری مراحل میں داخل، شہداء میں 6 پولیس اہلکار شامل ہیں

دھماکے کے بعد ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر اسپتال میں ہنگامی صورت حال نافذ کردی گئی، جہاں زخمیوں کو طبی امداد فراہم کی جارہی ہے، زخمیوں میں بعض کی حالت تشویش ناک بھی بتائی گئی ہے

کوہاٹ (آن لائن) خیبر پختونخوا کے شہر کوہاٹ میں اولڈ پولیس لائنز کے قریب نماز جمعہ کے دوران ہونے والے دہشت گرد حملے میں 21 افراد شہید جبکہ 57 سے زائد زخمی ہوگئے۔ سکیورٹی فورسز اور پولیس کی جوابی کارروائی میں 7 دہشت گرد ہلاک کیے گئے ہیں۔ تازہ شہداء میں 6 پولیس اہلکار اور 15 عام شہری شامل ہیں۔ پولیس کے مطابق حملے کے دوران مجموعی طور پر 7 دہشت گردوں نے پولیس لائنز میں داخل ہونے کی کوشش کی۔ ایک

بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

وزیراعظم کا زرمبادلہ کے ذخائر تاریخی سطح تک پہنچنے پر اظہار تشکر

مستحکم معاشی پوزیشن ملک میں بیرونی اعتماد، سرمایہ کاری اور پائیدار معاشی ترقی کے نئے دروازے کھولے گی

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم شہباز شریف نے پاکستان کے زرمبادلہ کے ذخائر کی تاریخ کی بلند ترین سطح 21.4 ارب ڈالر تک پہنچنے پر اظہار تشکر

بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

نائب وزیراعظم کا اپوسٹیل اور دستاویزات کی تصدیق کے نظام سے متعلق میڈیا رپورٹ کا نوٹس

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم محمد اسحاق ڈار نے اپوسٹیل اور دستاویزات کی تصدیق کے

بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

کسی کو شاہراہیں یا انٹرچینج بند کرنے کی اجازت نہیں دی جاسکتی، ہائیکورٹ

اسلام آباد ہائیکورٹ کا پاکستان تحریک انصاف کے 27 ستمبر 2026 کے مجوزہ لانگ مارچ سے متعلق دائر آئینی درخواست کا تفصیلی فیصلہ جاری

اسلام آباد کی طرف جانے والے کسی بھی مارچ کے لیے سرکاری وسائل، فنڈز، گاڑیوں یا اہلکاروں کو استعمال نہ کیا جائے، صوبائی حکومتوں کو حکم

اسلام آباد (آن لائن) اسلام آباد ہائیکورٹ نے پاکستان تحریک انصاف کے 27 ستمبر 2026 کے مجوزہ لانگ مارچ سے متعلق دائر آئینی درخواست کا تفصیلی فیصلہ جاری کردیا ہے۔ چیف جسٹس سردار محمد سرفراز ڈوگر کی سربراہی میں قائم بنچ نے فیصلہ سنایا

بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

اقوام متحدہ کے مشن برائے ریفرنڈم برائے مغربی صحارا کا نئے فورس کمانڈر پاکستان کے میجر جنرل جواد احمد کا خیر مقدم

اقوام متحدہ (این این آئی) اقوام متحدہ کے مشن

بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

افغانستان میں ہزاروں غیر ملکی جنگجوؤں کی موجودگی کا انکشاف

طالبان حکومت کے 5 سال، طالبان 2.0 نے افغانستان کو دہشت گردی کا گڑھ اور تباہی کے دہانے پر پہنچا دیا

کابل (آن لائن) ساؤتھ ایشیا ٹائمز نے 15

بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

وزیراعظم کی فیول ریلیف اسکیم میں عوام کو مزید سہولت دینے کی ہدایت، 20 سال پرانی موٹر سائیکلیں بھی شامل

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم شہباز شریف

بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

پوری قوم سیکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، ایاز صادق

دہشتگردوں کیخلاف اس جنگ کے دوران جام شہادت نوش کرنیوالے جوانوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں

اسلام آباد (آن لائن) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز

بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد، وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی، وزیر مملکت داخلہ طلال چوہدری کے ہمراہ پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

پاکستان حرمین الشریفین کے دفاع کیلئے کسی بھی حد تک جاسکتا ہے، ڈی جی آئی ایس پی آر

دونوں ممالک کے عوام، افواج اور قیادت کے درمیان تاریخی تعلقات بنیاد ہیں، لفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری

مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے بلکہ اسٹریٹیجک باہمی دفاعی معاہدے کے تحت بھی جو وعدے اور عزم کیے ہیں، ان کی پاسداری کی جارہی ہے

راولپنڈی (آن لائن) ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے دو ٹوک

بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

لندن، وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب سیمینار کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

زیر وومن یونیورسٹی کا قیام طالبات کیلئے اعلیٰ تعلیم کے مواقع پیدا کریگا، گورنر بلوچستان

آرٹیفیشل انٹیلیجنس محض ایک نیا مضمون نہیں بلکہ صنعت، تعلیم، صحت، زراعت، فنانس اور گڈ گورننس سمیت تقریباً ہر شعبے میں تبدیلی کا ذریعہ بن رہی ہے

وومن یونیورسٹی میں آرٹیفیشل انٹیلیجنس، میڈیکل لیب ٹیکنالوجی، ہیومن نیوٹریشن اینڈ ڈائٹری سمیت جدید اور مارکیٹ ڈریون مضامین متعارف کرائے جارہے ہیں

کوئٹہ (این این آئی) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا ہے کہ چیزوں کی فیوچر ویلیو اور

بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

پاکستان کا شام میں قومی استحکام کی پیش رفت کا خیر مقدم

جاری سیاسی و معاشی تبدیلی کے عمل کی مکمل حمایت کرتے ہیں: پاکستانی مندوب عثمان جدون

نیویارک (آن لائن) پاکستان نے اقوام متحدہ کی

بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

سپریم کورٹ آف پاکستان کی سول کانفرنس میں شرکت

اسلام آباد (آن لائن) سپریم کورٹ آف پاکستان

بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

جنرل اسمبلی اجلاس میں ایران کو شرکت کی اجازت، مگر وفد کا حجم محدود

ایرانی وفد کی نیویارک میں نقل و حرکت محدود، لگژری اشیا کی خریداری پر بھی پابندی: واشنگٹن تہران کشیدگی برقرار

واشنگٹن (آن لائن) امریکہ نے اقوام متحدہ کی

بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

شہری سیلاب سے نمٹنے کیلئے پیشگی تیاری ناگزیر ہے: چیئرمین این ڈی ایم اے

نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی کے زیر اہتمام شہری سیلاب کی صورتحال سے بچاؤ کے حوالے سے سیمینار کا انعقاد

اسلام آباد (آن لائن) نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (این ڈی ایم اے) کے زیر اہتمام شہری سیلاب کی صورتحال سے بچاؤ کے حوالے سے ایک

بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

اسحاق ڈار، سیکرٹری خارجہ آمنہ بلوچ ملاقات

اسلام آباد (آن لائن) نائب وزیراعظم و وزیر

بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

صوبائی حکومتیں انسداد پولیو کوششوں کی نگرانی برقرار رکھیں، احسن اقبال

انسداد پولیو کا آئندہ مہم کے لیے بھرپور تعاون پر زور، 3 کروڑ 10 لاکھ بچوں کے تحفظ کا عزم

اسلام آباد (این این آئی) قومی ٹاسک فورس برائے

بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

گمراہ کن پروپیگنڈے کی مؤثر روک تھام اولین ترجیح ہے، عطاء اللہ تارڑ

وفد نے وزارت اطلاعات کی ڈیجیٹل سرگرمیوں اور جدید اقدامات کو سراہتے ہوئے ان کی پیشہ ورانہ کارکردگی کو قابل تحسین قرار دیا

منفی پروپیگنڈے و گمراہ کن مواد کی مؤثر روک تھام وزارت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، صحافیوں سے بات چیت میں اظہار خیال

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر اطلاعات عطاء اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ ڈیجیٹل پلیٹ فارمز عوام تک بروقت معلومات کی فراہمی میں کلیدی کردار ادا کر رہے ہیں، اور منفی پروپیگنڈے و گمراہ کن مواد کی مؤثر روک تھام وزارت کی اولین ترجیحات میں

بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

وزیراعظم شہباز شریف کی کوہاٹ دھماکے کے زخمیوں کو بہترین طبی امداد فراہم کرنے اور رپورٹ طلب کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کوہاٹ کی پرانی پولیس لائن میں ہونے والے

بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

افغانستان میں پنپتی دہشتگردی پر عالمی تشویش برقرار

عوامی زندگی میں خواتین کی شرکت پر منظم پابندیاں بنیادی حقوق کو متاثر کر رہی ہیں، اقوام متحدہ

نیو یارک (آن لائن) اقوام متحدہ نے افغان سرزمین میں حکمرانی کے فقدان اور مسلسل دہشتگردی کے خطرات پر اظہار تشویش کیا ہے۔ اقوام متحدہ کی

بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد میں پی ٹی آئی کے لانگ مارچ کے پیش نظر ریڈ زون، توسیع شدہ ریڈ زون سیل کرنے کا فیصلہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں لانگ مارچ کے قریب ریڈ زون، توسیع

بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

عرب ممالک کی معیشتوں کو 150 ارب ڈالر کا نقصان

ایران، امریکہ جنگ تجارت، معاشی استحکام اور ضروری اشیا تک رسائی کو بھی متاثر کر رہی ہے، اقوام متحدہ

تیل کی تجارت کا تقریباً 25 فیصد اور قدرتی گیس کی تجارت کا 19 فیصد آبنائے ہرمز سے گزرتا ہے

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ کے اقتصادی و سماجی کمیشن برائے مغربی ایشیا کی ایگزیکٹو سیکرٹری رانیا المشاط نے کہا ہے کہ ایران امریکا جنگ کے

بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں



اسلام آباد، امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

چھوٹے کاروباروں کے لیے شریعہ کمپلائنٹ ڈیجیٹل فنانسنگ کی منظوری، 30 لاکھ روپے تک قرض مل سکے گا

اسلام آباد (آن لائن) سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے

بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

اگست 2026ء میں تجارتی خسارے میں 15.1 فیصد اضافہ، مجموعی خسارہ 3.30 ارب ڈالر تجاوز کر گیا

اسلام آباد (آن لائن) ادارہ شماریات پاکستان کی جانب سے جاری کردہ تازہ ترین اعداد و شمار

بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

ترک سرمایہ کاروں کا ڈسکوز کی نجکاری میں دلچسپی کا خیر مقدم

اویس لغاری سے ترکیہ کے سفیر کی ملاقات، توانائی کے شعبے میں تعاون بڑھانے پر اتفاق

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں ترکیہ کے سفیر ڈاکٹر عرفان نزیر اوغلو نے وفاقی وزیر توانائی (پاور ڈویژن) سردار اویس احمد خان لغاری سے

بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

لارجر بنچ کی تشکیل کیلئے مقدمہ چیف جسٹس کو بھجوا دیا، فریقین کو نوٹسز جاری

سپریم کورٹ، سندھ پولیس کے مبینہ زیر حراست ڈاکٹر شاہنواز کے قتل کے معاملے پر حکم امتناع جاری

اسلام آباد (آن لائن) سپریم کورٹ نے سندھ

بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل کا نفرت انگیز تقاریر کیخلاف مشترکہ اقدامات پر زور

نفرت انگیز تقاریر کا بڑھتا ہوا پھیلاؤ باہمی اعتماد کو ختم کر کے ہماری مشترکہ انسانیت کو چیلنج کر رہا ہے

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ کے سیکرٹری

بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

کسی بھی قابل دست اندازی جرم کی اطلاع ملتے ہی بلا تاخیر فوری مقدمہ درج کیا جائے، سپریم کورٹ

مقدمے کے اندراج میں تاخیر کو محض ایک عام بے قاعدگی کے طور پر نہیں دیکھا جا سکتا، خبردار کردیا اسلام آباد (آن لائن) سپریم کورٹ آف پاکستان کے جسٹس صلاح الدین نے سات صفحات پر مشتمل فیصلے پولیس کو ہدایت کی ہے کہ کسی بھی قابل دست اندازی جرم کی اطلاع ملتے ہی بلا

بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

محسن نقوی کی کوہاٹ اولڈ پولیس لائنز کے قریب دھماکے کی شدید مذمت

دکھ کی گھڑی میں شہداء کے خاندانوں کے ساتھ کھڑے ہیں، وفاقی وزیر داخلہ

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی

بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

تیل کمپنیاں اپنے مارجن میں اضافے کے لئے سرگرم ہوگئیں

تیل کمپنیوں نے 66 ارب کے زیر التواء پرائس کلیمز اور مارجن پر عملدرآمد پر اوگرا کو خط لکھ دیا

اسلام آباد (این این آئی) ڈیلرز مارجن میں اضافے کے بعد تیل کمپنیاں اپنے مارجن میں اضافے کے لئے سرگرم ہوگئیں، تیل کمپنیوں نے اپنے مارجن میں

بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

اپوسٹیل اور دستاویزات کی تصدیق کے نظام کی تحقیقات، تین رکنی انکوائری کمیٹی قائم

اسلام آباد (آن لائن) نائب وزیراعظم نے اپوسٹیل اور دستاویزات کی تصدیق کے نظام سے متعلق سامنے آنے والی میڈیا رپورٹس کا نوٹس لیتے ہوئے وزارت خارجہ کے دستاویزات کی تصدیق کے نظام کی تحقیقات کے لیے تین رکنی انکوائری کمیٹی قائم کردی ہے۔ جاری کیے گئے نوٹیفکیشن کے مطابق سیکرٹری پروٹوکول حامد یعقوب شیخ کو

بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

21 تا 27 ستمبر تک ذیلی قومی انسداد پولیو مہم کا انعقاد کیا جائیگا

3 کروڑ 10 لاکھ سے زائد بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جائیں گے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان انسداد پولیو پروگرام کے تحت 21 تا 27 ستمبر تک ذیلی قومی انسداد پولیو مہم کا انعقاد کیا جائے گا، جس کے دوران

بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

دہشت گردی کیخلاف قومی یکجہتی بڑی قوت ہے، ظہور بلیدی

صوبائی وزیر ظہور بلیدی کی کوہاٹ پرانا پولیس لائن مسجد دھماکے کی شدید مذمت، پولیس اہلکار کی شہادت پر رنج و غم کا اظہار، زخمی افراد کیلئے صحت یابی کی دعا

عبادت گاہ میں معصوم شہریوں کو نشانہ بنانا دہشت گردوں کی بزدلانہ سوچ کی عکاسی ہے، امن دشمن عناصر کے عزائم کو ناکام بنانے کے لیے قوم کو متحد رہنا ہوگا

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی وزیر ظہور بلیدی نے کوہاٹ کے پرانا پولیس لائن مسجد میں پیش آنے والے دھماکے پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے پولیس اہلکار کی شہادت اور متعدد افراد کے زخمی ہونے پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ظہور بلیدی نے اپنے بیان میں کہا کہ عبادت گاہ میں معصوم افراد اور فرائض انجام دینے والے پولیس اہلکار کو نشانہ بنانا انتہائی دلخراش واقعہ ہے۔ دہشت گردی کی ایسی

بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

بلوچستان عوام کا نئے صوبوں کے قیام کی حمایت کا اعلان

دور دراز اور پسماندہ علاقوں میں ترقی کا عمل تیز ہوگا، مسائل کے بروقت حل میں مدد ملے گی

حکومتی سہولیات تک عوام کی رسائی آسان ہو جائے گی، شہریوں کی رائے

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان کے شہریوں کی بڑی تعداد نے نئے صوبوں کے قیام کو علاقائی ترقی، عوامی سہولیات میں بہتری اور ایک بااختیار مستقبل کا مؤثر

بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

کروڑوں بچے شدید غذائی قلت کی قسم ویسٹنگ کا شکار ہیں، یونیسیف

وقت تشخیص و علاج نہ ہونے کی صورت میں جان لیوا بھی ثابت ہوسکتی ہے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں پانچ سال سے کم عمر 4 کروڑ سے زائد بچے شدید غذائی قلت کی قسم ویسٹنگ کا شکار ہیں، جو

بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو کو ای او بی آئی اے ایف ہاورڈ گل برج شیلڈ دے رہے ہیں

خدشہ مالی صورتحال برقرار رہنے کی صورت میں سپلائی چین کی خرابی کی ذمہ داری آئل انڈسٹری پر نہیں ہوگی، کونسل کا انتباہ

اسلام آباد (آن لائن) ڈیلرز مارجن میں اضافے کے بعد آئل مارکیٹنگ کمپنیاں (او ایم سی)

بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

ڈسکوز کی نجکاری کا عمل نجکاری کمیشن کے ذریعے آگے بڑھ رہا ہے، اویس لغاری

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان میں ترکیہ کے سفیر ڈاکٹر عرفان نزیر اوغلو نے وفاقی وزیر توانائی سردار

بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

پاکستان اور برطانیہ کا دوطرفہ تعاون مزید مضبوط بنانے پر اتفاق

اسلام آباد (آن لائن) برطانوی ہائی کمشنر جین میریٹ نے نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار سے ملاقات کی، جس میں پاکستان اور برطانیہ کے تعلقات سمیت باہمی دلچسپی کے امور پر

بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

بے گناہ انسانوں کو قتل کرنیوالے مسلمان ہیں نہ انسان، پاکستان علماء کونسل

بدامنی اور خوف پھیلانے والے عناصر کسی صورت کامیاب نہیں ہوسکتے، مشترکہ بیان

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان علماء کونسل کے مرکزی چیئرمین حافظ محمد طاہر محمود اشرفی، مولانا نعمان حاشر، مولانا طاہر عقیل، مولانا ابوبکر صابری،

بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

پاور سیکٹر اصلاحات کمیٹی نے سفارشات کے پیکیج پر اتفاق کرلیا

بجلی کے شعبے میں ریگولیٹری آزادی اور مؤثریت مضبوط بنانے پر غور

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم کی جانب سے قائم

بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

کوہاٹ سانحہ، طارق فضل چوہدری کا خیبر پختونخوا حکومت سے امن و امان پر جواب طلب

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے کوہاٹ میں پیش آنے والے دھماکے کے بعد خیبر پختونخوا میں امن و امان کی صورتحال پر صوبائی حکومت سے جواب

بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

پنجگور اور کچھی میں کارروائیوں کے دوران 7 دہشتگرد ہلاک، متعدد زخمی

بھاری مقدار میں اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد، صوبے سے دہشتگردی کے مکمل خاتمے تک یہ آپریشنز بلا تعطل جاری رکھنے کا عزم

فورسز نے امن دشمن ہلاک ہونے والے دہشت گردوں سے موقع پر بھاری مقدار میں اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کر لیا ہے

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان میں امن دشمنوں کے خلاف فیصلہ کن کارروائیاں جاری رکھتے ہوئے سکیورٹی فورسز نے آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت دو

بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

سینیٹر ایمل ولی خان کی کوہاٹ پولیس لائن مسجد دھماکے کی مذمت

کوہاٹ پولیس لائن مسجد دھماکہ ریاستی ناکامی کا منہ بولتا ثبوت ہے، ایمل ولی خان

کوہاٹ (آن لائن) عوامی نیشنل پارٹی کے مرکزی صدر سینیٹر ایمل ولی خان نے کوہاٹ پولیس لائن مسجد میں ہونے والے دھماکے کی شدید مذمت کرتے

بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

سینیٹ کی اطلاعات و نشریات کمیٹی نے براڈ کاسٹنگ کارپوریشن ترمیمی بل حکومتی مخالفت کے باوجود منظور کرلیا

اسلام آباد (آن لائن) سینیٹ کی اطلاعات و نشریات کمیٹی نے براڈ کاسٹنگ کارپوریشن ترمیمی

بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

ترکیہ کے سفیر عرفان نذیر اوغلو کی اسحاق ڈار سے ملاقات

پاکستان ترکیہ تعلقات، مشترکہ کمیشن اور اسٹریٹیجک تعاون کونسل کی تیاریوں پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (آن لائن) ترکیہ کے سفیر عرفان نذیر اوغلو نے نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار سے ملاقات کی، جس میں دونوں ممالک کے درمیان مختلف شعبوں میں تعاون مزید بڑھانے اور دوطرفہ تعلقات کو نئی جہت دینے پر تبادلہ خیال کیا

بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے سینیٹر دوستین ڈومکی اور صوبائی وزیر میر عاصم کرد گیلو ملاقات کر رہے ہیں

جنگ ستمبر کا 18واں روز، پاک فوج کا مزید علاقوں پر قبضہ

دشمن بھارت کے اب تک 453 ٹینک اور 106 جنگی طیارے تباہ کیے جاچکے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) ستمبر 1965 کی جنگ کے 18 روز تک بھارت پاکستانی افواج کے ہاتھوں اپنی جارحیت کے نتیجے میں بھاری نقصان اٹھا

بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

خواتین کی معاشی خودمختاری کے بغیر پائیدار ترقی ممکن نہیں، غزالہ گولہ

بلوچستان کی خواتین میں صلاحیتوں اور قابلیت کی ہرگز کوئی کمی نہیں ہے، بلکہ اصل ضرورت انہیں بہتر مواقع، آسان مالی معاونت فراہم کی جائے

خواتین کو بااختیار بنانے کیلئے تمام ممکنہ اقدامات کر رہی ہے، وزیراعظم کے پروگرام کے تحت بلاسود قرضوں سے خواتین میں معاشی بہتری آرہی ہے، گورنر بلوچستان

کوئٹہ (یو این اے) قائم مقام اسپیکر بلوچستان اسمبلی غزالہ گولہ نے پاکستان پاورٹی ایلیویشن فنڈ (PPAF) کے زیر اہتمام منعقدہ ایک اہم سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ خواتین کی معاشی خودمختاری کے بغیر معاشرے کی پائیدار ترقی کا

بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

عوامی اشتہارات

Himmat Classfied

اطلاع گمشدگی

میرا قومی شناختی کارڈ نمبر 54400-5098123-3 بنام ابراہیم ولد عبدالکریم کہیں گم ہوگیا ہے ملنے پر 0331-2847601 مطلع کریں۔
المشتہر: ابراہیم ولد عبدالکریم

بقیہ 1

منتقل کردی گئیں، دھماکے کی نوعیت معلوم کرنے کیلئے بم ڈسپوزل اسکواڈ موقع پر شواہد جمع کر رہے ہیں۔ مزید کارروائی جاری ہے

بقیہ 2

وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء اللہ لانگو اور وفاقی وزیر برائے قومی ورثہ و ثقافت اورنگزیب خچی تھے، جبکہ حکومت بلوچستان کے مختلف محکموں کے افسران، متعلقہ اداروں اور سول سوسائٹی کے نمائندوں نے بھی شرکت کی۔ راؤنڈ ٹیبل کانفرنس میں بلوچستان کو درپیش مختلف اہم امور، باہمی تعاون، اداروں کے درمیان روابط، سماجی ترقی اور عوامی فلاح و بہبود سے متعلق معاملات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ شرکاء نے اس امر پر زور دیا کہ حکومت، متعلقہ اداروں اور سول سوسائٹی کے درمیان مؤثر رابطہ، باہمی تعاون اور مشترکہ کاوشیں صوبے میں مثبت، دیرپا اور پائیدار اقدامات کے لیے اہم کردار ادا کرسکتی ہیں۔ کانفرنس کے دوران شرکاء کی جانب سے صوبے کی ترقی، سماجی بہتری اور عوامی مسائل کے حل کے حوالے سے مختلف تجاویز بھی پیش کی گئیں، جبکہ متعلقہ اداروں کے درمیان روابط کو مزید مضبوط بنانے اور مشترکہ حکمت عملی کے ذریعے عوامی مسائل کے مؤثر حل کی ضرورت پر بھی زور دیا گیا۔ اس موقع پر شرکاء نے بلوچستان میں پائیدار ترقی اور عوامی فلاح کے لیے مختلف شعبوں میں تعاون کے فروغ کو وقت کی اہم ضرورت قرار دیا۔

بقیہ 3

میں فرنگی استعمار نے جس فکری و سیاسی مزاحمت کا سامنا کیا تھا، آج اسی جدوجہد کے وارث ان قوتوں اور ان کے نظریاتی و سیاسی اثرات کے خلاف میدان میں موجود ہیں؛ جمعیت علماء اسلام آج بھی پاکستان کے آئینی، جمہوری اور قومی مفاد کے ساتھ کھڑی ہے، مجلس ختم نبوت اور وفاق المدارس بھی ملک کے دینی، آئینی اور قومی استحکام کے لیے اپنا کردار ادا کر رہے ہیں، اس کے باوجود اگر مسلسل انہی دینی اداروں، مذہبی قوتوں اور نظریاتی جماعتوں کو نشانہ بنایا جائے تو یہ صورتحال سنجیدہ سوالات کو جنم دیتی ہے اور اس کے پس پردہ مقاصد اور محرکات پر غور ناگزیر ہو جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عالم اسلام کی فکری و سیاسی تاریخ میں شیخ الاسلام مولانا محمود حسن سے لے کر مفتی محمود اور آج کے دور میں قائد جمعیت مولانا فضل الرحمٰن تک ایک ایسی روشن فکری و سیاسی روایت موجود ہے جس نے مسلمانانِ برصغیر کے سیاسی شعور کو منظم نظریاتی بنیاد فراہم کی اور اسلام کی اجتماعی، سیاسی، معاشی اور اخلاقی تعلیمات کو عصر حاضر کے تقاضوں کے ساتھ جوڑنے کی علمی و سیاسی جدوجہد کی؛ جمعیت علماء اسلام کا بنیادی تصور یہ ہے کہ اسلام محض عبادات کا مجموعہ نہیں بلکہ ایک مکمل نظام حیات ہے

بقیہ 4

ایمان کا حصہ ہے لاکھوں کارکن حرمین شریفین کی تحفظ کے لیے تیار ہے استعماری قوتیں امت مسلمہ کے صبر، اتحاد اور غیرت وحمیت کا امتحان نہ لیے۔ شعائر اسلام اور مقدس مقامات صرف زمین کا ایک ٹکڑا نہیں ہیں، بلکہ یہ ہمارے ایمان کا حصہ، ہماری اسلامی تاریخ اور شناخت کی علامت ہیں۔ یہ صرف مکہ مکرمہ پر حملہ نہیں۔ بلکہ دنیا بھر کے ڈیڑھ ارب سے زائد مسلمانوں کے دلوں پر حملہ ہے۔ شعار اسلام کا دفاع اور ان کی حرمت کی پاسداری صرف ایک خطے کا مسئلہ نہیں، بلکہ پورے عالم اسلام کا مشترکہ فریضہ ہے۔ خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سعودی عرب کی سلامتی و استحکام سے دنیا بھر کے مسلمانوں کے جذبات وابستہ ہیں۔ حرمین شریفین کی سرزمین پر کسی بھی قسم کا حملہ، اشتعال انگیزی یا خطرہ ناقابل برداشت ہے اور امت مسلمہ کے لیے باعث تشویش ہے کہ مکہ مکرمہ کی حرمت پامال کرنے کی کوشش امت مسلمہ کے لیے محض ایک سیاسی یا جغرافیائی واقعہ نہیں، بلکہ تمام مسلمانوں کے دل و روح پر ایک گہرا زخم ہوتا ہے۔

بقیہ 5

کی۔ اجلاس کے دوران کمشنر کوئٹہ ڈویژن کو کوئٹہ گرین بس سروس میں عوام کو فراہم کی جانے والی سہولیات، بزنس پلان، مانیٹرنگ اور دیگر معاملات پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ کمشنر ذیشان لاشاری نے ہدایت کی کہ کوئٹہ گرین بس سروس کے تمام معاملات کو مرحلہ وار ڈیجیٹلائز کیا جائے۔ انہوں نے ٹکٹنگ سسٹم کو اپ گریڈ کرتے ہوئے الیکٹرانک ٹکٹنگ مشینوں اور کارڈ سسٹم کے اجراء کے لیے اقدامات کا جائزہ لینے کی ہدایت کی۔ اس سلسلے میں کنسلٹنٹ کے ذریعے پائلٹ پراجیکٹ کے طور پر جدید الیکٹرانک ٹکٹنگ مشینری اور کارڈ سسٹم متعارف کرایا جائے گا، جس کی کامیابی کے بعد اسے دیگر تمام بسوں میں بھی نافذ کیا جائے گا۔ اجلاس میں بس اسٹاپس پر مسافروں کی سہولت کے لیے الیکٹرانک ڈسپلے اسکرینز اور بیٹھنے کے لیے کرسیاں فراہم کرنے کے اقدامات پر بھی غور کیا گیا۔ حکام نے اجلاس کو بتایا کہ گرین بس سروس کی مانیٹرنگ کرنے کے لیے کمانڈ اینڈ کنٹرول سینٹر بھی بنایا جائے گا جبکہ شہریوں کی سہولت کے لیے ڈیجیٹل ایپ کو بھی متحرک کیا جائے گا۔ موجودہ روٹ کے علاوہ 22 فیڈر روٹس کے فزیبلٹی سروے کا کام مکمل کرلیا گیا ہے، جن کے لیے مجموعی طور پر 97 بسوں کی ضرورت ہوگی۔ ان روٹس پر سروس کے آغاز کے لیے بھی ضروری اقدامات کیے جارہے ہیں۔ کمشنر نے سیکرٹری ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی کو ہدایت کی کہ کوئٹہ گرین بس سروس کی تمام بسوں کی باقاعدگی سے انسپکشن اور جانچ پڑتال کی جائے۔ بس اسٹاپس کی حالت، مسافروں کو درپیش مشکلات اور بسوں کی کنڈیشن کی مسلسل مانیٹرنگ کرتے ہوئے خامیوں کو دور کرنے کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کمشنر کوئٹہ ڈویژن نے کہا کہ کوئٹہ گرین بس سروس حکومت بلوچستان کا ایک اہم عوامی منصوبہ ہے، جس کے ذریعے شہریوں کو کم کرایوں میں بہتر اور معیاری سفری سہولیات فراہم کی جارہی ہیں۔ انہوں نے متعلقہ حکام پر زور دیا کہ عوام کی سہولت کو اولین ترجیح دیتے ہوئے سروس کی بہتری اور معیار کو برقرار رکھنے کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں۔

بقیہ 6

افسران کے خلاف کرپشن انکوائریاں براہ راست خود کریں گے اور کیسز کو اضلاع کو واپس نہیں بھیجا جائے گا تاکہ اثرورسوخ کو ختم کیا جاسکے، ضرورت پر

پرانی بند شکایات دوبارہ کھولی جائیں گی، تفتیش سے متعلق شکایات ایس پی رینک کو دی جائیں گی اور مخلصانہ کارروائیوں کی نگرانی سنٹرل پولیس آفس کرے گا۔ ایس او پی میں اے آئی جی انکوائریز کی نئی آسامی کے قیام، ریجنل ایس پیز اور ڈی ایس پیز کی خالی آسامیوں پر ترجیحی تعیناتی، IAB کو مالی و بجٹ خودمختاری دینے اور اسپیشل برانچ کی انٹیلی جنس کو احتساب کے عمل میں شامل کرنے کا فیصلہ بھی کیا گیا ہے، جبکہ عملدرآمد کی ہفتہ وار رپورٹ سنٹرل پولیس آفس کو پیش کی جائے گی۔

بقیہ 7

بھرتی کے مراحل مکمل کیے اور جن کے تقرری کے احکامات جاری کیے جاچکے تھے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت تحقیقات ضرور کرے تاہم کسی فرد واحد کی شکایت یا مبینہ بے ضابطگی کا بوجھ ان بے روزگار نوجوانوں پر نہیں ڈالا جاسکتا جنہوں نے اپنی تعلیم، محنت اور میرٹ کی بنیاد پر بھرتی کا عمل مکمل کیا۔ اگر تقرری کے تمام مراحل مکمل ہوچکے تھے، متعلقہ فورمز کے منٹس موجود تھے اور مجاز اتھارٹی کی جانب سے تقرری کے احکامات جاری کیے گئے تھے تو ان احکامات کو اجتماعی طور پر منسوخ کرنے کا فیصلہ آئین اور قانون کی کھلی خلاف ورزی ہے۔ مجاز اتھارٹی کی جانب سے جاری کیے گئے منٹس کے مطابق اپائنٹمنٹ آرڈرز فوری جاری کیے جائیں۔

بقیہ 8

پرمنی ذہنیت کا خاتمہ ناگزیر ہو چکا ہے۔ اس مقصد کیلئے ہمیں قومی اتحاد و اتفاق کا مظاہرہ کرنا ہوگا۔ مشترکہ کوششوں سے ہم دہشتگردوں اور تخریب کاروں کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملا سکتے ہیں۔ گورنر مندوخیل نے کوہاٹ دھماکے میں شہداء کی مغفرت اور زخمیوں کی جلد صحتیابی کیلئے دعا کی اور سوگوار خاندانوں کے ساتھ زخمیوں سے یکجہتی و ہمدردی کا اظہار بھی کیا۔

بقیہ 9

ڈویژن اسداللہ فیض کا تبادلہ کرکے انہیں سیکرٹری محکمہ جنگلات وجنگلی حیات، شاہد سلیم قریشی سیکرٹری کو محکمہ بین المذاہب ہم آہنگی جبکہ تعیناتی کے منتظر عرفان اللہ خان کو کمشنر سبی ڈویژن تعینات کردیا گیا۔ نوٹیفکیشن کے سیکرٹری جنگلات وجنگلی حیات مطابق عمران گچکی اور سیکرٹری محکمہ بین المذاہب ہم آہنگی کو محکمہ ایس اینڈ جی اے ڈی کو رپورٹ کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔

بقیہ 10

لمبی قطاریں لگ گئیں۔ ذرائع کے مطابق دھماکے کے نتیجے میں پل کو شدید نقصان پہنچا، جس کے باعث کوئٹہ اور تفتان کے درمیان آمدورفت میں مشکلات کا سامنا ہے۔ شاہراہ پر بڑی تعداد میں مسافر اور مال بردار گاڑیاں پھنس گئیں۔ واقعے کے بعد متعلقہ حکام اور سیکیورٹی اداروں نے موقع پر پہنچ کر صورتحال کا جائزہ لیا، جبکہ پل کی بحالی اور ٹریفک کی روانی بحال کرنے کے لیے اقدامات جاری ہیں۔ واقعے کے حوالے سے مزید تحقیقات کی جارہی ہیں۔

بقیہ 11

کرتے ہوئے کہا ہے کہ مکہ مکرمہ جیسے مقدس ترین شہر کو نشانہ بنانے کی کوشش صرف سعودی عرب پر حملہ نہیں بلکہ پوری امت مسلمہ کے دل پر حملہ اور مسلمانوں کے جذبات سے کھلی دشمنی کے مترادف ہے۔ انہوں نے کہا کہ مکہ مکرمہ وہ مقدس شہر ہے جس کی طرف دنیا بھر کے مسلمان نماز کے لیے رخ کرتے ہیں، جہاں خانہ کعبہ موجود ہے اور جہاں حرم پاک کی حرمت ہر مسلمان کے ایمان کا حصہ ہے۔ اس مقدس سرزمین کی طرف اٹھنے والا کوئی بھی جارحانہ قدم پوری امت کے لیے ناقابل برداشت ہے۔ میر علی حسن زہری نے کہا کہ حرمین شریفین کی حرمت پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوسکتا۔ جو عناصر مقدس مقامات کو اپنی جنگ، سیاست یا انتقام کا میدان بنانے کی کوشش کرتے ہیں، انہیں سمجھ لینا چاہیے کہ مکہ مکرمہ کوئی عام مقام نہیں، بلکہ پوری امت مسلمہ کے ایمان اور عقیدے کا مرکز ہے۔

بقیہ 12

اہلکار کو نشانہ بنانا انتہائی افسوسناک اور دلخراش واقعہ ہے۔ دہشت گردی کی ایسی کارروائیاں امن کے لیے سنگین خطرہ ہیں۔ انہوں نے شہید پولیس اہلکار کے لواحقین سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ غم کی اس گھڑی میں پوری قوم متاثرہ خاندانوں کے ساتھ کھڑی ہے۔ سردار عبدالرحمٰن کھیتران نے دھماکے میں زخمی ہونے والے افراد کی جلد اور مکمل صحتیابی کے لیے دعا کرتے ہوئے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف قومی یکجہتی ہی ہماری سب سے بڑی قوت ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں پائیدار امن اور استحکام کے لیے دہشت گردی کے خلاف اجتماعی عزم کو مزید مضبوط کرنا ہوگا، جبکہ امن دشمن عناصر کے عزائم کو ناکام بنانے کے لیے قوم کا متحد رہنا ناگزیر ہے۔

بقیہ 13

ہے، بلکہ افغانستان ایک بار پھر عالمی امن کے لیے ایک مستقل خطرہ اور دہشت گردوں کی محفوظ آماجگاہ بن چکا ہے۔ رپورٹ طالبان رجیم نے 2020 کے دوحہ معاہدے کی بنیادی شرائط میں سے کسی ایک پر بھی عمل نہیں کیا۔ 2020 اور 2021 میں رہا کیے جانے والے پانچ ہزار طالبان قیدی معاہدے کی شقوں کے برعکس فوری طور پر میدان جنگ میں واپس آگئے۔ معاہدے کی دوسری شرط کے برخلاف مذاکرات کے ذریعے سیاسی حل نکالنے کی بجائے عسکری طاقت کے زور پر اقتدار پر قبضہ کیا گیا۔ جبکہ تیسری اور اہم ترین شرط کی خلاف ورزی کرتے ہوئے افغانستان کی سرزمین کو ایک بار پھر بین الاقوامی دہشت گردوں کے حوالے کر دیا گیا ہے۔ تحقیقاتی رپورٹ کے مطابق گزشتہ پانچ سالوں میں افغانستان دہشت گردی کا عالمی سرکز بن چکا ہے جہاں اس وقت 20 سے زائد عسکریت پسند تنظیمیں اور لگ بھگ 13 ہزار غیر ملکی جنگجو دندناتے پھر رہے ہیں۔ کالعدم ٹی ٹی پی، داعش خراسان اور القاعدہ جیسی تنظیمیں افغان سرزمین کو پاکستان سمیت دیگر ممالک کے خلاف استعمال کر رہی ہیں۔ صرف کالعدم تحریک طالبان پاکستان (ٹی ٹی پی) کے جنگجوؤں کی تعداد 6 سے ساڑھے 6 ہزار کے درمیان ہے۔ رپورٹ کے مطابق اکیلے 2025 کے دوران پاکستان میں ٹی ٹی پی کے 600 سے زائد حملے ریکارڈ کیے گئے جن میں 300 سے زائد افغان شہریوں کے ملوث ہونے کے شواہد بھی سامنے آئے۔ رپورٹ میں انکشاف کیا گیا ہے کہ طالبان کی نوے کی دہائی والی شدت پسندانہ سوچ اور جابرانہ پالیسیوں میں کوئی تبدیلی نہیں آئی۔ معیشت کو 2021 سے اب تک مجموعی طور پر 25 فیصد تک کے شدید سکڑاؤ کا سامنا کرنا پڑا ہے۔ خواتین کے بنیادی حقوق سلب کر لیے گئے ہیں، 11 لاکھ سے زائد لڑکیاں ثانوی تعلیم سے محروم ہیں جبکہ سرکاری ملازمتوں میں خواتین کا تناسب کم ہو کر صرف 21 فیصد رہ گیا ہے۔ صحت اور غذائی قلت کے بحران نے 49 لاکھ افراد کو اپنی لپیٹ میں لے رکھا ہے۔

بقیہ 14

خیالات کا انہوں اظہار انہوں نے جمعہ کے خطباء

کے دوران کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ تمام اہلسنت نے حوثیوں کی جارحیت کے خلاف جمعہ کو یوم احتجاج منایا ہے۔ مسلمانوں چاہیئے کہ اس فتنہ کی سرکوبی کیلئے متحد ہوکر اس کا مقابلہ کریں۔ کیونکہ حرمین شریفین ہماری ریڈ لائن ہے اس پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کریں گے۔ یہود و ہنود کی سازشیں عروج پر پہنچ چکی ہے مسلم امہ کو بیدار ہوکر ان سازشوں کو بے نقاب کرنے کیلئے میدان میں اترنا ہوگا اور مکہ مکرمہ پر جارحیت کرنے والوں کو نیست و نابود کرنا وقت کی اہم ضرورت بن چکا ہے۔ اس سے قبل بھی حرمین شریفین پر ایسی قوتوں نے چڑھائی کی کوشش کی اللہ تعالیٰ نے حفاظت فرمائی۔ حوثیوں اور ان کی پشت پناہی کرنے والے نیست و نابود ہوں گے۔

بقیہ 15

ہے۔ صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے دھماکے میں زخمی ہونے والے افراد کی جلد اور مکمل صحت یابی کے لیے دعا کرتے ہوئے کہا کہ بزدل دہشتگرد اپنے گھناؤنے اور مذموم مقاصد کے حصول کے لیے بے گناہ اور معصوم شہریوں کو نشانہ بنا رہے ہیں۔ انہوں نے دوٹوک الفاظ میں عزم ظاہر کیا کہ ہمارے شہدا کا خون ہرگز رائیگاں نہیں جائے گا، اور اس پاک سرزمین پر امن کا پرچم ہمیشہ سربلند رہے گا۔ بخت محمد کاکڑ نے دکھ اور تکلیف کی اس مشکل گھڑی میں دھماکے سے متاثر ہونے والے تمام خاندانوں سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ وہ غم کی اس گھڑی میں متاثرہ خاندانوں کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔

بقیہ 16

اسکل ڈیولپمنٹ کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کے دوران گفتگو کرتے ہوئے ہیں۔ کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطاء سے معذور افراد کی بحالی اور انہیں ہنرمند شہری بنانے کے حوالے سے سینٹینل لیول پراجیکٹ پر کام کرنیوالی تنظیم کے پراجیکٹ منیجر بابر اقبال نے ملاقات کی کمشنر کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ انکی تنظیم کے بانی جاوید ریکس کو فلاحی خدمات پر حکومت نے تمغہ امتیاز سے نوازا ہے جاب ہماری تنظیم لسبیلہ ڈویژن میں بھی معذور طبقے کے حوالے سے کام کرنا چاہتی ہے انہوں نے بتایا کہ حادثات میں یا قدرتی طور ہر معذور افراد کو فری تھراپی کی سہولت کے علاوہ انہیں مختلف ہنر سکھانے ویل چیئر فراہمی پر بھی کام کیا جارہا ہے کمشنر لسبیلہ ڈویژن نے تنظیم کے فلاحی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ لسبیلہ ڈویژن کی انتظامیہ ویلفیئر پر کام کرنیوالی تنظیموں کی ہر ممکن حوصلہ افزاء کریگی۔ کمشنر نے ہدایات جاری کیں پہلے مرحلے میں نادرا سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ سے مستند ڈیٹا حاصل کیا جائے اور رجسٹریشن ایپ سوشل میڈیا کے ذریعے وائرل کیا جائے تاکہ معذور طبقے کو رجسٹریشن کیلئے سہولت میسر ہو اس سلسلے میں پہلے مرحلے میں لسبیلہ آواران اور حب ڈسٹرکٹ کے معذوران کی رجسٹریشن اور دوسرے مرحلے میں انکی ہنرسازی کے پروگرام پر کام شروع کیا جائیگا۔

بقیہ 17

سنٹرل روڈ پر پیش آیا جہاں نامعلوم ملزمان نے گاڑی کو نشانہ بنایا۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس اور قانون نافذ کرنے والے ادارے کے اہلکار فوری طور پر جائے وقوعہ پر پہنچ گئے، جبکہ مقتول کی لاش کو ضروری کارروائی کے لیے اسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ اس اندوہناک واقعے کے محرکات جاننے کے لیے تمام پہلوؤں سے تحقیقات کا آغاز کر دیا گیا ہے اور ملزمان کی گرفتاری کے لیے چھاپے مارے جارہے ہیں۔

بقیہ 18

مرتضیٰ بھٹو نے اپنے والد شہید ذوالفقار علی بھٹو کے نقش قدم پر چلتے ہوئے عوام کو اصل طاقت سمجھا۔ انہوں نے مشکل ترین دور میں بھی کبھی جمہوریت اور عوام کا ساتھ نہیں چھوڑا اور اپنے اصولوں پر ثابت قدم رہے۔ انہوں نے کہا کہ جب پاکستان میں آمریت کی سیاہ اور تاریک راتیں تھیں، اس وقت شہید میر مرتضیٰ بھٹو نے جرأت کے ساتھ جمہوریت کا نعرہ بلند کیا۔ انہوں نے آمرانہ قوتوں کا ڈٹ کر مقابلہ کیا لیکن سر نہیں جھکایا۔ سینیٹر شیخ بلال احمد خان مندوخیل نے کہا کہ شہید میر مرتضیٰ بھٹو نے کم عمری میں ہی سختیاں برداشت کیں، لیکن کبھی عوام اور جمہوریت کا پرچم جھکنے نہیں دیا۔ جب شہید ذوالفقار علی بھٹو جیل کی صعوبتیں برداشت کر رہے تھے اور شہید محترمہ بے نظیر بھٹو اپنی والدہ بیگم نصرت بھٹو کے ساتھ گھر میں نظر بند تھیں، تب شہید میر مرتضیٰ بھٹو اپنے چھوٹے بھائی شہید شاہنواز بھٹو کے ساتھ جلاوطنی کی صورت میں، بنا کسی جرم کے، سزا کاٹ رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ شہید میر مرتضیٰ بھٹو نے ثابت کیا کہ نظریے کے لیے جلاوطنی بھی اعزاز ہے، سزا نہیں۔ کم عمری میں اتنی بڑی قربانی اور جدوجہد ہی میر مرتضیٰ بھٹو کی عظمت ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہید میر مرتضیٰ بھٹو کی زندگی اس بات کا ثبوت ہے کہ حق کے راستے میں مشکلات حوصلوں کو مزید بلند کرتی ہیں۔ آج ہم اس عظیم رہنما کو یاد کر رہے ہیں جس نے مفاد نہیں بلکہ اصولوں کی سیاست کی۔ سینیٹر شیخ بلال احمد خان مندوخیل نے کہا کہ تاریخ گواہ ہے کہ شہید میر مرتضیٰ بھٹو نے کبھی ضمیر کا سودا نہیں کیا۔ انہوں نے اپنی پوری زندگی عوام کے حقوق، جمہوریت کی بحالی اور ملک میں انصاف کے لیے وقف کردی۔ انہوں نے کہا کہ تین دہائیاں گزرنے کے باوجود شہید میر مرتضیٰ بھٹو آج بھی عوام کے دلوں میں زندہ ہیں اور عوام انہیں عقیدت واحترام سے یاد کرتی ہے۔ شہید میر مرتضیٰ بھٹو کی قربانی اور جدوجہد آنے والی ہر نسل یاد رکھے گی۔ سینیٹر شیخ بلال احمد خان مندوخیل نے کہا کہ آج شہید میر مرتضیٰ بھٹو سالگرہ کے موقع پر انہیں خراج عقیدت پیش کرتا ہوں۔

بقیہ 19

بلا مقابلہ انتخاب صحافی برادری کے باہمی اتحاد، اعتماد اور یکجہتی کا مظہر ہے۔ انہوں نے صدر منتخب ہونے پر حافظ صلاح الدین سلفی، نائب صدر نور شاہ نور، جنرل سیکرٹری ماجد صمد، ڈپٹی جنرل سیکرٹری ایاز اسلم اور فنانس سیکرٹری مقبول ناصر سمیت تمام عہدیداران کو مبارکباد دی۔ انہوں نے کہا کہ تربت پریس کلب مکران بھر میں صحافتی سرگرمیوں کا محور و مرکز ہے جہاں صحافیوں نے ہمیشہ عوامی مسائل، محروم طبقات کی آواز اور علاقائی پسماندگی کو مؤثر انداز میں اجاگر کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے صحافی انتہائی کٹھن، مشکل اور نامساعد حالات میں اپنے پیشہ ورانہ فرائض سرانجام دے رہے ہیں، فرائض کی ادائیگی کے دوران بلوچستان کے بہت سے بہادر صحافیوں نے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا ہے جو صحافتی تاریخ میں ایک روشن باب ہے انہوں نے کہا کہ موجودہ دور میں جب جھوٹی خبروں اور سنسنی کا رجحان بڑھ رہا ہے صحافیوں کی ذمہ داری مزید بڑھ جاتی ہے کہ وہ تحقیق، غیر جانب داری اور صحافتی اخلاقیات کو مقدم رکھیں۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ نئی کابینہ آزادی صحافت کے تحفظ، صحافتی اقدار کے فروغ، صحافیوں کی فلاح و بہبود اور پریس کلب کے انتظامی امور کو مزید فعال بنانے کے لیے بھرپور کردار ادا کرے گی۔

بقیہ 20

ملت جعفریہ آغا سید حامد علی شاہ موسوی اعلیٰ اللہ مقامہ کی تعلیمات اور درس عمل پر چلتے ہوئے سربراہ تحریک نفاذ فقہ جعفریہ علامہ آغا سید حسین مقدسی نے

بقیہ 35

میں شائع ہو چکے ہیں، پاکستان میں خواتین سائنسدانوں کی تعداد 2898 ہے جو کل سائنسدانوں کا صرف 22 فیصد ہے۔ یونیورسٹی آف ٹیکنالوجی کی سابقہ طالبہ ڈاکٹر ارم نازی کی کامیابی پاکستانی خواتین کے لیے ایک نئی امید کی کرن ہے۔

بقیہ 40

انتظامات، پولیو ٹیموں کی بروقت تعیناتی، سیکیورٹی

NOTICE INVITING TENDER

The office of Executive Engineer (Roads) CW, PP&H Department District Sohbat pur invites sealed bids from eligible bidders based on CSR-2026 on National Competitive Bidding (NCB) who can prove their eligibility and qualification as mentioned in the Bidding Documents for the works mentioned below.

Earnest Money 2% in shape of call deposit, Tender Fee Rs.2000/- (in shape of green challan form deposited in head of account C-02716) and Tentative Time Limit 24-Months (Working).

S. No.	Name of Work	Estimated cost	E/Money
1	REHABILITATION OF BT ROAD CHATTAN PATTI TO JIYANI DIP LENGTH 12.00 KM DISTRICT SOHBAT PUR. PSDP NO. 1196 Z2026 0178 TSE-2627091195903	408.430-M	81,70,000

ONLY ELECTRIC BID WILL BE SUBMITTED, NO PHYSICAL BID IS REQUIRED Bidding process of aforementioned works shall be carried out in accordance with the rules of Balochistan Public Procurement Authorities 2014 & Pakistan Engineering Council By-Laws. **BASIC ELIGIBILTIY**: The contractors must have valid Registration of firm with PEC in category **C3 and above** with specialization codes **CE01 and CE10** in relevant discipline. and registration along with till date renewal with Tax Authorities i.e. (NTN, Sales Tax Department and BRA), where applicable. **The prospect bidder(s) must meet the eligibility / qualifying criteria as mentioned in the bidding document. METHOD OF PROCUREMENT**: Single Stage Two Envelope Bidding Procedure. **BIDDING/TENDER DOCUMENTS ISSUANCE**: The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk. complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk. **BID SECURITY & FEE.** The contractors/Firms who obtain bidding document by downloading them from BPPRA website will also be required to produce deposited green challan form of above mentioned fee under head C-02716 in the Bank of NBP sohbat pur. The bids must have accompanied Bid Security with "Technical Bid" for the work in the form of Call at Deposit above in the name of the undersigned from a Scheduled Bank. **DEAD LINE OF SUBMISSION**: Bid can only be submitted electronically latest by **07 October, 2026 till 11:00 AM** through supplier dashboard. **OPENING OF BID(S)**: Envelope containing "Technical Bid" will be opened on the same day i.e. **07 October 2026** at **12:00 PM** on EPPS System. Second Envelope containing **"Financial Bid"** of technically qualified bidder(s) will be opened later, the date of which will be communicated after evaluation of the Technical Bids. Financial Proposals of Technically non-qualified bidders will be automatically dropped/withdrawn from EPPS in Financial opening of Bid procedure. **BID VALIDITY**: **Ninety (90) daysPLACE OF ISSUANCE AND SUBMISSION**: Executive Engineer (Roads) CW,PP&H Department District Sohbat pur Telephone No. **0838603044**, Fax no, 0838603044 Email : abdulsattarbangulzai89@gmail.com

TERMS & CONDITIONS: Terms & Conditions are mentioned (incorporated) in detail in Bidding Documents. The bidders providing unsubstantiated and / or incorrect information will be liable to disqualification and / or legal action.

DPRQ/PRQ No.1451/18-09-2026

EXECUTIVE ENGINEER(ROADS)
CW, PP&H DEPARTMENT DISTRICT SOHBAT PUR

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

صوبائی وزیر پی اینڈ ڈی میر ظہور احمد بلیدی، نادر گل بڑیچ کی پی ڈی اوز پی ایف کے زیر اہتمام امن و مذہبی ہم آہنگی کے عنوان سے سیمینار کے شرکا کو شیلڈز دے رہے ہیں

نصیر احمد کاکڑ پر مسلح افراد کا تشدد قابل مذمت ہے، بیلہ پریس کلب

تصفیہ کرانے جانے والے صحافی اور دیگر افراد پر حملہ آور کو سنگین نتائج کی دھمکیاں دی گئیں

بیلہ (یو این اے) عوامی پریس کلب (رجسٹرڈ) بیلہ کی جانب سے سینئر صحافی اور یو این اے کے بیورو چیف نصیر احمد کاکڑ پر مسلح افراد کے تشدد کی شدید الفاظ میں مذمت کی گئی [illegible]

وفاقی وزیر اورنگزیب خان سے عبدالفتاح جمالی اور یونس بلوچ کی ملاقات

بلوچستان کا تاریخی ورثہ، ہماری شناخت اور قومی ذمہ داری ہے

[illegible] صرف رقبے کے اعتبار سے پاکستان کا بڑا صوبہ نہیں بلکہ یہ ہزاروں سال پر محیط انسانی تہذیب، تاریخ اور ثقافت کا امین بھی ہے۔ مہر گڑھ جیسا عالمی اہمیت کا حامل آثار قدیمہ کا مقام بلوچستان کی اس قدیم تہذیبی عظمت کی واضح مثال ہے۔ مہر گڑھ میں انسانی آبادی کے آثار ساتویں سے تیسری ہزار سال قبل مسیح تک پھیلے ہوئے ہیں اور یہ مقام یونیسکو کی عالمی ورثے کی عارضی فہرست میں بھی شامل ہے۔ [illegible] اس امر کی ہے کہ بلوچستان کے تاریخی ورثے کو صرف ماضی کی یادگار نہیں بلکہ مستقبل کی معیشت، سیاحت، تحقیق اور نوجوان نسل کی علمی تربیت کا ذریعہ بنایا جائے۔ وفاق اور صوبے کے متعلقہ اداروں کے درمیان مؤثر رابطہ، تاریخی مقامات کی بحالی، مناسب سیکیورٹی، میوزیمز کا قیام اور ملکی و غیر ملکی سیاحوں کے لیے سہولیات اس سلسلے میں اہم اقدامات ہو سکتے ہیں۔

صحافیوں کو دبانا، تشدد کا نشانہ بنانا تشویشناک ہے

[illegible]

نئی واٹر سپلائی اسکیمیں بی ایس ڈی آئی فیز 4 میں شامل کر لی گئی ہیں، پی ایچ ای ترجمان

کوہلو (یو این اے) بلوچستان کے ضلع کوہلو کے تمبو ایریا میں قلتِ آب کے مسئلے پر محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کے ترجمان نے وضاحت جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ مذکورہ علاقے میں محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کی جانب سے اس سے قبل کوئی واٹر سپلائی اسکیم موجود نہیں تھی۔ ترجمان کے مطابق عوام کو درپیش مشکلات اور پانی کی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کی جانب سے BSDI فیز 4 میں تمبو ایریا کے لیے واٹر سپلائی اسکیمیں شامل کر لی گئی ہیں۔ ترجمان کا کہنا ہے کہ مذکورہ اسکیموں کی شمولیت سے علاقے میں پینے کے صاف پانی کی فراہمی کے مسائل کے حل میں مدد ملے گی اور عوام کو درپیش مشکلات میں کمی آئے گی۔

صحبت پور، پینے کے صاف پانی کے ٹینکرز کی ہڑتال سے عوام مشکلات کا شکار

واٹر سپلائی کا پانی غیر معیاری ہے، جرواہل چیک پوسٹ پر ڈرائیوروں کو تنگ کیا جا رہا ہے

[illegible]

کوئٹہ، وفاقی وزیر اورنگزیب خان کھچی سے کوئٹہ سرینا ہوٹل میں عبدالفتاح جمالی، یونس بلوچ اور محب ترین ملاقات کر رہے ہیں

ژوب سگوئی میں طوفانی بارش کے باعث بڑے پیمانے پر نقصانات ہوئے ہیں، پشتونخوا عوامی پارٹی

ژوب (آن لائن) [illegible] جائے۔ پارٹی نے کہا کہ قدرتی آفت کی اس مشکل گھڑی میں متاثرہ عوام کو تنہا نہیں چھوڑا جا سکتا۔ حکومت اور متعلقہ اداروں کی ذمہ داری ہے کہ وہ فوری طور پر متاثرہ علاقوں میں امدادی سرگرمیاں شروع کریں اور جن خاندانوں کے مکانات، فصلوں اور مال مویشیوں کو نقصان پہنچا ہے، انہیں مناسب مالی و ہنگامی معاونت فراہم کی جائے۔

صحبت پور، سینئر صحافی نصیر کاکڑ پر حملے کی شدید مذمت

صحافیوں پر حملے اور جھوٹے مقدمات کا اندراج معمول بن چکا ہے

صحبت پور (یو این اے) [illegible]

صحافیوں کو تحفظ فراہم کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے، فرید احمد بلوچ

سینئر صحافی نصیر احمد کاکڑ پر مبینہ تشدد انتہائی قابل مذمت ہے، ملوث افراد کے خلاف کارروائی کی جائے

گنداخہ (یو این اے) [illegible] اطلاعات کے مطابق نصیر احمد کاکڑ کو ایک گھریلو تنازع کے پرامن تصفیے کے سلسلے میں باری کاکڑ نامی شخص نے دیگر افراد کے ہمراہ بلوایا تھا، جہاں مبینہ طور پر ان کے ساتھ بدترین تشدد کیا گیا اور انہیں سنگین نتائج کی دھمکیاں دی گئیں۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ صحافی معاشرے میں حقائق عوام تک پہنچانے اور بنیادی مسائل کی عکاسی کرنے میں انتہائی اہم کردار ادا کرتے ہیں، اس [illegible] تاکہ صحافیوں کے عملی تحفظ اور معاشرے میں قانون کی بالادستی کو یقینی بنایا جا سکے۔ فرید احمد بلوچ نے سینئر صحافی نصیر احمد کاکڑ کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے دوٹوک الفاظ میں کہا کہ تحصیل پریس کلب گنداخہ ہر لمحہ اپنی صحافتی برادری کے شانہ بشانہ کھڑا ہے اور صحافیوں کے تحفظ، عزت و وقار اور آزادی اظہار کے لیے ہر آئینی و قانونی فورم پر بھرپور آواز بلند کی جائے گی۔

صحافیوں کو دبانا اور تشدد کرنا دہشت گردی ہے، ارکان پریس کلب

قلعہ عبداللہ (یو این اے) پریس کلب قلعہ عبداللہ کے ارکان نے سینئر صحافی نصیر احمد پر گزشتہ روز ہونے والے حملے اور تشدد کی پرزور الفاظ میں سخت مذمت کی ہے۔ رہنماں نے اپنے بیان میں دوٹوک الفاظ میں کہا ہے کہ کسی بھی معاملے میں دلائل اور بات چیت کے بجائے تشدد کا راستہ اپنانا صریحاً دہشت گردی کے مترادف ہے، اور پریس کلب اس قبیح فعل کی بھرپور مذمت کرتا ہے۔ پریس کلب کے ارکان نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ صحافی نصیر احمد اکیلے نہیں ہیں بلکہ صوبے بھر کی تمام صحافی برادری ان کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ انہوں نے آئی جی پولیس بلوچستان، وزیر اعلیٰ بلوچستان اور دیگر متعلقہ اعلیٰ حکام سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ اس واقعہ کی فوری طور پر شفاف تحقیقات کی جائیں اور صحافی پر تشدد کے اس واقعے میں ملوث تمام ملزمان کو جلد از جلد گرفتار کر کے عبرتناک قانونی سزا دی جائے۔

بختیار آباد، پانی کی شدید قلت سے شہر کربلا کا منظر پیش کرنے لگا

پائپ لائنز کی خرابی اور عملے کی غفلت سے عوام بوند بوند کو ترس گئے

بختیار آباد (یو این اے) بختیار آباد شہر اور گردونواح میں پانی کی شدید قلت کے باعث شہر کربلا کا منظر پیش کرنے لگا۔ عوامی حلقوں نے کچھی واٹر سپلائی اسکیم فیز 1 کے بعد فیز 2 کو بھی ناکام قرار دیتے ہوئے کہا کہ حکومت بلوچستان کا میگا پروجیکٹ بدعنوانی کی نذر ہو چکی ہے جس کی وجہ سے حکومت بلوچستان کے کروڑوں روپے ضائع ہو گئے ہیں۔ میگا پروجیکٹ کچھی پلین واٹر سپلائی اسکیم شہریوں کو پینے کا پانی فراہم کرنے میں مکمل ناکام ہو چکی ہے شہری پانی کی بوند بوند کو ترس گئے ہیں۔ بختیار آباد، بھاگ ناڑی اور گردونواح کی عوام پینے کے پانی کے لیے شدید پریشان ہیں۔ پچھلے کئی ہفتوں سے بختیار آباد شہر اور گردونواح کی آبادی کو پانی کی سپلائی معطل ہے جس کے باعث عوام اور شہری پانی کے لیے ذلیل و خوار ہیں اور سارا دن پانی کی تلاش میں سرگرداں ہیں۔ عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ کچھی واٹر سپلائی اسکیم کے آفیسران اور عملے کی ملی بھگت نے شہریوں کو پانی کی بوند بوند کا محتاج بنا دیا ہے۔ کچھی واٹر سپلائی اسکیم شہریوں کے لیے درد سر بن گئی ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ آفیسران اور عملہ آئے روز مین پائپ لائن لیکج، موٹر کی خرابی، اور بجلی کے مسائل بتا کر عوام کو پانی سے محروم رکھے ہوئے ہیں۔ شہری سارا دن گیلن اٹھا کر پانی کے لیے سرگرداں ہوتے ہیں جبکہ کچھی واٹر سپلائی اسکیم کے آفیسران کے کانوں میں جوں تک نہیں رینگتی۔ عوامی حلقوں نے ایم پی اے سبی سردار کوہیار خان ڈومکی، صوبائی وزیر پی ایچ ای، چیف سیکرٹری بلوچستان، سیکرٹری پی ایچ ای، کمشنر و ڈپٹی کمشنر سبی اور حکام بالا سے نوٹس لے کر بختیار آباد شہر اور گردونواح کے شہریوں کو پانی کی فراہمی یقینی بنانے اور کچھی واٹر سپلائی اسکیم کو ناکام بنانے والے آفیسران و عملے کے خلاف محکمانہ کارروائی کرنے کی اپیل کی ہے۔

اوتھل، گورنمنٹ بوائز مڈل اسکول گوٹھ گلانی میں کلاس رومز کی شدید کمی

اسکول کو مڈل کا درجہ ملنے کے باوجود عمارت تعمیر نہ ہو سکی، سیلاب سے متاثرہ کمرے ناقابل استعمال

اوتھل (یو این اے) گورنمنٹ بوائز مڈل اسکول گوٹھ گلانی میں کلاس رومز کی شدید کمی طلبا اور اساتذہ کے لیے پریشانی کا باعث بن گئی ہے۔ اسکول کو سال 2014-15 میں مڈل کا درجہ دیے جانے کے باوجود تاحال طلبا کے لیے نئے کلاس رومز تعمیر نہیں کیے جا سکے، جس کے باعث بچے ٹینٹوں اور جھونپڑیوں میں بیٹھ کر تعلیم حاصل کرنے پر مجبور ہیں۔ ذرائع کے مطابق گورنمنٹ بوائز مڈل اسکول گوٹھ گلانی ایک قدیم تعلیمی ادارہ ہے، تاہم عدم توجہی کے باعث یہ اسکول متعدد مسائل کا شکار ہو چکا ہے۔ اسکول کو مڈل کا درجہ ملے ایک دہائی سے زائد عرصہ گزر چکا ہے، لیکن اس کے باوجود مڈل کلاسز کے طلبا کے لیے مطلوبہ کلاس رومز کی تعمیر کا مسئلہ حل نہیں کیا گیا۔ اسکول میں اس وقت دستیاب تین کمرے اس وقت تعمیر کیے گئے تھے جب یہ ادارہ صرف پرائمری اسکول کی حیثیت رکھتا تھا۔ 2022 کے تباہ کن سیلاب کے دوران ان کمروں کی عمارت کو شدید نقصان پہنچا اور دیواروں میں دراڑیں پڑنے کے باعث یہ کمرے اب درس و تدریس کے لیے قابل استعمال نہیں رہے۔ کلاس رومز کی عدم دستیابی کے باعث طلبا کو شدید مشکلات کا سامنا ہے، جبکہ اساتذہ کے لیے بھی تدریسی سرگرمیاں جاری رکھنا دشوار ہو گیا ہے۔ خراب اور غیر محفوظ عمارت کے باعث بچوں کی تعلیمی ضروریات پوری نہیں ہو رہیں اور ان کی تعلیم متاثر ہونے کا خدشہ ہے۔ اساتذہ اور اوتھل کے عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ اسکول کی حالت فوری توجہ کی متقاضی ہے۔ ان کے مطابق متعلقہ حکام کو متعدد مرتبہ مسائل، بالخصوص کلاس رومز کی کمی اور سیلاب سے متاثرہ کمروں کی خستہ حالی سے آگاہ کیا جا چکا ہے، تاہم تاحال اس مسئلے کے مستقل حل کے لیے مؤثر اقدامات سامنے نہیں آئے۔ انہوں نے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، وفاقی وزیر تجارت نواب جام کمال خان عالیانی اور سیکرٹری پارلیمانی امور میر زرین خان مگسی سے مطالبہ کیا ہے کہ گورنمنٹ بوائز مڈل اسکول گوٹھ گلانی کے لیے فوری طور پر نئے کلاس رومز کی تعمیر کے انتظامات کیے جائیں اور سیلاب سے متاثرہ عمارت کا بھی جائزہ لے کر ضروری اقدامات کیے جائیں، تاکہ طلبا محفوظ اور مناسب کلاس رومز میں تعلیم حاصل کر سکیں۔ عوامی حلقوں نے امید ظاہر کی ہے کہ صوبائی و متعلقہ حکام اس قدیم تعلیمی ادارے کے مسائل کا فوری نوٹس لیتے ہوئے کلاس رومز کی تعمیر اور اسکول کی بحالی کے لیے عملی اقدامات کریں گے۔

بیزن پور میں منشیات فروشوں کی مبینہ سرگرمیوں سے اہلِ محلہ پریشان

نال (آن لائن) بیزن پور میں منشیات فروشوں کی مبینہ سرگرمیوں سے اہل محلہ پریشان، پولیس سے کارروائی کا مطالبہ نال کے علاقے بیزن پور میں منشیات فروشوں کی مبینہ سرگرمیوں کے باعث اہل محلہ شدید پریشانی میں مبتلا ہیں۔ علاقہ مکینوں کے مطابق رات کے اوقات میں منشیات کے عادی افراد گلیوں میں گھومتے نظر آتے ہیں، بعض منشیات کے عادی منشیات کے لیے رقم نہ ہونے پر گھروں سے قیمتی سامان چوری کر کے اسے فروخت کرتے ہیں۔ منشیات کے پھیلاؤ سے نوجوان نسل کا مستقبل داؤ پر لگ رہا ہے، مگر صورتحال کے باوجود مؤثر کارروائی نظر نہیں آ رہی۔ شہریوں نے نال پولیس سے مطالبہ کیا ہے کہ بیزن پور میں منشیات فروشوں کے خلاف فوری اور بلا امتیاز کارروائی کی جائے۔

اوستا محمد، جمعیت علما اسلام کا مکہ مکرمہ پر حملے کی شدید مذمت

سعودی عرب کے مقدس مقامات کے تحفظ پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جا سکتا، مسلم ممالک کو اتحاد کا مظاہرہ کرنا ہوگا

گنداخہ (یو این اے) جمعیت علما اسلام ضلع اوستا محمد کے امیر صوفی خداوند بخش چنہ، جنرل سیکرٹری میر نعیم خان عمرانی اور دیگر کابینہ اراکین نے کہا ہے کہ مکہ مکرمہ پر حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ پوری امت مسلمہ کے لیے انتہائی مقدس اور روحانی مراکز کی حیثیت رکھتے ہیں، جن کے تقدس اور احترام پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جا سکتا۔ حرمین شریفین کے خلاف کسی بھی قسم کی جارحیت، پیش قدمی یا مقدس مقامات کو نشانہ بنانے کی کوشش کو امت مسلمہ کے جذبات اور مذہبی عقیدے کے خلاف سنگین اقدام تصور کیا جائے گا۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ سعودی عرب کے مقدس مقامات سے متعلق سامنے آنے والی کسی بھی دھمکی یا خطرے کو معمولی معاملہ نہیں سمجھا جا سکتا۔ خصوصاً مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کا تحفظ اور تقدس دنیا بھر کے مسلمانوں کے لیے غیر معمولی اہمیت رکھتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کسی بھی فریق کی جانب سے حرمین شریفین یا سعودی عرب کے مقدس مقامات کو نشانہ بنانے کی کوشش انتہائی تشویشناک اور ناقابل قبول ہوگی۔ جے یو آئی رہنماں نے کہا کہ حرمین شریفین کے تحفظ اور تقدس کے معاملے پر امت مسلمہ کو اتحاد، یکجہتی اور باہمی تعاون کا مظاہرہ کرنا چاہیے۔ مسلم ممالک کو موجودہ حساس صورتحال میں سفارتی اور سیاسی سطح پر واضح مؤقف اختیار کرتے ہوئے مقدس مقامات کے تحفظ کے لیے اپنا کردار ادا کرنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان برادرانہ، مذہبی اور تاریخی تعلقات قائم ہیں، اس لیے پاکستان سمیت تمام مسلم ممالک کو سعودی عرب کی سلامتی اور حرمین شریفین کے تحفظ کے حوالے سے اپنی ذمہ داریاں بھرپور انداز میں ادا کرنی چاہئیں۔ انہوں نے عالمی برادری پر بھی زور دیا کہ مقدس مقامات کے تقدس اور شہریوں کی سلامتی کے اصولوں کا احترام یقینی بنانے کے لیے مؤثر کردار ادا کیا جائے۔ صوفی خداوند بخش چنہ، میر نعیم خان عمرانی اور دیگر رہنماں نے کہا کہ جمعیت علما اسلام ضلع اوستا محمد بلوچستان کے کارکنان حرمین شریفین کے تقدس کے حوالے سے اپنے جذبات اور مؤقف ہر پرامن و آئینی فورم پر اجاگر کرتے رہیں گے۔ سعودی عرب اور پاکستانی عوام کے درمیان برادرانہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کی ضرورت ہے اور کسی بھی مشکل گھڑی میں باہمی یکجہتی، امن اور بھائی چارے کو فروغ دینا وقت کا اہم تقاضا ہے۔

میر صادق سنجرانی: بلوچستان کی سیاست سے ایوانِ بالا کی قیادت تک ایک سیاسی سفر، پارلیمانی تجربہ اور مستقبل کے امکانات

تحریر: چوہدری شبیر بلوچستانی

پاکستان کی سیاست میں بعض شخصیات ایسی ہوتی ہیں جن کا سیاسی سفر روایتی راستوں سے ہٹ کر آگے بڑھتا ہے۔ وہ بڑے سیاسی خاندانوں کی طویل تاریخ کے بغیر قومی منظرنامے پر اپنی جگہ بناتی ہیں اور پھر ایسے مناصب تک پہنچ جاتی ہیں جہاں ان کی شخصیت محض ان کی اپنی ذات کی نمائندگی نہیں کرتی بلکہ ایک پورے خطے کی علامت بن جاتی ہے۔ میر محمد صادق سنجرانی کا سیاسی سفر بھی اسی نوعیت کی ایک مثال ہے۔ بلوچستان کے ضلع چاغی کے علاقے نوکنڈی سے تعلق رکھنے والے صادق سنجرانی نے اپنی سیاسی زندگی کا آغاز نسبتاً کم عمری میں کیا اور وقت کے ساتھ پاکستان کی پارلیمانی سیاست کے اہم ترین عہدے، چیئرمین سینیٹ، تک پہنچے۔

صادق سنجرانی کی سیاست میں آمد کو سمجھنے کے لیے ان کے ابتدائی سیاسی تجربے کو نظرانداز نہیں کیا جا سکتا۔ 1998 میں انہوں نے اس وقت کے وزیراعظم میاں محمد نواز شریف کی ٹیم کے ساتھ بطور کوآرڈینیٹر کام کیا۔ اس ابتدائی تجربے نے انہیں وفاقی سیاست، حکومتی معاملات اور سیاسی رابطہ کاری کو قریب سے دیکھنے کا موقع فراہم کیا۔ بعد کے برسوں میں انہوں نے مختلف سیاسی اور انتظامی ذمہ داریوں کے ذریعے اپنا تجربہ بڑھایا۔ یوں ان کا سیاسی سفر صرف انتخابی سیاست سے شروع نہیں ہوا بلکہ وفاقی سطح پر کام کرنے اور مختلف سیاسی حلقوں سے رابطہ رکھنے کا تجربہ بھی اس کا حصہ رہا۔

2018 ان کی سیاسی زندگی کا فیصلہ کن سال ثابت ہوا۔ وہ بلوچستان سے سینیٹر منتخب ہوئے اور 12 مارچ 2018 کو چیئرمین سینیٹ کا منصب سنبھالا۔ اس انتخاب کی تاریخی اہمیت اس لیے بھی تھی کہ وہ بلوچستان سے تعلق رکھنے والے پہلے چیئرمین سینیٹ بنے۔ اس وقت ان کی عمر 39 برس تھی اور وہ سینیٹ کے کم عمر ترین چیئرمین بھی قرار پائے۔ انہوں نے 103 میں سے 57 ووٹ حاصل کیے، جبکہ ان کے مقابل مسلم لیگ (ن) کے امیدوار راجہ ظفر الحق کو 46 ووٹ ملے۔

یہ کامیابی محض صادق سنجرانی کی ذاتی سیاسی کامیابی نہیں تھی۔ بلوچستان جیسے صوبے کے لیے، جس کے بارے میں ہمیشہ یہ شکایت رہی ہے کہ قومی فیصلہ سازی میں اسے اس کے حجم، وسائل اور آبادی کے تناسب سے مناسب سیاسی وزن نہیں ملتا، ایک بلوچ سیاست دان کا ملک کے ایوانِ بالا کی سربراہی تک پہنچنا ایک اہم سیاسی علامت تھا۔

ان کے پہلے دور میں ایک بڑا سیاسی امتحان 2019 میں آیا، جب ان کے خلاف چیئرمین سینیٹ کے منصب سے ہٹانے کے لیے تحریکِ عدم اعتماد پیش کی گئی۔ بظاہر ان کے خلاف عددی ماحول موجود تھا، لیکن خفیہ رائے شماری میں تحریک کامیاب نہ ہو سکی۔ اس واقعے نے صادق سنجرانی کی سیاسی بقا، مختلف جماعتوں کے ارکان سے رابطہ رکھنے اور ایوان کے اندر اپنی پوزیشن برقرار رکھنے کی صلاحیت کو نمایاں کیا۔

مارچ 2021 میں ان کے سیاسی سفر کا دوسرا بڑا سنگِ میل سامنے آیا، جب وہ دوسری مرتبہ چیئرمین سینیٹ منتخب ہو گئے۔ اس مرتبہ ان کے مقابل سابق وزیراعظم اور تجربہ کار پارلیمنٹیرین یوسف رضا گیلانی تھے۔ صادق سنجرانی کی دوبارہ کامیابی اس بات کا ثبوت تھی کہ وہ صرف ایک مرتبہ بننے والے چیئرمین نہیں رہے بلکہ انہوں نے سینیٹ کے اندر اپنی سیاسی قبولیت اور رابطہ کاری کی بنیاد پر دوبارہ یہ منصب حاصل کیا۔

ان کے تقریباً چھ سالہ دورِ چیئرمین شپ کو صرف سیاسی تنازعات یا انتخابی کامیابیوں کے پیمانے سے دیکھنا مناسب نہیں ہوگا۔ سینیٹ بنیادی طور پر وفاق کی اکائیوں کے درمیان سیاسی توازن، قانون سازی، پارلیمانی نگرانی اور قومی مکالمے کا ادارہ ہے۔ اس منصب پر بلوچستان سے آنے والے چیئرمین کی موجودگی خود ایک اہم سیاسی پیغام تھی کہ وفاقی پاکستان کی سیاست میں بلوچستان کی آواز صرف احتجاج یا محرومی کے بیانیے تک محدود نہیں بلکہ قومی اداروں کی قیادت تک بھی پہنچ سکتی ہے۔

صادق سنجرانی کے دور کا ایک مثبت پہلو پارلیمانی سفارت کاری اور بین الاقوامی پارلیمانی رابطوں پر بھی توجہ رہا۔ انہوں نے پاکستان کے پارلیمانی مؤقف کو عالمی پارلیمانی فورمز پر اجاگر کرنے کی کوشش کی۔ ان کے دور میں بین الاقوامی پارلیمانی تعاون کو بھی اہمیت ملی، جس سے یہ تصور آگے بڑھا کہ پارلیمان صرف قانون سازی کا ادارہ نہیں بلکہ پاکستان کے عالمی سفارتی رابطوں میں بھی معاون کردار ادا کر سکتی ہے۔

ان کی شخصیت کا ایک اور نمایاں پہلو سیاسی رابطہ کاری ہے۔ صادق سنجرانی نے مختلف سیاسی قوتوں کے ساتھ کام کیا اور سخت سیاسی تقسیم کے ماحول میں بھی رابطے برقرار رکھنے کی کوشش کی۔ پاکستان جیسے ملک میں، جہاں سیاسی اختلاف اکثر ذاتی دشمنی کی شکل اختیار کر لیتا ہے، ایسے سیاست دانوں کی ضرورت ہمیشہ رہتی ہے جو اختلاف کے باوجود مکالمے کا دروازہ کھلا رکھ سکیں۔

2024 میں ان کے سیاسی سفر نے ایک نیا رخ اختیار کیا۔ سینیٹ کی طویل ذمہ داری کے بعد وہ بلوچستان اسمبلی کے رکن منتخب ہوئے اور یوں وفاقی سطح پر تقریباً چھ سال تک ایوانِ بالا کی قیادت کرنے والا سیاست دان دوبارہ صوبائی سیاست کے میدان میں آ گیا۔

یہ مرحلہ دراصل صادق سنجرانی کے لیے ایک نئے امتحان کی ابتدا ہے۔

سوال یہ نہیں کہ وہ ماضی میں چیئرمین سینیٹ رہے؛ اصل سوال یہ ہے کہ وہ اپنے اس غیر معمولی پارلیمانی تجربے کو بلوچستان کے مستقبل کے لیے کس طرح استعمال کرتے ہیں؟

بلوچستان کو آج ایسے سیاسی کرداروں کی ضرورت ہے جو کوئٹہ اور اسلام آباد کے درمیان مؤثر سیاسی پل بن سکیں۔ صوبے کے مسائل صرف ترقیاتی فنڈز یا چند بڑے منصوبوں تک محدود نہیں۔ روزگار، تعلیم، صحت، معدنی وسائل، نوجوانوں کا مستقبل، امن و امان، سیاسی نمائندگی، وفاقی و صوبائی تعلقات اور قومی اداروں پر اعتماد جیسے معاملات ایک جامع سیاسی حکمت عملی کا تقاضا کرتے ہیں۔

صادق سنجرانی کے پاس اس کردار کے لیے ایک منفرد تجربہ موجود ہے۔ انہوں نے وفاقی دارالحکومت میں طاقت کے مراکز اور پارلیمانی سیاست کو قریب سے دیکھا ہے، سینیٹ کی صدارت کی ہے، مختلف سیاسی جماعتوں کے ساتھ کام کیا ہے اور خود بلوچستان کی سیاست کے زمینی حقائق سے تعلق رکھتے ہیں۔ اگر وہ ان تمام تجربات کو ایک مربوط سیاسی وژن میں تبدیل کریں تو وہ بلوچستان میں ایک مؤثر رابطہ کار، مفاہمتی سیاست دان اور وفاقی سطح پر صوبے کے مضبوط ترجمان کا کردار ادا کر سکتے ہیں۔

پاکستان کی موجودہ سیاست کو بھی ایسے ہی کرداروں کی ضرورت ہے۔ ملک کو مسلسل محاذ آرائی، سیاسی عدم برداشت اور ایک دوسرے کو مکمل طور پر مسترد کرنے کی سیاست سے آگے بڑھنا ہوگا۔ سیاسی اختلاف اپنی جگہ، جمہوریت کا لازمی حصہ ہے، لیکن قومی مفاد کے معاملات پر مکالمہ اور اتفاق رائے بھی انتہائی ضروری ہے۔

صادق سنجرانی کے لیے مستقبل میں سب سے بڑا سیاسی چیلنج یہی ہوگا کہ وہ اپنے ماضی کے عہدوں کو صرف اعزاز کے طور پر یاد رکھنے کے بجائے انہیں مستقبل کی سیاسی ذمہ داری میں تبدیل کریں۔ بلوچستان کے نوجوانوں کو امید، صوبے کو وفاق میں مضبوط آواز اور پاکستان کو ایسی سیاست کی ضرورت ہے جو تقسیم کے بجائے رابطے پیدا کرے۔

میر صادق سنجرانی کی سیاسی کہانی ابھی ختم نہیں ہوئی۔ دو مرتبہ چیئرمین سینیٹ منتخب ہونا، بلوچستان سے اس منصب تک پہنچنے والے پہلے سیاست دان بننا، طویل عرصے تک ایوانِ بالا کی قیادت کرنا اور پھر صوبائی سیاست میں واپس آنا۔۔۔ یہ سب ان کے سیاسی سفر کے اہم ابواب ہیں۔ اب اگلا باب ان کے اپنے فیصلوں سے لکھا جائے گا۔

اگر وہ بلوچستان کی محرومیوں کو قومی پالیسی کے ایجنڈے میں تبدیل کرنے، وفاق اور صوبے کے درمیان اعتماد بڑھانے، نوجوان نسل کو سیاسی عمل میں شامل کرنے اور مختلف سیاسی قوتوں کے درمیان مکالمے کو فروغ دینے میں کامیاب ہوتے ہیں تو آنے والے برسوں میں ان کا کردار محض سابق چیئرمین سینیٹ تک محدود نہیں رہے گا۔ وہ بلوچستان اور پاکستان کی سیاست میں ایک ایسے سیاسی پل کے طور پر ابھر سکتے ہیں جو صوبائی احساسِ محرومی کو قومی مکالمے، سیاسی مفاہمت اور عملی ترقی کے راستے سے جوڑنے میں اہم کردار ادا کرے۔

بلوچستان کو صرف طاقتور آوازوں کی نہیں، سمجھنے، سننے اور جوڑنے والی سیاسی قیادت کی ضرورت ہے۔ میر صادق سنجرانی کے پاس اس کردار کو ادا کرنے کا تجربہ بھی ہے، موقع بھی اور سیاسی پس منظر بھی۔ اب تاریخ یہ دیکھے گی کہ وہ اس موقع کو کس قدر دور اندیشی کے ساتھ استعمال کرتے ہیں۔

صحافی نصیر احمد پر حملہ آزادی صحافت پر حملہ ہے، ملزمان کو فوری گرفتار کیا جائے، فرحان بھنگر

حب (یو این اے) یو این اے حب کے نمائندے فرحان بھنگر نے سینئر صحافی اور یو این اے کے بیورو چیف نصیر احمد پر مبینہ تشدد، بدسلوکی اور سنگین نتائج کی دھمکیوں کی شدید ترین الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایک صحافی پر حملہ دراصل آزادی صحافت اور معاشرے میں قانون کی بالادستی پر حملہ ہے، جسے کسی صورت برداشت نہیں کیا جا سکتا۔ فرحان بھنگر نے کہا کہ نصیر احمد ایک گھریلو تنازع کو پرامن طریقے سے حل کرانے کے لیے گئے تھے، لیکن ان کے ساتھ مبینہ طور پر جو سلوک کیا گیا وہ انتہائی افسوسناک، قابل مذمت اور ناقابل برداشت ہے۔ جو لوگ کسی معاملے کو حل کرنے کے لیے آنے والے افراد پر ہی حملہ آور ہو جائیں اور پھر انہیں سنگین نتائج کی دھمکیاں دیں، ان کے اس طرز عمل کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے انہوں نے کہا کہ صحافی کو تشدد کا نشانہ بنانا، دھمکانا یا خوفزدہ کرنا کسی صورت قابل قبول نہیں۔ اختلاف یا ناراضی کا جواب تشدد نہیں بلکہ قانون کے دائرے میں رہ کر دیا جا سکتا ہے۔ کسی فرد کو یہ اختیار حاصل نہیں کہ وہ قانون کو اپنے ہاتھ میں لے اور دوسروں کو خوفزدہ کرے۔

پنجگور، سینئر صحافی نصیر احمد کاکڑ پر تشدد آزادی اظہار رائے پر حملہ ہے

پنجگور (یو این اے) پنجگور پریس کلب نے بلوچستان کے سینئر صحافی اور یونیورسل نیوز ایجنسی کے بیورو چیف نصیر احمد کاکڑ پر تشدد کے واقعے پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے شدید الفاظ میں مذمت کی ہے اسے آزادی اظہار رائے صحافی برادری کے بنیادی حقوق پر سنگین حملہ قرار دیا ہے پنجگور پریس کلب نے کہا کہ صحافی معاشرے کی آنکھ کان اور آواز ہوتے ہیں جو عوامی مسائل ناانصافیوں اور دیگر اہم معاملات کو اجاگر کر کے ذمہ دار اداروں اور حکام تک عوام کی آواز پہنچاتے ہیں کسی صحافی کو مبینہ طور پر تشدد دھمکی یا دباؤ کا نشانہ بنانا نہ صرف قابل افسوس بلکہ انتہائی تشویشناک امر ہے۔

نصیر کاکڑ پر تشدد صحافت پر حملہ ہے، بی ایم ایف

سینئر صحافی نصیر احمد کاکڑ پر تشدد کے خلاف بلوچستان میڈیا فورم کا شدید احتجاج، یکجہتی کا اظہار

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان میڈیا فورم نے سینئر صحافی و یو این اے کے بیورو چیف نصیر احمد کاکڑ پر تشدد کے واقعے کی سخت الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے حکومت اور متعلقہ اداروں سے مطالبہ کیا ہے کہ واقعے میں ملوث عناصر کو فوری گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے۔ فورم کے جاری کردہ اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ کسی بھی شہری کو قانون ہاتھ میں لے کر تشدد یا تذلیل کا نشانہ بنانے کی اجازت نہیں دی جا سکتی۔ بلوچستان میڈیا فورم نے کہا کہ قبائلی نظام کے نام پر ذاتی عدالتیں قائم کرنا اور اپنی منشا کے مطابق لوگوں کے فیصلے کرنا ریاستی قانون اور انصاف کے بنیادی اصولوں کے منافی ہے۔ جو عناصر خود کو قانون سے بالاتر سمجھتے ہوئے اپنی عدالتیں لگاتے، لوگوں کی تذلیل کرتے اور تشدد کا نشانہ بناتے ہیں، ان کا محاسبہ نہایت ضروری ہے۔ کسی فرد یا گروہ کو یہ اختیار حاصل نہیں کہ وہ اپنی مرضی سے کسی شہری کو مجرم قرار دے کر سزا دینا شروع کر دے۔ نصیر احمد کاکڑ کو بھی اسی غیر قانونی اور نام نہاد ذاتی عدالت کا نشانہ بنایا گیا، جس کی کسی مہذب اور قانونی معاشرے میں کوئی گنجائش نہیں۔ اعلامیے میں کہا گیا کہ صحافی عوامی مسائل، ناانصافیوں اور مظلوم طبقات کی آواز ایوانِ اقتدار تک پہنچانے کا فریضہ انجام دیتے ہیں۔ صحافیوں کو تشدد اور دھمکیوں کا نشانہ بنانا آزادی صحافت اور عوام کے حق اظہار پر اثرانداز ہونے کے مترادف ہے۔ حکومت کی ذمہ داری ہے کہ صحافیوں کو محفوظ ماحول فراہم کرے تاکہ وہ بلاخوف اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریاں ادا کر سکیں۔ بلوچستان میڈیا فورم نے مطالبہ کیا کہ نصیر احمد کاکڑ پر تشدد کے واقعے کا فوری نوٹس لیتے ہوئے ملوث افراد کو بلا تاخیر گرفتار کیا جائے، شفاف تحقیقات کر کے قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے اور متاثرہ صحافی کو مکمل قانونی و حفاظتی معاونت فراہم کی جائے۔ فورم نے واضح کیا کہ قانون کی بالادستی کے خلاف کسی بھی شکل میں قائم ذاتی عدالتیں معاشرے میں مزید ناانصافی اور خوف کو جنم دیتی ہیں، اس لیے ایسے رجحانات کا خاتمہ ضروری ہے۔

نال، گردونواح میں عطائی ڈاکٹروں کا راج، محکمہ صحت خاموش تماشائی

نال (آن لائن) نال اور گردونواح میں عطائی ڈاکٹروں کی مبینہ سرگرمیوں میں اضافہ، انسانی جانوں سے کھیلنے کا سلسلہ جاری ہے۔ مختلف علاقوں میں غیر مستند افراد کی جانب سے علاج معالجے کا سلسلہ جاری ہونے کے باوجود محکمہ صحت کے ذمہ داران کی جانب سے مؤثر نگرانی اور کارروائی نظر نہیں آ رہی۔ عطائی افراد کے ہاتھوں غلط تشخیص اور غیر مناسب علاج سے مریضوں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ عوامی حلقوں نے محکمہ صحت کے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ نال اور گردونواح میں غیر مستند افراد کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کرتے ہوئے باقاعدہ چیکنگ کا نظام بنایا جائے تاکہ انسانی جانوں کو ممکنہ خطرات سے محفوظ رکھا جا سکے۔

سوراب ٹوڈن کراس روڈ کا تعمیراتی کام دوبارہ شروع

سوراب (آن لائن) سوراب سے ڈن کراس جانے والی اہم شاہراہ کے تعمیراتی کام ایک بار پھر شروع کر دیے گئے ہیں، جس پر کلی سرخ کے علاقہ مکینوں نے اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے وائس چیئرمین میونسپل کمیٹی سوراب شیخ محمد یاسین سمالانی کا شکریہ ادا کیا ہے، علاقہ مکینوں کا کہنا ہے کہ سوراب ٹو ڈن کراس روڈ کا تعمیراتی منصوبہ طویل عرصے سے نامکمل پڑا ہوا تھا، جس کے باعث نہ صرف روزمرہ آمدورفت میں شدید دشواریوں کا سامنا تھا بلکہ طلبہ، مریضوں، کاروباری افراد، زمینداروں اور عام مسافروں کو بھی مشکلات پیش آ رہی تھیں۔ سڑک کی خستہ حالی اور تعمیراتی کام کے تعطل نے شہریوں کی پریشانیوں میں مزید اضافہ کر دیا تھا، یاد رہے کہ گزشتہ دنوں سوراب ٹو ڈن کراس روڈ کے تعمیراتی کام ادھورا چھوڑے جانے کے خلاف کلی سرخ کے مکینوں نے احتجاج کرتے ہوئے سوراب بازار کے مقام پر شاہراہ کو ٹریفک کے لیے بند کر دیا تھا مظاہرین نے مطالبہ کیا تھا کہ سڑک کے زیر تعمیر منصوبے کو مزید تاخیر کا شکار بنانے کے بجائے فوری طور پر دوبارہ فعال کیا جائے اور مقررہ معیار کے مطابق تعمیراتی کام مکمل کیا جائے، احتجاج کے دوران وائس چیئرمین میونسپل کمیٹی سوراب شیخ محمد یاسین سمالانی نے مظاہرین سے مذاکرات کیے اور ان کے مسائل و تحفظات سنے، انہوں نے علاقہ مکینوں کو یقین دہانی کرائی تھی کہ سڑک کے تعمیراتی کام کی بحالی کے لیے متعلقہ حکام اور ذمہ دار اداروں سے فوری طور پر رابطہ کیا جائے گا

حرف محبت صرف احساس ہے

حرف محبت کا مطلب ہمیں اہل زباں سے نہیں پوچھنا چاہیے۔ میرے مطابق محبت کے متاثرین (محب و محبوب) اس کا معتبر جواب دے سکتے ہیں،



تحریر۔ شہزاد منیر احمد
گروپ کیپٹن ریٹائرڈ

ورنہ جتنے منہ اتنی باتیں۔ بہت پہلے میں نے یہ شعر فی البدیہہ لکھا تھا:-

دہرا کر جو پوچھا میں نے تو روح نے بتایا
حرف محبت ہے انسانیت کا اساسی عنصر

محبت کا فلسفہ گہرا، وسیع اور صدیوں پر محیط ہے۔ اسے سمجھنے کے لیے تین سوالات پر الگ الگ زاویوں سے غور کرنا ضروری ہے۔ محبت کا فلسفہ اور اساسی عنصر فلسفیانہ اور نفسیاتی نقطہ نظر سے محبت کائنات کا سب سے طاقتور جذبہ اور انسانیت کا بنیادی اور اساسی عنصر ہے۔

افلاطونی نظریہ (ViewPlatonic)

افلاطون کے نزدیک محبت صرف ایک مادی یا جسمانی کشش نہیں، بلکہ یہ خوبصورتی، سچائی اور کمال مطلق کی تلاش کا نام ہے۔ یہ انسان کو اپنی ذات کی ادھورے پن سے نکال کر کسی اعلیٰ مقصد سے جوڑتی ہے۔

حیاتیاتی اور نفسیاتی نظریاتی اعتبار سے، انسان ایک سماجی حیوان ہے۔ ارتقائی اور نفسیاتی طور پر، محبت (چاہے وہ ماں کی ہو، دوست کی ہو یا شریک حیات کی) انسان کے واتفاقی بقا کی ضامن ہے۔ محبت کے بغیر سماجی ڈھانچے، ہمدردی، اور ایثار کا تصور معدوم ہو جاتا ہے۔۔ اس لیے یہ کہنا بالکل درست ہے کہ محبت ہی وہ بنیادی دھاگہ ہے جو انسانیت کو آپس میں جوڑے ہوئے ہے۔ محبت سے نسوانی کردار کا منہا (منفی) یہ سوال انتہائی فکر انگیز ہے کہ "اگر محبت سے نسوانی کردار منہا کر دیا جائے تو کیا محبت کا حرف پھر بھی ہوگا۔ اس کا جواب اس بات پر منحصر ہے کہ ہم محبت کو کس دائرے میں دیکھ رہے ہیں۔

اگر صرف روایتی رومانی یا جنسی محبت کی بات کی جائے، تو اس میں نسوانی کردار (زنانیت، نزاکت، اور صنفِ نازک کا وجود) ایک مرکزی ستون ہے۔ افسانوی اور حقیقی دنیا میں رومانی محبت کا بڑا حصہ عورت کے گرد گھومتا ہے۔ اگر اس دائرے سے عورت کو نکال دیا جائے تو روایتی رومانی محبت اپنی موجودہ شکل میں شاید برقرار نہ رہ سکے۔ محبت کے وسیع تر فلسفے کے تناظر میں: اگر ہم محبت کو اس کے آفاقی اور وسیع تر معنوں میں دیکھیں، تو محبت کا حرف تب بھی باقی رہے گا اور کبھی معدوم نہیں ہوگا۔ اس کی چند اہم وجوہات درج ذیل ہیں۔

محبت کی دیگر اقسام وضاحت، حب الٰہی (Divin Love) صوفیاء اور فلاسفرز کے نزدیک سب سے اعلیٰ محبت خالق اور مخلوق کے درمیان ہے۔ اس میں صنف (جینڈر) کی کوئی قید نہیں ہوتی۔

افلاطون کے مطابق دوستوں کے درمیان فکری اور نظریاتی محبت صنف سے بالاتر ہوتی ہے۔ انسانیت سے محبت، بغیر کسی لالچ یا صنف کی تمیز کے تمام انسانوں سے ہمدردی اور خیر خواہی کا جذبہ۔

پدری محبت (LovePaternal)

ایک باپ کی اپنی اولاد کے لیے بے غرض محبت اور تحفظ کا لازوال احساس ہے

میری سمجھ کے مطابق، عورت محبت کا سب سے خوبصورت، نازک اور گہرا مظہر (Manifestation) ضرور ہے، لیکن وہ محبت کی واحد حد نہیں ہے۔

عورت کا وجود محبت کو جمالیات، تخلیق اور گہرائی بخشتا ہے (جیسے ماں کی ممتا یا محبوبہ کا روپ)۔ لیکن اگر کائنات کے کینوس سے نسوانی کردار کو بالفرض منہا بھی کر دیا جائے، تب بھی محبت کا 'حرف' مٹے گا نہیں؛ کیونکہ محبت کی جڑیں صنف (جینڈر عنصر) سے کہیں زیادہ گہری ہیں، یہ روح کا مادہ ہے جو خدا، انسان، فطرت اور علم کی صورتوں میں کائنات میں دھڑکتا رہے گا۔

نوٹ:۔ اس مضمون سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں۔

ایشین ہاکی چیمپئنز ٹرافی: میزبان بھارت نے نیوٹرل وینیو کی پاکستان کی درخواست مسترد کر دی

دہلی (آئی این پی) ایشین ہاکی چیمپئنز ٹرافی انتظامیہ ہاکی انڈیا نے پاکستان کی درخواست مسترد کر دی۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان ہاکی فیڈریشن نے ایشین ہاکی فیڈریشن سے درخواست کی تھی کہ پاکستان کے میچز نیوٹرل مقام پر منتقل کیے جائیں یا پھر چیمپئنز ٹرافی کا مقام ہی بھارت سے باہر کسی غیر جانبدار ملک میں رکھا جائے، جس پر بھارتی ہاکی فیڈریشن کے سیکرٹری بھولا ناتھ سنگھ نے اپنا ردعمل دیا ہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق انڈین ہاکی فیڈریشن کا موقف ہے کہ ایشین ہاکی چیمپئنز ٹرافی بھارت میں ہی کھیلی جائے گی۔ انڈین ہاکی فیڈریشن کا کہنا ہے کہ پاکستان کو ٹرافی بھارت میں کھیلنا ہو گا، پاکستان نہیں آتا تو پہلے سے اعلان کردہ متبادل ٹیم کو مدعو کریں گے۔ واضح رہے کہ چیمپئنز ٹرافی 27 اکتوبر سے 5 نومبر تک جالندھر اور موہالی میں کرانے کا اعلان کیا گیا ہے۔ دو روز قبل بھارتی پنجاب کے وزیر اعلیٰ نے شیڈول کے اعلان پر دعویٰ کیا تھا کہ پاکستانی ٹیم بھی کھیلنے آئے گی۔ دوسری جانب ایشین ہاکی فیڈریشن کی طرف سے اس حوالے سے تاحال کوئی موقف سامنے نہیں آیا ہے۔

ایشین گیمز: پاکستان ویمنز ٹیم نے کوارٹر فائنل میں تھائی لینڈ کو شکست دے دی

پاکستان کی جانب سے کپتان فاطمہ ثنا 2 وکٹوں اور 21 رنز کے ساتھ نمایاں رہیں

ناگویا (آئی این پی) ایشین گیمز میں پاکستان ویمنز کرکٹ ٹیم نے دوسرے کوارٹر فائنل میں تھائی لینڈ کو 3 وکٹوں سے شکست دے دی۔ جاپان کے شہر ایچی ناگویا میں جاری ایونٹ میں پاکستان نے بارش کے باعث 11 اوورز فی اننگز تک محدود میچ میں ٹاس جیت کر تھائی لینڈ کو پہلے بیٹنگ کی دعوت دی۔ تھائی لینڈ کی ٹیم نے مقررہ 11 اوورز میں 4 وکٹوں کے نقصان پر 91 رنز بنائے۔ نتایا پت کونگ اکا نے 49 رنز بنا کر نمایاں رہیں۔ پاکستان کی جانب سے کپتان فاطمہ ثنا نے 2 جبکہ نشرہ سندھو نے ایک وکٹ حاصل کی۔ پاکستان ٹیم نے مقررہ ہدف 10 گیندوں قبل 7 وکٹوں کے نقصان پر حاصل کر لیا۔ شوال ذوالفقار 25، کپتان فاطمہ ثنا 21، گل فیروزہ 16 اور طوبیٰ حسن 13 رنز بنا کر نمایاں رہیں۔

شمالی کوریا کا ایشین گیمز کے افتتاحی دستے کے لیے فاطمہ کو نامزد کر دیا گیا

ایشین گیمز 2026: بھارتی گھڑسواروں کو گھوڑوں کا خرچ خود اٹھانے کی ہدایت

ناگویا (آئی این پی) ایشین گیمز 2026 کی تیاریوں میں مصروف بھارتی گھڑسواری کے کھلاڑیوں کو مالی مشکلات کا سامنا ہے۔ بھارتی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق گھڑسواروں کو اپنے گھوڑوں کے چارے، بستر اور دیگر ضروری سامان کے اخراجات فی الحال خود برداشت کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ رپورٹ کے مطابق انڈین اولمپک ایسوسی ایشن کی جانب سے قائم کردہ ایڈہاک کمیٹی نے تحقیقاتی فنڈز کی اس فیصلے کی وجہ قرار دیا ہے۔ کمیٹی کے رکن اور بھارتی گھڑسواری دستے کے ٹیم لیڈر لیفٹیننٹ کرنل سندیپ دیوان کی جانب سے بھیجے گئے ای میل میں بتایا گیا کہ وہ فیڈریشن کو فراہم کیے گئے فنڈز گھوڑوں کی منتقلی کے اخراجات پورے کرنے کے لیے بھی ناکافی ہیں۔

معاذ صداقت بی پی ایل میں تیز ترین سنچری بنانے والے کم عمر ترین کھلاڑی بن گئے

باربادوس (این این آئی) پاکستانی کرکٹر معاذ صداقت کیریبیئن پریمیئر لیگ (سی پی ایل) کی تاریخ میں تیز ترین سنچری بنانے والے کم عمر ترین کھلاڑی بن گئے۔ باربادوس رائلز کے خلاف کرکٹر معاذ صداقت نے 44 گیندوں پر سنچری اسکور کی۔ معاذ صداقت نے 8 چھکوں اور 9 چوکوں کی مدد سے 49 گیندوں پر 112 رنز بنائے۔ باربادوس رائلز نے سینٹ کٹس نے پیٹریاٹس کو 143 رنز کا ہدف دیا تھا۔ سینٹ کٹس نے باربادوس رائلز کو 10 وکٹوں سے شکست دے دی۔

امریکہ: نیوہیمپشائر میں میراتھون کے شرکا کیلئے سیلابی زدہ راستے سیگمنٹ چیلنج بن گیا، تیراکی مقابلہ بن گئی

واشنگٹن (آئی این پی) امریکی ریاست نیوہیمپشائر کے شہر ... میں ہاف میراتھون کے شرکا کے لیے سیلاب زدہ راستے سیگمنٹ چیلنج بن گیا اور میراتھون تقریباً تیراکی کا مقابلہ بن گئی۔ ... ہاف میراتھون کی دوڑ اس وقت خطرناک صورت حال میں تبدیل ہو گئی جب شدید بارش کے باعث راستے کے کچھ حصے زیر آب آ گئے اور رنرز کو کئی فٹ گہرے پانی میں سے گزرنا پڑا۔ کسی کے زخمی ہونے یا کسی بھی حادثے کی اطلاع نہیں ملی تاہم میراتھون منعقد ...

ورلڈ ایتھلیٹ چیمپئن شپ 100 میٹر دوڑ کے دوران فنشنگ لائن عبور کرنے پر برازیلی کھلاڑی خوشی سے نہال ہے

میسی کی ریٹائرمنٹ کے بعد ایک بار پھر ارجنٹینا کی ٹیم میں واپسی

6 اکتوبر کو بیونس آئرس کے مونومینٹل اسٹیڈیم میں چلی کے خلاف ارجنٹینا کیلئے آخری میچ کھیلیں گے، باقاعدہ الوداع کیا جائے گا

بیونس آئرس (آئی این پی) ارجنٹائن فٹبال ایسوسی ایشن نے تصدیق کی ہے کہ میسی ایک مرتبہ پھر قومی ٹیم کی مشہور نیلی اور سفید شرٹ میں میدان میں نظر آئیں گے جہاں انہیں شاندار بین الاقوامی کیریئر کے بعد باقاعدہ الوداع کیا جائے گا۔ 39 سالہ میسی 6 اکتوبر کو بیونس آئرس کے مونومینٹل اسٹیڈیم میں چلی کے خلاف ارجنٹینا کے لیے آخری میچ کھیلیں گے۔ ارجنٹائن فٹبال ایسوسی ایشن کے صدر کلاڈیو تاپیا کے مطابق کوچ لیونل اسکالونی سے مشاورت کے بعد میسی کو ماحول کے سامنے الوداعی مقابلے کی دعوت دی گئی جسے اسٹار کھلاڑی نے قبول کر لیا۔ میسی ارجنٹینا کیلئے 207 میچز میں 125 گول کر چکے ہیں اور 2022 میں ورلڈ کپ جیتنے میں اہم کردار ادا کیا۔ ان کے کیریئر کا آخری مرحلہ ایک باقاعدہ الوداع سے محروم رہا تھا تاہم اب انہیں اپنے ہوم گراؤنڈ پر مداحوں کے سامنے آخری بار کھیلنے کا موقع ملے گا۔ 2022 کی ورلڈ کپ فاتح ٹیم کے کھلاڑیوں اور ان کے اہل خانہ کو بھی تقریب میں مدعو کیا جائے گا جس سے یہ رات مزید یادگار اور جذباتی ہونے کی توقع ہے۔

ایشین گیمز 2026ء میں کھلاڑیوں کی رہائش کیلئے جاپانی میں ویلج آباد ہو گیا

ناگویا (این این آئی) ایشین گیمز 2026ء میں کھلاڑیوں کی رہائش کے لیے پانی میں ویلج آباد ہو گیا۔ ناگویا میں کھلاڑیوں کی رہائش کے لیے فلوٹنگ ویلج کے سمندر کے راستے پہنچنے پر استقبال کیا گیا۔ کوسٹا سیرینا نامی لگژری کروز میں ایشین گیمز کے دوران رہنا کھلاڑیوں کے لیے ایک منفرد تجربہ ہوگا۔ فلوٹنگ ویلج کو ناگویا پورٹ پر بنایا گیا ہے اور تمام سہولتیں موجود ہیں، 290 میٹر لمبے کوسٹا سیرینا میں 4 ہزار ایتھلیٹس اور آفیشلز رہائش اختیار کریں گے۔ جاپان میں ہونے والے گیمز کے دوران اپنی نوعیت کی پہلی رہائش گاہ میں لوگ آنا شروع ہو گئے ہیں، جبکہ ناگویا میں ہونے والے ایشین گیمز میں کئی عارضی رہائش گاہوں کا انتظام کیا گیا ہے۔ اخراجات کم کرنے کے لیے گیمز کے دوران مخصوص ویلج تعمیر نہیں کیا گیا، ایونٹ کے آغاز سے قبل ہی ایشین گیمز کے لیے رہائش گاہ کے لیے سہولتیں تنقید کی زد میں ہیں۔

سری لنکا انڈر 17 ٹیم اکتوبر میں پاکستان کا دورہ کرے گی

پاکستان اور سری لنکا انڈر 17 ٹیموں کے درمیان ایک تین روزہ اور پانچ ایک روزہ میچز کھیلے جائیں گے

لاہور (آئی این پی) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) اکتوبر میں سری لنکا انڈر 17 ٹیم کی میزبانی کرے گا۔ پاکستان اور سری لنکا انڈر 17 ٹیموں کے درمیان ایک تین روزہ اور پانچ ایک روزہ میچز کھیلے جائیں گے۔ تمام میچز ملتان کرکٹ سٹیڈیم میں کھیلے جائیں گے۔ سری لنکا انڈر 17 ٹیم 5 اکتوبر کو ملتان پہنچے گی۔ دونوں ٹیمیں 6 سے 8 اکتوبر تک ملتان کرکٹ سٹیڈیم میں ٹریننگ کریں گی۔ تین روزہ میچ 9 سے 11 اکتوبر تک کھیلا جائے گا۔ پاکستان انڈر 17 اور سری لنکا انڈر 17 کے درمیان پانچ ایک روزہ میچز 15 سے 24 اکتوبر تک ہوں گے۔

سمرقند اولمپیاڈ: پاکستان کا اسرائیل کیخلاف شطرنج میچ کا بائیکاٹ

فلسطینی عوام سے اظہار یکجہتی کیلئے میچ کا بائیکاٹ کیا: ذیشان نقوی

اسلام آباد (آئی این پی) پاکستان نے 46 ویں شطرنج اولمپیاڈ 2026 میں اسرائیل کے خلاف میچ کا بائیکاٹ کر دیا۔ چیس فیڈریشن آف پاکستان کے صدر سید ذیشان نقوی کے مطابق ازبکستان میں منعقدہ ایونٹ میں دنیا بھر سے 203 ممالک کی ٹیمیں مقابل ہیں۔ پاکستان کا پول راؤنڈ میں بدھ کو اسرائیل سے مقابلہ شیڈول تھا تاہم پاکستان نے اسرائیل سے مقابلہ کھیلنے سے انکار ...

جوس بٹلر نے ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل کرکٹ میں روہت شرما کا ریکارڈ توڑ دیا

... جوس بٹلر کے ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل کیریئر کے کل رنز 161 میچوں میں 4292 ہو گئے ہیں۔ اس کامیابی کے ساتھ ہی انہوں نے بھارت کے سابق کپتان روہت شرما کو پیچھے چھوڑ دیا ہے جن کے کیریئر کا مجموعہ 4231 رنز تھا۔ اس فہرست میں اب صرف پاکستان کے بابر اعظم 145 میچوں میں 4596 رنز کے ساتھ ان سے آگے ہیں۔

جاپان میں ایشین گیمز سے قبل رہائش کا سنگین بحران پیدا ہو گیا

ایونٹ میں 17 ہزار سے زائد ایتھلیٹس اور آفیشلز کی شرکت متوقع

ٹوکیو (این این آئی) جاپان میں ایشین گیمز سے قبل رہائش کا سنگین بحران پیدا ہو گیا، ایونٹ میں 17 ہزار سے زائد ایتھلیٹس اور آفیشلز کی شرکت متوقع ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ایشین گیمز میں ایتھلیٹس کیلئے مخصوص ویلج نہ ہونے سے رہائش کے مسائل بڑھ گئے ہیں۔ رپورٹس کے مطابق کھلاڑیوں کیلئے ہوٹل، عارضی لکڑی کے کیبن، کروز شپ استعمال کیے جا رہے ہیں۔ جنوبی کوریا باسکٹ بال ٹیم نے چھوٹے اور ناقص کیبنز پر تحفظات ظاہر کیے ہیں۔ حکام کے مطابق دو میٹر سے زائد قد والے کھلاڑی بستروں پر ٹھیک سے سو نہیں سکتے۔ جنوبی کوریا باسکٹ بال کھلاڑیوں نے کیبن میں ایک ہوتے سنگ اور چھوٹے فرش کی ویڈیو شیئر کی ہیں۔ جاپان نے رہائش کے بحران سے نمٹنے کیلئے آن لائن کرائے کی رہائش کا سہارا لینا شروع کر دیا ہے۔ ایک کروز شپ کوسٹا سیرینا 4 سے 5 ہزار ایتھلیٹس کی میزبانی کرے گا۔ ایشین گیمز میں باسکٹ بال اور ہینڈبال کے مقابلوں کا آغاز ہو چکا ہے۔ شدید بارش کے باعث گزشتہ ہفتے سیکڑوں ایتھلیٹس کو عارضی طور پر محفوظ مقام پر منتقل کرنا پڑا تھا۔ ناگویا میں مزید بارشوں کی پیشگوئی کی گئی ہے، صورتحال مزید سنگین ہونے کا خدشہ ہے۔

آئی سی سی کی نئی رینکنگ، کئی پاکستانی کھلاڑیوں کی ترقی

رینکنگ میں ہیری بروک بدستور پہلی پوزیشن پر براجمان، بابر اعظم 2 درجے ترقی کے بعد 13 ویں نمبر پر آ گئے

دبئی (آئی این پی) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) نے کھلاڑیوں کی تازہ رینکنگ جاری کر دی۔ ٹیسٹ بیٹرز میں انگلش کھلاڑی ہیری بروک کی پہلی پوزیشن برقرار ہے، جبکہ قومی کرکٹ ٹیم کے اسٹار ... پوزیشن پر آ گئے ... بولنگ رینکنگ کی فہرست میں افغانستان کے راشد خان پہلے اور پاکستان کے ابرار احمد دوسرے نمبر پر ہیں، محمد نواز ایک درجے کی ترقی کے بعد 8 ویں اور سلمان مرزا 2 درجے کی ترقی ...

ساؤتھ افریقہ ویمنز کی بلے باز پاکستان کے خلاف میچ میں شاٹ کھیل رہی ہیں

دہلی: بھارتی بلے باز ٹی 20 میچ میں افغانستان کے خلاف سنچری بنانے پر مخصوص انداز میں خوشی کا اظہار کرتے ہوئے

قومی سلامتی کو خطرہ، یوکرین کا روسی کارٹون ماشا اینڈ دی بیئر پر وار

بچوں کے پروگراموں میں روسی پروپیگنڈے کی کوئی جگہ نہیں، یوکرینی وزیر ثقافت

کیف (این این آئی) یوکرین نے روس کے مقبول بچوں کے کارٹون ماشا اینڈ دی بیئر کے پروڈیوسرز اور تقسیم کاروں پر پابندیاں عائد کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ کارٹون روس کے حق میں بیانیہ پھیلانے کا ذریعہ بن رہا ہے اور اس سے یوکرین کی قومی سلامتی کو خطرہ لاحق ہو سکتا ہے۔ الجزیرہ کے مطابق یوکرین کی وزیر ثقافت تاتیانا بیرژنا نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر بتایا کہ حکومت نے ماشا اینڈ دی بیئر تیار کرنے والوں اور اسے تقسیم کرنے والوں کے خلاف پابندیاں عائد کی ہیں۔ ان کے مطابق اس اقدام سے یوکرین میں کارٹون کے مواد کو روکنے اور عالمی پلیٹ فارمز پر اس کی آمدنی اور تقسیم محدود کرنے کے لیے قانونی کارروائی کی جا سکتی ہے۔ یوکرینی صدر ولودیمیر زیلنسکی نے جمعرات کو اس حوالے سے حکم نامے پر دستخط کیے۔ پابندیوں کی زد میں کارٹون بنانے والا اسٹوڈیو اینیماکارڈ سمیت سیریز سے وابستہ دیگر افراد اور ادارے بھی شامل ہیں۔ یوکرین کی وزیر ثقافت نے کہا کہ روسی پروپیگنڈے کے لیے بچوں کے پروگراموں میں کوئی جگہ نہیں ہونی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ تازہ پابندیوں کے ذریعے حکومت کارٹون کی یوکرین میں رسائی محدود کرنے کے ساتھ ساتھ عالمی پلیٹ فارمز پر اس کی آمدنی اور تقسیم کو بھی روکنے کی کوشش کرے گی۔ روس نے یوکرین کے اقدامات کو مسترد کر دیا ہے۔ کریملن کے ترجمان دمتری پیسکوف نے پابندیوں پر ردعمل دیتے ہوئے کہا کہ ماشا اینڈ دی بیئر نے دنیا بھر میں مقبولیت حاصل کی ہے اور یہ کارٹون انسانی خوبیوں کو اجاگر کرتا ہے۔

پیسے، مستحق طبقات کی مدد محض وقتی نہیں مستقل بنیادوں پر ہونی چاہیے: ریشم

اجتماعی تعاون سے کئی خاندانوں کو باعزت زندگی گزارنے کا موقع فراہم کیا جا سکتا ہے، اداکارہ کا بیان

لاہور (این این آئی) معروف اداکارہ ریشم نے کہا ہے کہ آج کل مہنگائی اور وسائل نہ ہونے کے باعث عام آدمی بڑی مشکل سے گزر بسر کر رہا ہے، ایسے ہوئے اور مستحق طبقات کی مدد محض وقتی نہیں بلکہ مستقل بنیادوں پر ہونی چاہیے۔ اپنے بیان میں ریشم نے کہا کہ پوش علاقوں میں رہنے والے صاحب ثروت افراد اپنے اردگرد موجود حقیقی حقدار خاندانوں کو تلاش کریں۔ ان مستحق خاندانوں کی باقاعدہ مالی معاونت اور ضروریات زندگی پوری کرنے کا مستقل بندوبست کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ خصوصاً غریب اور مستحق بچوں کی تعلیم اور کفالت اپنے ذمے لینا معاشرے کے خوشحال طبقے کی ذمہ داری ہے۔ اجتماعی تعاون سے کئی خاندانوں کو مشکلات سے نکال کر باعزت زندگی گزارنے کا موقع فراہم کیا جا سکتا ہے۔ انہوں نے مخیر حضرات سے اپیل کی کہ وہ نمود و نمائش کے بجائے حقیقی مستحقین کی مدد کو ترجیح دیں۔

سعدیہ امام کا ساتھی مرد اداکاروں کی جانب سے دھوکے دیئے جانے کا انکشاف

کراچی (آئی این پی) معروف اداکارہ اور میزبان سعدیہ امام نے انکشاف کیا ہے کہ شوبز انڈسٹری میں اپنے کیریئر کے دوران انہیں کئی مرتبہ قریبی مرد ساتھیوں اور دوستوں کی جانب سے دھوکا دیئے اور نظر انداز کیے جانے کا سامنا کرنا پڑا۔ ایک پروگرام کے دوران اپنے تجربات بیان کرتے ہوئے سعدیہ امام نے کہا کہ جب میں نے شوبز انڈسٹری میں قدم رکھا تو اس وقت خواتین اداکاراؤں کی تعداد بہت کم تھی۔ انڈسٹری میں زیادہ تر یا تو بہت سینئر اداکارائیں تھیں یا پھر بالکل نئی اور جونیئر اداکارائیں، جبکہ میری ہم عمر اور ہم پلہ خواتین فنکار بہت کم تھیں۔ سعدیہ امام نے بتایا کہ اس وقت میرے زیادہ تر ساتھی مرد تھے اور مجھے انہی میں سے بعض قریبی دوستوں کی جانب سے دھوکا ملا۔ چند مواقع پر ساتھیوں نے مجھے پیٹھ پیچھے نقصان پہنچایا اور میرے خلاف باتیں کیں۔ سعدیہ امام نے انکشاف کیا کہ کئی مرتبہ میں نے اپنے مرد ساتھیوں کو مجھ سے متعلق بات کرتے ہوئے خود سنا۔ بعض لوگ کہتے تھے کہ سعدیہ امام کو کاسٹ نہ کیا جائے کیونکہ وہ پارٹی گرل نہیں ہیں اور شوٹنگ کے دوران زیادہ گھلتی ملتی نہیں۔ سعدیہ کے مطابق وقت کے ساتھ میں نے ان تجربات سے بہت کچھ سیکھا۔

گرفتاری کی غلط خبر نے بھارتی اداکارہ کو بڑی مشکل میں ڈال دیا

مجھے صبح اس وقت پہلی کال موصول ہوئی جب میں جم جا رہی تھی: اشترا بینرجی

ممبئی (آئی این پی) بھارتی اداکارہ اشترا بینرجی غلط شناخت کے ایک معاملے کے باعث سوشل میڈیا پر وائرل خبروں کی زد میں آ گئیں، جہاں ان پر ٹرین میں ریلوے پولیس فورس کے اہلکار پر بلیڈ سے حملہ کرنے اور گرفتاری کا الزام عائد کیا گیا۔ اداکارہ کے مطابق انہیں اتوار کی صبح اس وقت پہلی کال موصول ہوئی جب وہ جم جا رہی تھیں، جس کے بعد پورے دن میں انہیں 400 سے زائد فون کالز آئیں۔ ان کا کہنا ہے کہ وہ مسلسل اپنے اہل خانہ اور دیگر افراد کو وضاحت دیتی رہیں کہ خبر میں جس خاتون کا ذکر ہے وہ میں نہیں ہوں۔ اشترا بینرجی نے بتایا کہ صبح ایک آن لائن خبر میں ان کا نام استعمال کیا گیا اور رات تک یہی خبر ان کی تصویر اور نام کے ساتھ مختلف سوشل میڈیا پوسٹس میں پھیل گئی۔ تفصیلات کے مطابق دراصل یہ معاملہ اشترا نہیں بلکہ اشترا سوہم بینرجی نامی خاتون سے متعلق تھا، جنہیں 12 اگست کو مبینہ طور پر ٹرین میں ریلوے پولیس اہلکاروں سے جھگڑے اور بعد ازاں بلیڈ سے حملہ کرنے کے الزام میں گرفتار کیا گیا تھا اور ان کے خلاف ایف آئی آر درج کی گئی۔ اداکارہ نے بتایا کہ ایف آئی آر کی جانچ کے دوران انہیں معلوم ہوا کہ دونوں خواتین کے نام کے پیچھے مختلف ہیں۔ مبینہ ملزمہ کے والد کا نام سوہم ہے جبکہ اداکارہ کے والد کا نام مہرا بینرجی ہے۔ اسی طرح ملزمہ کا پتہ تھانے کا ہے جبکہ اداکارہ جوگیشوری، اندھیری ویسٹ میں رہتی ہیں۔

انڈین دستاویزی فلم کے دعوے اور پاکستانی فوج کا جواب

خصوصی رپورٹ

انڈیا اور پاکستان کے درمیان مئی 2025 میں ہونے والی عسکری جھڑپوں کو ایک سال اور تین ماہ سے زیادہ کا عرصہ گزر چکا ہے، تاہم اس چند روزہ تصادم کے نتائج اور اس دوران پیش آنے والے واقعات کے بارے میں دونوں ممالک آج بھی اپنا اپنا مختلف موقف رکھتے ہیں۔ دونوں جانب سے کامیابی کے دعوے کیے گئے اور جنگ کے دوران ہونے والے فوجی نقصانات کے بارے میں متضاد بیانیے سامنے آئے۔

حال ہی میں انڈیا میں ریلیز کی جانے والی دستاویزی فلم 'ڈی کلاسیفائیڈ: آپریشن سندور' نے اس تجربے کو ایک بار پھر موضوع بحث بنا دیا ہے۔ اس فلم میں انڈیا کے قومی سلامتی کے مشیر اجیت ڈوول اور دیگر اعلیٰ فوجی حکام نے پاکستان کے خلاف کامیابیوں کے متعدد دعوے کیے ہیں۔ دوسری جانب پاکستان فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) نے ان دعوؤں کو حقائق کے منافی، متنازع اور پروپیگنڈا پر مبنی بیانیہ قرار دیتے ہوئے مسترد کر دیا ہے۔

اس دستاویزی فلم میں کیا دعوے کیے گئے ہیں، آئی ایس پی آر نے ان کی تردید میں کیا کہا ہے، اور مئی 2025 میں جنگ بندی کے وقت عوامی سطح پر کون سی معلومات اور بیانات سامنے آئے تھے؟ اس تحریر میں انہی سوالات کا جائزہ لیا گیا ہے۔

واضح رہے کہ انڈیا نے چھ مئی 2025 کی شب پاکستان اور اس کے زیر انتظام کشمیر پر میزائل حملے کیے تھے اور انہیں اپنے زیر انتظام کشمیر کے علاقے پہلگام میں سیاحوں کی ہلاکت کا ردعمل قرار دیا تھا، جبکہ پاکستان نے ہمیشہ پہلگام حملوں میں ملوث ہونے سے متعلق انڈین الزامات کو مسترد کیا ہے۔ انڈیا نے اپنی کارروائیوں کو 'آپریشن سندور' جبکہ پاکستان نے اپنی جوابی کارروائیوں کو 'آپریشن بنیان مرصوص' کا نام دیا تھا۔

دستاویزی فلم 'ڈی کلاسیفائیڈ: آپریشن سندور' کی تجارتی ویڈیو ڈسکوری چینل انڈیا اور ڈسکوری پلس انڈیا کے یوٹیوب چینلز پر اپ لوڈ کی گئی ہے۔ اس میں بتایا گیا ہے کہ مکمل دستاویزی فلم انہی میڈیا پلیٹ فارمز کی ایپلیکیشن پر دیکھی جا سکتی ہے۔ تاہم، ایکس اور دیگر سوشل میڈیا پلیٹ فارمز استعمال کرنے والے کئی صارفین اپنے اپنے اکاؤنٹس پر یہ دستاویزی فلم اپ لوڈ کر چکے ہیں۔

دستاویزی فلم میں عسکری حکام کے انٹرویوز کے ذریعے آپریشن شروع کیے جانے سے لے کر جنگ بندی تک کے واقعات کو ترتیب سے بیان کیا گیا ہے۔

اس فلم میں انڈیا کے فوجی حکام یہ دعوے کرتے ہیں کہ ان کی جانب سے تو پاکستان کے عسکری اہداف، فضائی اڈوں اور کمانڈ سینٹرز پر حملے کر کے بھاری نقصان پہنچایا گیا جبکہ پاکستان کی جانب سے کیے گئے جوابی حملے یا تو ہدف کو نشانہ ہی نہ بنا سکے، یا پھر انہیں ہدف تک پہنچنے سے پہلے ہی روک کر تباہ کر دیا گیا۔

دستاویزی فلم میں انڈین حکام کی جانب سے یہ دعویٰ بھی کیا گیا ہے کہ 10 مئی 2025 کی صبح تک پاکستان جنگ بندی چاہتا تھا اور اس کے لیے پاکستانی فوج کے سربراہ جنرل عاصم منیر نے امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو سے رابطہ کیا اور مارکو روبیو نے انڈین وزیر خارجہ جے شنکر سے گفتگو کی۔ دعوے کے مطابق 'مارکو روبیو سے کہا گیا کہ آپ پاکستانی ڈائریکٹر جنرل ملٹری آپریشنز (ڈی جی ایم او) سے کہیں کہ وہ اپنے انڈین ہم منصب سے بات کریں، کیونکہ بات چیت کا درست ذریعہ وہی تھے۔'

دستاویزی فلم کے لیے دیے گئے اپنے انٹرویو میں انڈیا کے ڈائریکٹر جنرل ملٹری آپریشنز لیفٹیننٹ جنرل راجیو گھائی دعویٰ کرتے ہیں کہ پاکستانی ڈی جی ایم او نے ان سے رابطہ کیا اور جنگ بندی کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا: 'آپ نے ہم پر اتنے براہموس میزائل داغے ہیں، اب تو آپ کو ملان جانا چاہیے اور کیوں نہ ہم اسے (جنگ کو) روک دیں۔' آگے انڈیا کے مشیر برائے قومی سلامتی اجیت ڈوول کے انٹرویو کا حصہ شامل کیا گیا ہے جس میں وہ کہتے ہیں کہ پاکستان نے 'ہم سے بار بار درخواست کی۔ کہا بہت ہو گیا، آپ بہت نقصان پہنچا چکے، اب سیز فائر کر لیجیے۔ اور ہم نے یہ بات مان لی۔'

دستاویزی فلم کے آخر میں دی گئی معلومات کے مطابق اسے پارکل ورکس فلمز نے وار ریز پروڈکشن ڈسکوری کے لیے پروڈیوس کیا ہے۔

پاکستان فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) نے دستاویزی فلم میں کیے گئے دعوؤں کی تردید کرتے ہوئے کہا ہے کہ 'ایک ناکام مہم میں شکست تسلیم کرنے کے بجائے، انڈیا نے تاریخ کو اپنی پسند کے رنگوں میں رنگنے کا فیصلہ کیا ہے۔' سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر جاری بیان میں کہا گیا: 'تاریخ کو مسخ کرنے کے لیے انڈین تخلیق کاروں نے نام نہاد انتہائی ڈرامائی، جانب دارانہ اور حقائق کے منافی بیانیہ تیار کیا جسے ایک دستاویزی فلم کی صورت میں پیش کیا گیا ہے۔'

آئی ایس پی آر کے مطابق دستاویزی فلم میں بتائے گئے بیانات میں تضادات موجود ہیں، جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ واقعات کا ایک ایسا رخ پیش کرنے کی کوشش کی گئی ہے جو انڈیا کے اندر تاثر قبول ہو۔ پاکستان فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کا کہنا ہے کہ پہلے انڈیا نے دعویٰ کیا کہ پہلگام حملے کے تین مبینہ ذمہ داروں کی شناخت کر لی گئی تھی اور انہیں 28 جولائی 2025 کو نام نہاد آپریشن مہادیو کے 82 دن بعد ہلاک کر دیا گیا تھا۔ اس کے باوجود دستاویزی فلم میں دعویٰ کیا گیا ہے پہلگام واقعے کی سزا کے طور پر آپریشن شروع کیا گیا۔

ایکس پر پوسٹ میں آئی ایس پی آر نے سوال کیا ہے کہ 'اگر پہلگام حملے کے مبینہ ذمہ دار 28 جولائی کو ہلاک کر دیے گئے تھے تو انڈیا کو یہ وضاحت کرنا ہو گی کہ سات مئی 2025 کو اس کے دعوے کے مطابق کس کو سزا دی گئی تھی؟'

آئی ایس پی آر نے اس مشن میں '100 فیصد کامیابی' کے انڈیا کے دعوے کو بھی مسترد کیا ہے اور کہا ہے کہ پاکستان کی مسلح افواج نے انڈیا کی جارحیت کو کامیابی سے ناکام بنایا اور آٹھ فوجی طیارے مار گرائے۔ آئی ایس پی آر کے دعوے کے مطابق پاکستان فوج کی جوابی کارروائیوں میں طویل فاصلے تک مار کرنے والے اور ہدف کو درستی سے نشانہ بنانے والے ہتھیاروں کے ذریعے انڈیا میں '26 فوجی اہداف کو نشانہ بنایا گیا، جن میں وہ تنصیبات بھی شامل تھیں جہاں سے پاکستانی شہریوں کو نشانہ بنایا گیا۔'

آئی ایس پی آر کے مطابق اس دستاویزی فلم کے ذریعے انڈیا نے 'ایک عسکری غلطی کو کامیابی کے طور پر پیش کرنے کی کوشش کی ہے۔' آئی ایس پی آر کا کہنا ہے کہ اسے پاکستان فوج کی انڈیا کے خلاف کارروائی کے بارے میں 'کوئی بیانیہ گھڑنے کی ضرورت نہیں' اور 'پاکستان کی مسلح افواج ملک کی خودمختاری، علاقائی سالمیت اور قومی مفادات کے دفاع کے لیے مکمل طور پر تیار بھی ہیں اور اس کی صلاحیت بھی رکھتی ہیں۔' پاکستان فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق 'مستقبل میں کسی بھی فوجی مہم جوئی کا جواب مضبوط، فیصلہ کن اور غیر متناسب انداز میں دیا جائے گا، جس کے بعد ہیتھرے کی کوئی بھی جھوٹی کوا ہی انڈیا کے لیے عزت نفس بچانے کا ذریعہ نہیں بن سکے گی۔'

(جاری ہے)





ہمت — حالاتِ حاضرہ



دنیا بھر میں لوگ شدید معاشی مشکلات سے دوچار ہیں۔ جن کے پاس کم ہے وہ شخص پریشان ہیں اور جن کے پاس بہت زیادہ ہے وہ بہت زیادہ پریشان ہیں۔ معاملات کی نوعیت ایسی ہے کہ کسی کو قرار نہیں۔ قناعت پسندی ہوا ہو چکی ہے۔ لوگ بہت زیادہ ہونے کی تمنا کرتے ہیں اور جب بہت زیادہ مل جاتا ہے تو مزید بہت

ابوالحسن اجمیری

زیادہ پانے کی تمنا میں جینے لگتے ہیں۔ ایک صدی کے دوران بہت کچھ بدلا ہے۔ سوال صرف معیشتی ڈھانچوں کے بدلنے کا نہیں ہے۔ معاشرتی ڈھانچے بھی بدل گئے ہیں، نفسی ساخت بھی کچھ کی کچھ ہو چکی ہے۔ ہم یہ نہیں کہہ سکتے کہ جب سے دنیا بنی ہے تب سے انسانوں میں تین طبقات پائے جاتے ہیں۔ ہاں، وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ معاشرے اور ارتقائی مراحل سے گزرتے گئے۔ کچھ لوگ زیادہ مالدار ہوتے گئے جس کے نتیجے میں حکمراں طبقہ معرضِ وجود میں آتا گیا۔ کچھ لوگ درمیانی مالی حیثیت کے حامل ہوئے، اور جو بچے، وہ شدید عسرت کی زندگی بسر کرنے پر مجبور ہوئے۔ یہ تقسیم صدیوں سے چلی آرہی ہے۔ اب یہ بہت گہری ہو چکی ہے۔ معیشتی ڈھانچے ایسے ہیں کہ جو

پس رہے ہیں وہ اب پستے ہی رہیں گے۔

تاریخ گواہ ہے کہ کسی بھی معاشرے میں انقلاب برپا ہوا ہے تو متوسط طبقے کے ہاتھوں ہوا ہے۔ مڈل کلاس کو ہم "بیچ کی بے چاری" کہہ سکتے ہیں۔ اس طبقے میں وہ لوگ ہوتے ہیں جو اِدھر اُدھر ہونے سے بچنے کے لیے زندگی بھر تگ و دو کرتے رہتے ہیں۔ کسی گھر میں اگر تین بچے ہوں تو منجھلا یعنی بیچ والا زندگی بھر اُلجھن میں رہتا ہے۔ بڑے کو عزت ملتی ہے اور چھوٹے کو لاڈ پیار۔ منجھلے کو بزرگ تسلیم کیا جاتا ہے نہ لاڈلا۔ مڈل کلاس کا بھی یہی المیہ ہے۔ معاشرے اور معیشت کو چلانے کا بوجھ بھی اُس کے کاندھوں پر ہوتا ہے اور کسی کو اس سے ہمدردی بھی نہیں ہوتی۔

دنیا بھر میں مڈل کلاس تبدیل ہو رہی ہے۔ اور بہت سے ملک ایسے ہیں جن میں مڈل کلاس دم توڑ رہی ہے، جاں بہ لب ہے۔ امریکا، کینیڈا، چین، جرمنی، بھارت، لاطینی امریکا، افریقا... کون سا ملک اور خطہ ہے جو پریشان نہیں! امریکا اور یورپ میں زندگی بسر کرنے کی قیمت بڑھتی جا رہی ہے۔ ڈھنگ سے جینے کے لیے پورے گھر کو کام کرنا پڑتا ہے۔ وہاں حقیقی خواتینِ خانہ اب خال خال ملتی ہیں۔ معاشی اور معاشرتی ڈھانچہ ایسا ہو گیا ہے کہ جو کام نہ کرے اُس کے لیے احترام بھی برائے نام ہے۔ کئی خطوں میں لاکھوں، کروڑوں گھرانے حالات کا دباؤ محسوس کر رہے ہیں۔ کچھ ممالک اپنے ہاں مڈل کلاس کی کمزوری دور کرنے کی بھرپور کوشش کر رہے ہیں۔ بیشتر کا یہ حال ہے کہ مڈل کلاس کمزور پڑ رہی ہے اور پس ماندہ طبقے کی گنتی بڑھتی جا رہی ہے۔ یہ کچلے اور پچھڑے ہوئے لوگ دن رات خوش حالی کے خواب دیکھتے رہتے ہیں مگر خود بھی اچھی طرح جانتے ہیں کہ خوش حالی کوئی چڑیا نہیں کہ جال بچھا کر پکڑی جائے۔ اچھی زندگی ایسے لوگوں سے بہت کچھ مانگتی ہے، اور جو کچھ مانگتی ہے وہ ان کے پاس نہیں ہوتا۔ اس کے نتیجے میں پس ماندگی برقرار رہتی ہے۔

دنیا بھر میں مڈل کلاس پر دباؤ تیزی سے بڑھ رہا ہے۔ شہری علاقوں میں رہائشی عمارتوں کے کرائے بڑھ رہے ہیں۔ اجرتوں اور تنخواہوں میں معقول حد تک باقاعدگی سے اضافہ نہیں ہو رہا۔ زندگی بسر کرنے کا ڈھنگ بھی تیزی سے بدل رہا ہے جو مہنگائی کی چکی میں انسان کو مزید پسنے پر مجبور کر رہا ہے۔ طرزِ زندگی کی تبدیلی، رہن سہن، کام کاج، مستقبل کی منصوبہ سازی ... تمام ہی معاملات پر اثر انداز ہو رہی ہے۔

زندگی بسر کرنے کی لاگت میں اضافے کی رفتار تھم نہیں رہی۔ مکانات کے کرائے بڑھ رہے ہیں جس کے نتیجے میں گھرانے الجھنوں کا سامنا کر رہے ہیں۔ لوگ چھوٹے مکانوں میں رہنے پر مجبور ہیں۔ روزانہ کام پر جانے کے لیے طویل فاصلے طے کرنا پڑتے ہیں۔ سفری کرائے کی مد میں بھی بہت کچھ خرچ کرنا پڑتا ہے۔ لوگ ریٹائرمنٹ کے بعد بھی کام کرنے پر مجبور ہیں۔ اس کے نتیجے میں مڈل کلاس سے تعلق رکھنے والوں کو غیر معمولی جسمانی اور ذہنی پیچیدگیوں کا سامنا ہے۔

یورپ سے لاطینی امریکا تک اور افریقا سے مشرقِ بعید تک مڈل کلاس پر مرتب ہونے والے دباؤ کی پیمائش کچھ مشکل نہیں۔ اعداد و شمار اور حقائق کی مدد سے معلوم کیا جا سکتا ہے کہ کسے زندگی کی کتنی قیمت ادا کرنا پڑ رہی ہے۔ اس کے نتیجے میں معاشروں کی ساخت بھی تبدیل ہو رہی ہے۔

1991ء میں جرمنی میں مڈل کلاس 70 فیصد تک تھی تو 2021ء میں یہ 64 فیصد رہ گئی تھی۔ کسی زمانے میں جرمنی پورے یورپ میں بہترین معاشی ماڈل کہلاتا تھا۔ وہ زمانہ تو گیا۔ اب جرمن مڈل کلاس بھی مشکلات کا سامنا کر رہی ہے۔

جرمنی میں روزگار کی سطح بلند ہے مگر مشکل یہ ہے کہ بہت سی ملازمتیں مستحکم نہیں رہیں۔ چھوٹے اور درمیانے حجم کے کاروباری ادارے کسی زمانے میں محفوظ اور طویل مدت تک کام کرنے کے لیے موزوں سمجھے جاتے تھے۔ اب ایک طرف تو خود کاری بڑھ رہی ہے۔ مینوفیکچرنگ سیکٹر میں مشینوں اور روبوٹس سے کام لیا جا رہا ہے اور دوسری طرف آؤٹ سورسنگ بھی عروج پر ہے، یعنی بہت سے کاروباری ادارے اپنے کام کا بڑا حصہ دوسرے ملکوں میں منتقل کرتے ہیں۔

برلن اور میونخ جرمنی کے دو بڑے شہر ہیں۔ ان دونوں شہروں میں مکانوں کے کرائے ناقابلِ برداشت ہو چکے ہیں۔ اس کے نتیجے میں مڈل کلاس تبدیل ہو رہی ہے۔ پروفیشنلز شدید الجھن میں ہیں کہ آمدنی اور اخراجات کے درمیان توازن کس طور برقرار رکھیں۔ طرزِ زندگی تیزی سے تبدیل ہو رہی ہے۔ اس کے نتیجے میں سوچ بھی بدل رہی ہے۔

امریکی مڈل کلاس بھی شدید دباؤ میں ہے۔ 1971ء میں امریکا کی مڈل کلاس 61 فیصد تھی جو 2021ء میں 50 فیصد رہ گئی۔

امریکا میں مکانوں کے کرائے ہی نہیں بڑھ رہے بلکہ تعلیم کے اخراجات میں بھی ہوش رُبا رفتار سے اضافہ ہو رہا ہے اور صحت سے متعلق معاملات میں بھی بہت کچھ خرچ کرنا پڑ رہا ہے۔ تنخواہیں بہت حد تک جامد رہتی ہیں جس کے نتیجے میں حقیقی خوش حالی خیال و خواب کا معاملہ ہوتی جا رہی ہے۔

ایسا نہیں ہے کہ امریکا میں عسرت نے پیر پسارے ہوئے ہیں۔ امریکی معاشرے میں معاشی تحرک بھی غیر معمولی ہے مگر اس کے باوجود مڈل کلاس سنبھل نہیں پا رہی۔ یہ طبقہ ہمہ وقت خواب دیکھتا رہتا ہے۔ دولت بہت تیزی سے چند ہاتھوں میں مرتکز ہو رہی ہے۔ مڈل کلاس سے تعلق رکھنے والے دن رات محنت کرتے ہیں مگر جو کچھ بھی انہیں ملنا چاہیے وہ مل نہیں پاتا۔ آمدنی کے مقابلے میں اخراجات اتنے زیادہ ہیں کہ بہت کوشش کرنے پر بھی معاملات قابو میں نہیں رہتے۔

ایک بنیادی سوال یہ ہے کہ کیا مڈل کلاس کے خاتمے کی گھڑی آ پہنچی ہے؟ ایسا نہیں ہے۔ مڈل کلاس کو بھرپور توانائی فراہم کرنے کے لیے تجربے کیے جا سکتے ہیں۔ ایک خاص حد تک آمدنی یقینی بنانے اور معقول کرائے یقینی بنا کر مڈل کلاس کی مشکلات دور کی جا سکتی ہیں۔ ایسا نہیں ہے کہ دنیا بھر میں مڈل کلاس ختم ہو چکی ہے یا اب اُسے نئی زندگی نہیں دی جا سکتی۔ معیشتی ڈھانچے کو تھوڑا سا بدل کر اب بھی بہت کچھ حاصل کیا جا سکتا ہے۔

لاطینی امریکا میں مڈل کلاس کو نئی زندگی اور توانائی فراہم کرنے کا تجربہ بہت حد تک کامیاب رہا تھا۔ رواں صدی کے ابتدائی دو عشروں کے دوران برازیل، میکسیکو اور کولمبیا میں مڈل کلاس تیزی سے پروان چڑھی۔ اس دوران لوگوں نے قدرے خوش حالی کے ساتھ زندگی بسر کی۔ پھر کووڈ کے زمانے میں بہت کچھ ختم ہو گیا۔ افراطِ زر کی شرح بڑھ گئی، اجرتیں تھم گئیں اور یوں دو عشروں کی بھرپور ترقی کا پہیہ اُلٹا گھومنے لگا۔

2019ء سے 2022ء تک برازیل کی مڈل کلاس بہت تیزی سے سکڑی کیونکہ کووڈ کی وبا کے باعث لاکھوں افراد کی اجرتیں کم ہو گئیں۔ اس معاشی بحران نے دو عشروں کی بھرپور منصوبہ سازی اور محنت پر پانی پھیر دیا۔

لاطینی امریکا کے لوگوں کا ایک بنیادی مسئلہ یہ ہے کہ شرحِ سود بڑھتی جا رہی ہے اور کرنسیاں کمزور پڑ رہی ہیں۔ اس کے نتیجے میں بچت کی گنجائش برائے نام رہ جاتی ہے اور مشکل گھڑی میں اس براعظم کے لوگ کوئی بڑا سہارا نہیں پاتے۔

چلی اور یوراگوئے میں مڈل کلاس مضبوط ہے۔ ایسا اس لیے ہے کہ ان ملکوں کی حکومتوں نے اداروں کو مضبوط کیا ہے۔ حکومتوں کی مجموعی سوچ یہ ہے کہ لوگوں کو بھرپور خوش حالی ملنی چاہیے۔

چلی نے لاکھوں لوگوں کو غربت کے جال سے نکال کر مڈل کلاس کا حصہ تیزی سے بنایا تھا مگر پھر نوجوانوں میں بڑھتی ہوئی بے روزگاری اور غیر معمولی اخراجات نے لوگوں کے لیے بہتری کی طرف جانا دشوار تر کر دیا۔ اس کے نتیجے میں نئی نسل میں ایک طرح کی بیزاری بھی پیدا ہوئی اور اُس نے معاشی مسابقت سے خود کو الگ کر لیا۔ نئی نسل نے جب دیکھا کہ مواقع گھٹ رہے ہیں تو اُس نے شدید مسابقت کے ذریعے آگے بڑھنے کا تصور ترک کر دیا کیونکہ اُس نے یہ محسوس کر لیا کہ یہ مسابقت زندگی کا تیاپانچا کر دے گی۔

دنیا بھر میں مکانوں کے کرائے بھی بڑھ رہے ہیں اور لاگت یعنی قیمت بھی۔ جو لوگ مکان کے کرائے کے بہت مشکل سے متحمل ہو پاتے ہیں وہ خریدنے کا تو سوچ بھی نہیں سکتے۔ چین کے شہر شین زھین کا یہ حال ہے کہ وہاں ایک اچھے مکان کی قیمت مڈل کلاس سے تعلق رکھنے والے کسی فرد کی سالانہ تنخواہ سے 57 گنا زیادہ ہے۔ چین کے بیشتر مالدار شہروں میں بھی مڈل کلاس سے تعلق رکھنے والے افراد کے لیے رہائش کا مسئلہ سنگین شکل اختیار کر چکا ہے کیونکہ کرائے بھی بہت زیادہ ہیں اور قیمت بھی۔

بھارت میں کم و بیش 31 فیصد آبادی (43 کروڑ 20 لاکھ) مڈل کلاس پر مشتمل ہے۔ حکومت کی طرف سے مڈل کلاس والوں کے لیے کچھ خاص سہولتیں میسر نہیں۔ تعلیم اور صحت پر مڈل کلاس والوں کو بہت زیادہ خرچ

کرنا پڑتا ہے۔ اس کے نتیجے میں گھر کا بجٹ بگڑ جاتا ہے۔

بہت سی مشکلات کے باوجود بھارت میں مڈل کلاس کے پنپنے کی گنجائش موجود ہے۔ ایک طرف آبادی بڑھ رہی ہے اور دوسری طرف معیشت مضبوط ہو رہی ہے۔ چین کی طرح بھارت نے بھی بڑھتی ہوئی آبادی سے مستفید ہونا سیکھ لیا ہے۔ ایسے میں مڈل کلاس کے پنپنے کی راہ ہموار ہوتی جا رہی ہے۔ بے روزگاری کو قابو میں رکھنے کی صورت ہی میں ایسا ممکن ہو سکے گا۔

افریقہ کے بہت سے گھرانے یومیہ 2 تا 10 ڈالر پر زندگی بسر کر رہے ہیں۔ نائیجیریا اور کینیا جیسے ملکوں میں افراطِ زر کی شرح بلند ہے، بے روزگاری بھی ہے اور متوازی معیشتیں بھی کام کر رہی ہیں۔ ان تمام عوامل نے مل کر لوگوں کی قوتِ خرید پریشان کن حد تک گھٹا دی ہے۔ خام قومی پیداوار کی سطح پر بھی مشکلات نمایاں ہیں۔

افریقی معاشروں میں بھی جدید ترین انفارمیشن ٹیکنالوجی کی بہار آئی ہوئی ہے۔ ڈیجیٹل فائنانس نے وہاں بھی ڈیرے ڈال دیے ہیں۔ آن لائن تعلیم بھی اب افریقہ میں پَر پھیلا رہی ہے۔ ایسے میں امید کی جانی چاہیے کہ وہاں بھی مڈل کلاس پروان چڑھے گی۔ افریقہ میں لوگ ماضی سے بہت زیادہ جُڑے ہوئے تھے۔ وہاں لوگ غیر معمولی حد تک روایت پرست رہے ہیں اور آج بھی یہی کیفیت ہے۔ ترقی کی راہیں ماضی پرستی نے مسدود کر رکھی تھیں۔ اب یہ دیواریں گر رہی ہیں۔ امید کی جانی چاہیے کہ افریقہ میں بھی مضبوط مڈل کلاس ابھرے گی۔

ایک بڑا مسئلہ یہ ہے کہ افریقہ بھر میں عدم مساوات پر قابو پانا بہت مشکل رہا ہے۔ جنوبی افریقہ میں عام گھرانے کی آمدنی میں 2011ء کے بعد سے 20 فیصد کمی واقع ہوئی ہے۔ اس سے یہی اندازہ ہوتا ہے کہ خام قومی پیداوار میں اضافہ کسی بھی ریاست کے عام شہریوں کے معیارِ زندگی کی بلندی کا ضامن نہیں ہوتا، اور اس سے مڈل کلاس کی سلامتی کی ضمانت بھی نہیں ملتی۔

چند اقوام یا ملکوں نے مڈل کلاس کو سنبھالنے پر توجہ دی ہے تاکہ معاشرہ مجموعی طور پر خوبی پروان چڑھتا رہے۔ سویڈن، ناروے، ڈنمارک اور چند دوسرے یورپی ملکوں نے مڈل کلاس کو اچھی طرح پروان چڑھایا ہے۔ ٹیکس کا نظام معقول حد تک کارگر ہے اور سرکاری شعبہ خدمات بھی غیر معمولی نوعیت کا ہے۔ کینیڈا میں بھی مڈل کلاس پروان چڑھی ہے کیونکہ تعلیم و صحتِ عامہ کے معاملات حکومت نے کنٹرول کیے ہوئے ہیں۔ ہاں، رہائش کا مسئلہ کینیڈا میں بھی پریشان کن شکل اختیار کر چکا ہے۔ جنوبی کوریا کی حکومت نے بھی تعلیم کا اعلیٰ معیار برقرار رکھ کر، بچت کا رجحان بڑھاتے ہوئے مڈل کلاس کو مضبوط بنایا ہے۔ نئی نسل کو ملازمتوں کے حوالے سے تھوڑی بہت مشکلات کا سامنا ہے تاہم اس کے باوجود مڈل کلاس مستحکم ہے۔ سویڈن میں ملک کی 47 فیصد دولت 10 فیصد کے ہاتھوں میں ہے۔ امریکا میں 10 فیصد آبادی نے 70 فیصد وسائل اپنی مٹھی میں بند کر رکھے ہیں۔

کسی بھی ملک کے لیے مڈل کلاس اس لیے اہم ہے کہ یہ ہاؤسنگ مارکیٹ، سیاست اور اشیائے صرف کی طلب پر براہِ راست اثر انداز ہوتی ہے۔ تمام کاروباری افراد، پالیسی سازوں اور شہریوں کے لیے یکساں طور پر لازم ہے کہ مڈل کلاس کی ذہنیت اور رجحانات کو سمجھیں تاکہ مطابقت رکھنے والی پالیسیاں ترتیب دی جا سکیں۔ آج کی دنیا میں بہت کچھ بہت تیزی سے بدل جاتا ہے۔ مڈل کلاس کا بھی ایسا ہی معاملہ رہا ہے اور یہ رجحان جاری بھی رہ سکتا ہے۔ جدت، سرمایہ کاری اور منصوبہ سازی کے ذریعے مڈل کلاس کو مضبوط بنا کر بہت سی پیچیدگیاں دور کی جا سکتی ہیں۔

عالمگیر سطح پر مڈل کلاس کے لیے پیدا ہونے والی مشکلات انتباہ ہونے کے ساتھ ساتھ روڈ میپ بھی ہیں۔ مہنگی ہوتی ہوئی رہائش اور مالداروں سے معقول حد تک ٹیکس وصول نہ کرنا ایسے عوامل ہیں جو عدم مساوات کو پروان چڑھا رہے ہیں۔ معاشیات اور پالیسیوں کو سمجھنے کی صورت میں چیلنجوں سے نمٹنا آسان ہو جاتا ہے، کامیابی کی طرف بڑھنا ممکن ہوتا ہے اور مڈل کلاس میں رونما ہونے والی تبدیلیاں آسانی سے قابلِ فہم ہو جاتی ہیں۔

عوام مہنگائی میں، حکمران سیاست میں اور مشرقِ وسطیٰ بحران میں

ملک میں ایک دفعہ پھر لانگ مارچ، مظاہروں اور دھرنوں کا ایک نیا سلسلہ شروع ہو چکا ہے۔ جماعت اسلامی نے پیٹرولیم مصنوعات اور مہنگائی کے خلاف پورے ملک میں چھوٹے بڑے دھرنے دیے، لیکن مہنگائی کم ہونے کے بجائے

تحریر۔ ذوالفقار علی طارق قادری

پیٹرولیم مصنوعات میں آئے روز اضافہ دیکھنے میں آیا ہے۔ وزارتِ پیٹرولیم کے ریکارڈ میں بھی ستمبر 2026 کے دوران پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں سے متعلق مسلسل اعلانات موجود ہیں، جبکہ 15 ستمبر کو حکومت اور جماعت اسلامی کے وفد کے درمیان ایندھن کی فراہمی، قیمتوں میں اصلاحات اور ریلیف اقدامات پر بات چیت بھی ہوئی۔ دوسری جانب وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا پنجاب کے دورے میں مصروفِ عمل ہیں۔ سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ کیا یہ ایک نئی تبدیلی کا رخ ہے یا عوام کو الجھانے کا ایک نیا طریقۂ کار؟ عوام پہلے ہی مہنگائی، بے روزگاری، غربت اور بنیادی سہولیات کی کمی کا سامنا کر رہے ہیں۔ ایسے میں احتجاج، دھرنے اور سیاسی سرگرمیاں اپنی جگہ، لیکن عام آدمی یہ پوچھنے میں حق بجانب ہے کہ اس کی زندگی میں آسانی کب آئے گی؟ اس سے قبل اگر دیکھا جائے تو دھرنے اور پُرامن لانگ مارچ والوں پر وہ ظلم ڈھائے گئے جو تاریخ میں مثال نہیں ملتے۔ انتقامی کارروائیوں کا وہ سلسلہ کیا گیا جو اس سے قبل نہیں ہوا تھا۔ پالیسیوں پر اختلاف کرنا جمہوریت کا حسن ہے۔ اختلافِ رائے کو جمہوری معاشرے میں دشمنی نہیں سمجھا جانا چاہیے، بلکہ مختلف آراء کو سننا اور عوام کے مینڈیٹ کا احترام کرنا ہی جمہوری نظام کی اصل روح ہے۔

بلوچستان اور خیبر پختونخوا کے حالات انتہائی ابتر ہیں۔ سفر کرنا ناممکن ہو چکا ہے، سڑکوں، امن و امان، روزگار اور بنیادی سہولیات کے مسائل اپنی جگہ موجود ہیں، لیکن ہم سب صحیح نعرے کو دفن کرنے کے بجائے ہر روز ایک نئی محاذ کھول رہے ہیں۔ عوام کے حقیقی مسائل پر توجہ دینے کے بجائے سیاسی کشمکش بڑھتی جا رہی ہے۔

میں طاقتوروں کو یہ کہنا چاہتا ہوں کہ آپ کے پاس طاقت ہے، اب جو کام کرنا چاہتے ہیں آپ کر گزریں، لیکن طاقت ہمیشہ ایک جیسی نہیں رہتی۔ تاریخ گواہ ہے کہ اقتدار اور اختیار عارضی ہوتے ہیں، جبکہ عوام کی مشکلات، ان کے سوالات اور ان کے ساتھ ہونے والا سلوک تاریخ کے صفحات پر باقی رہتا ہے۔ آج کل غربت اور مہنگائی آسمان کو چھو رہی ہے۔ ایسے حالات میں حکمرانوں کی اولین ذمہ داری یہ ہونی چاہیے کہ عام آدمی کو ریلیف دیا جائے، اس کے روزگار، سفر، علاج، تعلیم اور بنیادی ضروریات کو آسان بنایا جائے۔

دوسری جانب حکمران یہ کہتے ہوئے نہیں تھکتے کہ ہم سعودی عرب کے ساتھ دوست ہیں، معاہدے کر رہے ہیں، خلیجی ممالک ہمارے قریبی دوست ہیں۔ لیکن عوام کے ذہن میں یہ سوال بھی موجود ہے کہ جس قیمت پر ہندوستان کو پیٹرول دیا جا رہا ہے، جس قیمت پر دوسرے ممالک کو پیٹرول فراہم کیا جا رہا ہے، اس قیمت میں پاکستان کو پیٹرول کی فراہمی کیوں نہیں دی جا رہی؟ اگر دوستیاں اور برادرانہ تعلقات ہیں تو ان تعلقات کا فائدہ عام پاکستانی کو بھی نظر آنا چاہیے۔

اب بات کرتے ہیں مشرقِ وسطیٰ کی، جہاں یمن اور سعودی عرب کے درمیان کشیدگی نے ایک بار پھر خطے کو نئے بحران سے دوچار کر دیا ہے۔ حالیہ دنوں سعودی حکام نے مکہ مکرمہ کی سمت ایک حوثی ڈرون کو روکنے کا دعویٰ کیا ہے، جبکہ حوثی حکام نے اس الزام کی تردید کی ہے۔ سعودی وزارتِ خارجہ نے اس واقعے کو حرمِ مکی کی طرف حملے کی کوشش قرار دیتے ہوئے مذمت کی ہے۔

حوثی جس مذہب یا نظریے کے بھی پیروکار ہیں، بیت اللہ اور مسجد نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر کبھی بھی حملہ نہیں کریں گے کیونکہ مسلمانوں کے لیے محض عمارتیں نہیں بلکہ انتہائی مقدس مقامات ہیں۔ ان مقدس مقامات کی طرف کسی بھی قسم کا خطرہ پوری امتِ مسلمہ کے لیے انتہائی حساس معاملہ ہے۔ سعودی عرب اور حوثیوں کے درمیان تنازع صرف ایک دن یا ایک واقعے کی پیداوار نہیں۔ یمن کی جنگ کئی برس سے جاری ہے اور اس میں سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، امریکہ اور دیگر بیرونی قوتوں کا مختلف ادوار میں کردار رہا ہے۔ موجودہ صورتحال میں حوثیوں کی جانب سے سعودی علاقوں اور توانائی کے بنیادی ڈھانچے پر حملوں کی اطلاعات بھی سامنے آئی ہیں، جبکہ سعودی عرب کی جانب سے یمن میں فضائی کارروائیاں کی گئی ہیں۔

لیکن یہاں ایک بنیادی سوال بھی اٹھتا ہے: جب مسلمان یمن، شام، فلسطین، لبنان، افغانستان، عراق اور ایران سمیت مختلف علاقوں میں جنگوں، بھوک، غربت اور تباہی کا شکار ہوئے تو مسلم دنیا نے ان بحرانوں کو کس حد تک سنجیدگی سے لیا؟ فلسطین میں بھوک، افلاس اور بیماری سے انسانی جانوں کا ضیاع جاری رہا ہے اور یہ مسئلہ آج بھی امتِ مسلمہ کے لیے ایک بڑا سوال ہے۔

خلیجی ممالک کے حوالے سے بھی عوام میں سوالات موجود ہیں۔ دبئی، شارجہ اور دیگر ممالک خود کو مسلم ممالک کہتے ہیں، لیکن دوسری جانب وہاں مغربی طاقتوں کے ساتھ گہرے سیاسی، معاشی اور دفاعی تعلقات قائم ہیں۔ مشرقِ وسطیٰ میں امریکہ کی وسیع فوجی موجودگی بھی ایک حقیقت ہے؛ سعودی عرب، قطر، بحرین، متحدہ عرب امارات، کویت اور دیگر ممالک میں امریکی فوجی تنصیبات یا فوجی موجودگی موجود رہی ہے۔ اور وہیں سے ہی مسلم ممالک پر عمل کیے جا چکے ہیں اس پر یہ لوگ کیوں خاموش تھے کیا وہاں پر مسلمانوں کے جانے ضیاء نہیں ہو رہے تھے کیا مسلمانوں پہ ظلم نہیں ہو رہا تھا کیا مسلمانوں کے چیتھڑے نہیں اڑ رہے تھے۔ جب دینِ اسلام کی بات ہو، 295-C کی بات ہو، مکہ اور مدینہ کی بات ہو تو کسی بھی حساس معاملے کو مسلمان برداشت کرنے کے لیے تیار نہیں ہوں گے۔ کبھی 295-C ختم کرنے کی بات آتی ہے تو کہیں اسلام کو پرانے زمانوں سے تصور پیش کیا جا رہا ہے۔ ایسے حالات میں سعودیہ اور مسلم ممالک کو اپنی پالیسیوں کا جائزہ لینا چاہیے اور اپنی خارجہ پالیسی میں امتِ مسلمہ کے مفادات، فلسطین، حرمین شریفین اور مسلم عوام کے جذبات کو بھی اہمیت دینی چاہیے۔ یمن شام عراق و دیگر مسلم ممالک میں جتنی قتل و غارت ہوئی، جتنی تباہی ہوئی، مسلم ممالک میں جو بحران پیدا ہوئے، ان کے پیچھے سعودیہ کا اہم کردار رہا ہے مختلف علاقائی اور عالمی طاقتوں کے مفادات، جنگیں، سیاسی فیصلے، مسلح گروہوں کی کارروائیاں اور باہمی تنازعات اس پورے بحران کا حصہ ہیں۔ اسی لیے مسلم دنیا کو جذباتی نعروں سے آگے بڑھ کر ایک سنجیدہ، متحد اور اصولی حکمتِ عملی کی ضرورت ہے۔

ہم یہاں حکمرانوں سے کہنا چاہتے ہیں کہ ملک میں انتقامی کارروائیوں کا سلسلہ بند کیا جائے۔ علماء کرام، قائدین اور دیگر سیاسی و مذہبی جماعتوں کے مینڈیٹ کو تسلیم کیا جائے۔ اختلافِ رائے کو دشمنی نہ بنایا جائے۔ سیاسی کارکنوں اور مخالفین کے ساتھ قانون اور آئین کے مطابق سلوک کیا جائے۔ ملک اس وقت ایسے مزید انتشار کا متحمل نہیں ہو سکتا۔

آج ضرورت اس بات کی ہے کہ ہم سب ایک دوسرے کو کمزور کرنے کے بجائے ملک کو مضبوط کریں۔ سیاسی جماعتیں، مذہبی قیادت، علماء کرام، حکمران اور عوام سب مل کر اس ملک کے مسائل کا حل تلاش کریں۔ مہنگائی کے خلاف آواز اٹھانے والوں کو سنا جائے، عوام کے حقیقی مسائل کو ترجیح دی جائے، بلوچستان اور خیبر پختونخوا کے حالات بہتر کیے جائیں اور ملک میں امن و امان، روزگار اور سفر کی سہولیات بحال کی جائیں۔

دشمنوں کے خلاف سیاسی اختلافات سے بالاتر ہو کر سب یک جان ہو کر سیسہ پلائی دیوار ثابت ہوں، مگر اپنے ہی شہریوں، سیاسی مخالفین اور اختلاف رکھنے والوں کو دشمن سمجھنے کے بجائے انہیں جمہوری نظام کا حصہ سمجھا جائے۔ کیونکہ ملک صرف طاقت سے نہیں، عدل، انصاف، برداشت، اتحاد اور عوام کے اعتماد سے مضبوط ہوتے ہیں۔

☆☆☆☆

☆☆

حکمت

"اللہ سے ڈرنے والے لوگوں کیلئے مالداری میں کوئی حرج نہیں ہے اور تندرستی اللہ سے ڈرنے والے لوگوں کیلئے مالداری سے بہتر چیز ہے اور قلب کی خوشی اور اطمینان اللہ تعالیٰ کی نعمت ہے۔"

فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے امریکی وفد کی ملاقات

چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے امریکی کمپنی پاورس کے وفد نے جی ایچ کیو میں ملاقات کی۔ وفد کی قیادت ریٹائرڈ جنرل ڈیوڈ پیٹریاس نے کی۔ ملاقات میں دو طرفہ تعلقات، خطے کی صورتحال اور دفاعی ٹیکنالوجی میں ہونے والے رجحانات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس دوران دفاعی آلات و سامان کی تیاری، تجارتی اور استعداد کار بڑھانے کے شعبوں میں تعاون کے امکانات بھی زیر غور آئے۔ ملاقات میں فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے قومی سلامتی اور علاقائی استحکام کو مستحکم بنانے کے لیے مشترکہ کوششوں اور موثر حکمت عملی کی اہمیت پر زور دیا۔ دونوں جانب سے باہمی دلچسپی کے شعبوں میں تعاون اور روابط کو فروغ دینے میں دلچسپی کا اظہار کیا گیا۔ امریکی کمپنی پاورس خود مختار ٹیکنالوجی اور مصنوعی ذہانت پر مبنی نظاموں کے شعبے میں کام کرتی ہے۔ کمپنی کی سرگرمیوں میں دفاعی و مشترکہ نظام، بغیر پائلٹ فضائی گاڑیاں، ڈرون شکن ٹیکنالوجی، نگرانی، رسد اور اہم تنصیبات کے تحفظ کے خودکار حل شامل ہیں۔ جنگلات میں آتشزدگی کی نگرانی، زراعت اور بحری خودمختاری بھی اس ٹیکنالوجی کے استعمال کے شعبوں میں شامل ہیں۔ پاکستان اور امریکہ کے تعلقات کی تاریخ بھی مختلف ادوار میں نشیب و فراز سے گزرتی رہی ہے۔ دونوں ممالک کے درمیان جب قریبی شراکت داری رہی تو وہ خاصی گہری رہی، تاہم علاقائی حالات، باہمی مفادات اور مختلف پالیسی اختلافات کے باعث بعض ادوار میں سرد مہری بھی پیدا ہوئی۔ نائن الیون کے بعد پاکستان نے دہشت گردی کے خلاف عالمی کوششوں میں امریکہ کا ساتھ دیا اور اس جنگ کی بھاری انسانی و معاشی قیمت ادا کی۔ پاکستانی وزارت خارجہ کے مطابق اس عرصے میں پاکستان کے 90 ہزار سے زائد افراد جاں بحق ہوئے جبکہ معاشی نقصان 150 ارب ڈالر سے تجاوز کر گیا۔ امریکہ نے کولیشن سپورٹ فنڈ کے ذریعے پاکستان کو انسداد دہشت گردی کی کارروائیوں اور امریکی قیادت میں ہونے والی جنگی سرگرمیوں کے سلسلے میں اخراجات کی کسی حد تک تلافی کی۔ امریکی کانگریس کی تحقیقی دستاویزات کے مطابق کولیشن سپورٹ فنڈ بنیادی طور پر پاکستان کے ان اخراجات کی واپسی کا ذریعہ تھا جو دہشت گردی کے خلاف کارروائیوں اور امریکی فوجی سرگرمیوں میں معاونت کے دوران ہوئے۔ تاہم پاکستان کی جانب سے دہشت گردی کے نتیجے میں اٹھائے گئے مجموعی انسانی اور معاشی نقصانات کا حجم ان ادائیگیوں سے کہیں زیادہ رہا۔ آج پاک امریکہ تعلقات میں ایک مرتبہ پھر مثبت پیش رفت دیکھنے میں آ رہی ہے۔ جون 2026 میں پاکستانی وزارت خارجہ نے دونوں ممالک کے تعلقات کے مثبت رخ، تجارت، سرمایہ کاری، سلامتی اور انسداد دہشت گردی میں تعاون بڑھانے کی بات کی جبکہ اگست 2026 میں دونوں ممالک نے انسداد دہشت گردی تعاون مزید مضبوط بنانے پر اتفاق کیا۔ ایسے میں موجودہ گرمجوشی پر مبنی تعلقات کو دفاعی تعاون تک محدود رکھنے کے بجائے پاکستان کی دہشت گردی سے متاثرہ معیشت اور بنیادی ڈھانچے کی بحالی کے لیے بھی وسیع تر شراکت داری میں تبدیل کیا جا سکتا ہے۔ امریکہ کے ساتھ یہ معاملہ اس انداز میں اٹھایا جا سکتا ہے کہ پاکستان نے دہشت گردی کے خلاف عالمی جنگ میں جو انسانی اور معاشی قیمت ادا کی، اس کے اعتراف کے ساتھ انفراسٹرکچر، متاثرہ علاقوں کی بحالی، جدید ٹیکنالوجی اور صنعتی استعداد میں سرمایہ کاری کی جائے۔ پاورس جیسی کمپنی کے ساتھ ممکنہ تعاون اسی وسیع تر شراکت داری کا حصہ بن سکتا ہے۔ خودکار نظام، مصنوعی ذہانت، جدید نگرانی، ڈرون شکن ٹیکنالوجی اور اہم تنصیبات کے تحفظ میں تعاون پاکستان کی دفاعی اور تکنیکی استعداد بڑھانے کے ساتھ ساتھ مقامی صنعت، تحقیق اور روزگار کے نئے مواقع بھی پیدا کر سکتا ہے۔ یوں موجودہ پاک امریکہ تعلقات کو باہمی احترام کی بنیاد پر مستقل کی ایسی شراکت داری میں تبدیل کیا جا سکتا ہے جس میں پاکستان کی سلامتی، معاشی بحالی، تکنیکی خود انحصاری اور دہشت گردی سے متاثرہ انفراسٹرکچر کی تعمیر نو کو بھی مناسب اہمیت حاصل ہو۔

پریک اور اوپن ایئر تماشا

عبداللہ طارق سہیل

ملک میں نئے صوبے اور نئی طرز حکمرانی کی ضرورت!

آصف رفیق

نیشنل ایکشن پلان کی کامیابیاں

حیدر علی

منبرہ و نہر میں قلت آب کی اصل تکنیکی وجہ توجہ طلب

شوکت لاشاری

دنیا ایک نئے خطرناک موڑ پر (آخری قسط)

محمد اکرم چوہدری

معیشت بچانے کے نام پر معیشت بند کرنے کا راستہ؟

فرحت عباس شاہ

عظیم سائنسی ایجادات اور انسان کش مہمات

مسرت قیوم

وفاقی وزیر وزیر ثقافت اورنگزیب خان کھچی اور صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو سول سوسائٹی کی تنظیموں کے ساتھ اعلیٰ سطحی مشاورتی اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

حکومت لائیوسٹاک کے شعبے کی بہتری کیلئے اقدامات کر رہی ہے، فیصل جمالی

صوبائی وزیر کوٹ نور محمد جمالی میں نئی تعمیر کردہ جدید ویٹرنری ہسپتال کا افتتاح کر دیا' علاقے ویٹرنری ہسپتال کی اشد ضرورت تھی

ہسپتال میں جدید لیبارٹری بھی قائم کی گئی ہے، جہاں جانوروں کے مختلف ٹیسٹ اور بیماریوں کی تشخیص کی سہولت دستیاب ہوگی

اوستہ محمد (سونا جمالی) صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردارزادہ فیصل خان جمالی نے کوٹ نور محمد جمالی میں نئی تعمیر کردہ جدید ویٹرنری ہسپتال کا افتتاح کر دیا تفصیلات کے مطابق صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردارزادہ فیصل خان جمالی نے آج ڈپٹی کمشنر استا محمد محمد رمضان پلال کے ہمراہ کوٹ نور محمد جمالی میں نئی تعمیر کردہ اور جدید سہولیات سے آراستہ ویٹرنری ہسپتال کا باقاعدہ افتتاح کیا افتتاحی تقریب میں

بقیہ 41 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

طالبان حکومت کے 5 سال، طالبان 2.0 نے افغانستان کو دہشت گردی کا گڑھ اور تباہی کے دہانے پر پہنچا دیا

کابل (آن لائن) ساؤتھ ایشیا ٹائمز نے 15 اگست 2021 سے لے کر اب تک کے پانچ سالہ دورِ حکومت کا احاطہ کرتے ہوئے ایک انتہائی اہم اور تفصیلی تحقیقاتی رپورٹ طالبان 2.0: دی فائیو ایئر لیجر جاری کر دی ہے۔ رپورٹ میں واضح کیا گیا ہے کہ طالبان رجیم نہ صرف اپنے عوام اور عالمی برادری کی توقعات پر پورا اترنے میں ناکام رہی

بقیہ 13 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

دہشتگردی کی کارروائیاں امن کیلئے سنگین خطرہ ہیں' سردار عبدالرحمن کھیتران

کوہاٹ کے پرانا پولیس لائن مسجد میں پیش آنے والے دھماکے پر گہرے رنج و غم کا اظہار

کوئٹہ (آن لائن) سردار عبدالرحمن کھیتران نے کوہاٹ کے پرانا پولیس لائن مسجد میں پیش آنے والے دھماکے پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے پولیس اہلکار کی شہادت اور متعدد افراد کے زخمی ہونے پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے ایک بیان میں سردار عبدالرحمن کھیتران نے کہا کہ عبادت گاہ میں معصوم افراد اور فرائض انجام دینے والے پولیس

بقیہ 12 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

حرمین شریفین کے حرمت پر جارحیت قابل مذمت ہے، مولانا رمضان مینگل

کوئٹہ (آن لائن) سنی علماء کونسل بلوچستان کے امیر مولانا محمد رمضان مینگل نے کہا ہے کہ حرمین شریفین کے حرمت پر کسی بھی قسم کی جارحیت قابل مذمت ہے جس سے مسلم امہ کے دلوں کو ٹھیس پہنچا ہے پاکستان سمیت مسلم ممالک حوثیوں کی جارحیت کا منہ توڑ جواب دینے کیلئے اپنا کردار ادا کریں جو کہ ہر مسلمان کی ذمہ داری ہے۔ ان

بقیہ 14 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

یوتھ پبلک اکاؤنٹیبلٹی فورم کے ممبران میر بہرام بلوچ، میر بہرام لہڑی و دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

پاکستان کی مستقبل کی معیشت برآمدات پر استوار ہونی چاہیے، احسن اقبال

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے غلام اسحاق خان انسٹی ٹیوٹ میں ڈیجیٹل ڈیزائن اینڈ ویری فیکیشن تربیتی پروگرام 2026 کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان کی مستقبل کی معیشت کو ٹیکنالوجی، جدت اور برآمدات کی مضبوط ستونوں پر استوار کرنا ہوگا۔

بقیہ 46 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

صوبائی وزیر صحت کی کوہاٹ دھماکے کی شدید مذمت

دہشتگرد اپنے مذموم مقاصد کے لیے معصوم لوگوں کو نشانہ بنا رہے ہیں، بخت محمد کاکڑ

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما اور صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کوہاٹ کے پرانا پولیس لائن مسجد میں ہونے والے دھماکے کی پرزور اور شدید مذمت کرتے ہوئے واقعے میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا

بقیہ 15 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

سرکاری ملازمتوں میں معذور افراد کیلئے خصوصی کوٹہ مقرر کیا گیا ہے، سائرہ عطاء

معذور افراد کو معاشرے کا فائدہ مند شہری بنانے کیلئے پالیسی پر عملدرآمد کر رہی ہے، کمشنر بلوچستان

بقیہ 16 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

شہید میر رفیق بجٹی کو جرأت کی علامت کے طور پر یاد کیا جاتا رہے گا، بلال خان

بقیہ 18 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

سنجل روڈ پر نامعلوم افراد کی فائرنگ، اے جی آفس کا ملازم جاں بحق

پولیس کے مطابق واقعے کی تحقیقات شروع کر دی گئی ہیں، مقتول کی لاش اسپتال منتقل

بقیہ 17 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

میر رحمت صالح بلوچ تربت پریس کلب کے کابینہ کو مبارکباد

بقیہ 19 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ' گھر میں دھماکہ، 2 افراد جاں بحق

گھر میں دھماکہ خیز مواد موٹر سائیکل میں نصب تھا، جو گھر کے اندر پھٹ گیا

بقیہ 1 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

بلوچستان سینٹر آف ایکسیلینس اور پاپولیشن فنڈ کے اشتراک سے کوئٹہ میں ورکشاپ کا انعقاد

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان سینٹر آف ایکسیلینس برائے پاپولیشن (PPAF) کے اشتراک سے مقامی ہوٹل میں ایک اہم کانفرنس کا انعقاد کیا گیا۔

بقیہ 2 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

جمعیت علماء اسلام سیاسی جماعت نہیں نظریاتی و فکری تحریک ہے' مولانا واسع

جمعیت علماء اسلام نے جمہوریت، قومی خودمختاری کے تحفظ کی جدوجہد جاری رکھے ہوئے ہے

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع نے اسلام آباد میں اپنی رہائش گاہ پر جے یو آئی کے کارکنوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ جمعیت علماء اسلام محض سیاسی جماعت نہیں بلکہ ایک نظریاتی و فکری تحریک ہے جو گزشتہ ایک صدی سے اسلام، آئین، جمہوریت، قومی خودمختاری اور عوامی حقوق کے تحفظ کی جدوجہد جاری رکھے ہوئے ہے، یہ جنگ آج کی نہیں بلکہ سو سالہ جدوجہد کا تسلسل ہے، برصغیر

بقیہ 3 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے وائس چانسلر سردار بہادر خان وومن یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر روبینہ مشتاق ملاقات کر رہی ہیں

چیف الیکشن کمشنر و الیکشن کمیشن کے ممبران کے حوالے سے اپوزیشن لیڈر اور وزیر اعظم کے مابین ملاقات نہ ہو سکی

بقیہ 45 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

حرمین شریفین کی تحفظ ایمان کا حصہ ہے، مولانا عبدالقادر لونی

شعار اسلام کا دفاع اور ان کی حرمت کی پاسداری صرف ایک خطے کا مسئلہ نہیں

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے امیر مرکزیہ مولانا عبدالقادر لونی مرکزی جنرل سیکرٹری مولانا محمود الحسن قاسمی، صوبائی امیر مولانا قاری مہر اللہ، صوبائی جنرل سیکرٹری مفتی شفیع الدین، صوبائی منتخب اعلیٰ مولانا نیاز محمد، صوبائی منتخب مولانا نیاز محمد مولانا رفیع اللہ آغا، صوبائی سیکرٹری اطلاعات مولانا رحمت اللہ حقانی مرکزی رکن شوریٰ مولانا علاء الدین مولانا محمد ابراہیم مولانا احسان اللہ قاری ہدایت اللہ قاری آغا محمد جامعہ فاروقیہ کے جلسہ دستار بندی علامہ حافظ فضل محمد کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حرمین شریفین کی تحفظ

بقیہ 4 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

گورنر بلوچستان کا کوہاٹ دھماکے پر گہرے رنج و غم کا اظہار

بقیہ 8 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

کمشنر کوئٹہ کی زیر صدارت کوئٹہ گرین بس سروس کے حوالے سے اجلاس

کوئٹہ گرین بس سروس کے تمام معاملات کو مرحلہ وار ڈیجیٹلائز کیا جائے' ذیشان لاشاری

کوئٹہ (خ ن) کمشنر کوئٹہ ڈویژن ذیشان لاشاری کی زیر صدارت کوئٹہ گرین بس سروس میں عوام کو فراہم کی جانے والی سہولیات، ڈیجیٹلائزیشن، بزنس پلان، مانیٹرنگ اور دیگر امور کے حوالے سے جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی، سیکرٹری ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی نعمت اللہ ترین، ڈویژنل ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ کوئٹہ ڈویژن ظہور احمد، محکمہ ٹرانسپورٹ، پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ اور دیگر کنسلٹنٹ فرم سمیت دیگر متعلقہ حکام نے شرکت

بقیہ 5 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

مستونگ، کردگاپ میں دھماکہ خیز مواد سے کوئٹہ تفتان شاہراہ کا پل اڑا دیا گیا

بقیہ 10 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

بلوچستان میں اعلیٰ افسران کے تبادلے و تعیناتیاں

بقیہ 9 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

آئی جی پولیس بلوچستان کا کرپشن کیخلاف بڑا اقدام ایس او پی جاری

کرپشن انکوائریاں اب اضلاع کو واپس نہیں بھیجی جائیں گی، سنٹرل پولیس آفس

کوئٹہ (یو این اے) آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر نے وزیر اعلیٰ بلوچستان کی کرپشن کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر عملدرآمد کے لیے انٹرنل اکاؤنٹیبلٹی برانچ (IAB) کو مضبوط بنانے کی خاطر جامع ایس او پی جاری کر دی ہے۔ ایس او پی کے تحت IAB کو ایک بااختیار اور فیصلہ کن احتسابی فورم کے طور پر فعال کیا گیا ہے، ڈی آئی جی IAB صوبہ بھر سے موصولہ شکایات کا روزانہ جائزہ لیں گے، ریجنل ایس پیز ایس آئی اور اس سے اوپر کے

بقیہ 6 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

مکہ مکرمہ کی سلامتی پوری امت مسلمہ کیلئے ریڈ لائن ہے، علی حسن زہری

حرم پاک کی حرمت سے کھیلنے کی کسی کو اجازت نہیں دی جاسکتی، رہنما پیپلز پارٹی

بقیہ 11 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

ہمارا احتجاج پرامن ہے اور عوام کو ریلیف دینے کیلئے ہے، حافظ نعیم الرحمن

اس وقت عوام عذاب میں مبتلا ہیں اور حکومت ریلیف دینے پر آمادہ نہیں، حکومت کو لیوی کی شکل میں بھتہ خوری ختم کرنا ہوگی

لیوی کی مد میں حکومت نے کمائی شروع کر دی، اپنی شاہ خرچیوں کو ختم نہیں کیا، اس سے پاکستان کی صنعتوں اور تجارت پر اثر، پریس کانفرنس

بقیہ 42 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

محکمہ جنگلات کے متاثرہ نوجوانوں کیساتھ ناانصافی ناقابل قبول ہے' چوہدری شبیر

منسوخ شدہ تقرریاں فوری بحال کی جائیں، حکومت نوجوانوں فراہم کرنے کیلئے اقدامات کرے

بقیہ 7 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

کوہاٹ مسجد میں دھماکہ اسلام دشمن عناصر کی کارستانی ہے، تحریک نفاذ فقہ جعفریہ

کوئٹہ (آن لائن) تحریک نفاذ فقہ جعفریہ بلوچستان کے بیان میں کہا گیا ہے کہ کوہاٹ مسجد میں دھماکہ نمازیوں کی شہادت اسلام و پاکستان دشمن عناصر کی کارستانی ہے جس کی زور مذمت کرتے ہیں حکومت زخمیوں کو ہر ممکن سہولیات فراہم کرے قائد

بقیہ 20 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان ترقیاتی منصوبوں کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

اساتذہ کی حاضری اور کارکردگی پر سمجھوتہ نہیں ہوگا' عبدالقدوس اچکزئی

ضلع کی دونوں تحصیلوں میں اسسٹنٹ کمشنرز کی سربراہی میں کمیٹیاں تشکیل دی جائیں گی

زیارت (خ ن) ڈپٹی کمشنر عبدالقدوس اچکزئی کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ اجلاس: غیر حاضر اساتذہ کے خلاف کارروائی، اسکولوں کی نگرانی کے لیے کمیٹیاں تشکیل، اساتذہ کی حاضری اور کارکردگی پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا، غیر حاضر اساتذہ کے خلاف کارروائی کا فیصلہ۔ ڈپٹی کمشنر زیارت عبدالقدوس اچکزئی کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع بھر میں تعلیمی امور، سرکاری اسکولوں کی کارکردگی، اساتذہ کی حاضری، طلبہ کے تعلیمی معیار اور تعلیمی سہولیات کی فراہمی سمیت دیگر متعلقہ امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر لطیف اللہ غرشین، ڈسٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن

بقیہ 21 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

بارکھان' 85 آسامیوں پر واک ان انٹرویوز کا سلسلہ چوتھے روز بھی جاری

امیدواروں کو میرٹ اور شفاف طریقہ کار کے تحت انٹرویو کے مواقع فراہم کیے گئے

بارکھان/رکھنی (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور حکومت بلوچستان کی پالیسی کے مطابق محکمہ صحت کوہ سلیمان ڈویژن میں ڈاکٹرز کی مختلف کیٹیگریز کی 85 آسامیوں پر واک ان انٹرویوز کا سلسلہ چوتھے روز بھی جاری رہا۔ انٹرویوز کمشنر کوہ سلیمان ڈویژن مجیب الرحمن قمبرانی کی زیر صدارت منعقد ہوئے، جہاں مختلف آسامیوں کے لیے امیدواروں کی جانب سے شرکت کی گئی۔ اس موقع پر ایڈیشنل کمشنر عبدالباسط بزدار، ڈپٹی کمشنر بارکھان ڈیرہ بگٹی ریاض احمد داوڑ، ڈویژنل ڈائریکٹر ہیلتھ کوہ سلیمان ڈویژن ڈاکٹر محمد حسن ڈوکی، ڈی

بقیہ 22 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

سینئر صحافی نصیر احمد خان کاکڑ پر تشدد انتہائی قابلِ مذمت ہے، جے یو آئی

صحافیوں کو آزادانہ ماحول فراہم کرنا حکومت کی بنیادی ذمہ داری ہے،، مذہبی و سیاسی رہنما

کوئٹہ (یو این اے) سینئر صحافی و یو این اے کے بیورو چیف نصیر احمد خان کاکڑ پر تشدد قابل مذمت ہے صحافیوں کا تحفظ حکومت کی ذمہ داری ہے تشدد میں ملوث ملزمان کو فوری طور پر گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے۔ ان خیالات کا اظہار جمعیت علمائے اسلام ضلع کوئٹہ کے سابق سیکرٹری اطلاعات و امیر نجم المدارس یونٹ کلی چلتن ریسانی ہزار گنجی مولانا محمد طاہر توحیدی جنرل سیکرٹری ڈاکٹر ظفر اللہ خان بنگش اور یونٹ کے مجلس عاملہ کے کیا راکین نے سینئر صحافی نصیر احمد خان کاکڑ پر تشدد کے واقعے پر گہری دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ صحافی معاشرے میں عوامی مسائل، ناانصافیوں اور مظلوم طبقات کی آواز ایوان اقتدار

بقیہ 23 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

مچھ' کوئلہ کانوں میں حادثات کی روک تھام کیلئے آگاہی ریلی

مائنز انسپکٹر قربان علی عمرانی کی قیادت میں ریلی پریس کلب مچھ پہنچ گئی

مچھ (آن لائن) مچھ کوئلہ کانوں میں حادثات کی روک تھام اور کان کنوں کی زندگیوں کے تحفظ کیلئے مائنز آفس مچھ سے مائنز انسپکٹر مچھ قربان علی عمرانی کی قیادت میں آگاہی ریلی نکالی گئی، جو مچھ کے مختلف راستوں سے ہوتی ہوئی پریس کلب مچھ پہنچی۔ ریلی کے شرکاء نے ہاتھوں میں پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے، جن پر مائنز حادثات سے بچاؤ اور حفاظتی اقدامات کے حوالے سے مختلف نعرے درج تھے آگاہی ریلی میں مختلف کول مائنز کے مزدور، مالکان، منیجرز، پاکستان سنٹرل مائنز لیبر فیڈریشن کے عہدیداران، مختلف طبقہ فکر سے تعلق رکھنے والی شخصیات اور دیگر نے شرکت کی ریلی سے خطاب کرتے ہوئے مائنز انسپکٹر مچھ قربان علی عمرانی نے کہا کہ ہمارا اور آپ کا

بقیہ 24 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

گھوڑا چوک پر مسافر بس کی دو موٹر سائیکلوں کو ٹکر ایک شخص جاں بحق تین زخمی

خضدار (آن لائن) گھوڑا چوک پر مسافر بس کی دو موٹر سائیکلوں کو ٹکر ایک شخص جاں بحق تین زخمی تفصیلات کے مطابق خضدار شہر میں بس کی ٹکر سے ایک شخص جاں بحق تین افراد زخمی۔ جاں بحق شخص کی شناخت غلام مصطفیٰ قوم پھنڈ کے نام سے ہوئی ہے خضدار، زخمیوں میں دو سگے بھائی اور میاں بیوی شامل ہیں بس ڈرائیور چابیاں لیکر موقع سے

بقیہ 25 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

پائیدار ترقی کے لیے انقلابی اقدامات کا آغاز کر دیا گیا ہے، خالد شمس

برشور (خ ن) ڈپٹی کمشنر قلائٹ لیفٹیننٹ (ر) خالد شمس نے ضلع برشور کے قبائلی و سیاسی عمائدین کے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ نئے قائم شدہ ضلع کی انتظامی و معاشی بہتری اور پائیدار ترقی کے لیے انقلابی اقدامات کا آغاز کر دیا گیا ہے، جس کے تحت ضلع بھر میں ترقیاتی منصوبوں کے تسلسل

بقیہ 26 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

گوادر، جامعہ گوادر کے طلبہ کا جی ڈی اے پاک چین فرینڈشپ ہسپتال کا مطالعاتی دورہ

گوادر (یو این اے) جامعہ گوادر کے شعبہ کیمسٹری کے طلبہ نے طبی تشخیصی عمل اور کلینیکل لیبارٹری کے طریقہ کار سے عملی واقفیت حاصل کرنے کے لیے جی ڈی اے پاک چین فرینڈشپ ہسپتال، زیر انتظام انڈس ہسپتال اینڈ ہیلتھ نیٹ ورک کا مطالعاتی دورہ کیا۔ مطالعاتی دورہ فیکلٹی آف سائنس اینڈ انجینئرنگ کے ڈین ڈاکٹر محب اللہ کی ہدایات پر

بقیہ 27 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

ڈپٹی کمشنر خضدار نے بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلا کر مہم کا افتتاح کر دیا

خضدار (خ ن) کی انسداد پولیو مہم کا باقاعدہ آغاز کر دیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی نے بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلا کر مہم کا افتتاح کر دیا۔ ضلع خضدار میں اس مہم کے دوران 90 ہزار سے زائد پانچ سال سے کم عمر بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کا ہدف مقرر کیا گیا

بقیہ 28 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

نرسنگ کالج کے قیام کی کوششوں میں اہم پیشرفت سامنے آئی ہے' ہدایت الرحمن

گوادر میں نرسنگ کالج کا قیام مقامی نوجوانوں کیلئے پیشہ ورانہ تعلیم کے نئے مواقع پیدا کرے گا

گوادر (خ ن) رکن صوبائی اسمبلی گوادر مولانا ہدایت الرحمن بلوچ کی جانب سے گوادر میں نرسنگ کالج کے قیام کے لیے جاری کوششوں میں اہم پیش رفت سامنے آئی ہے۔ محکمہ صحت بلوچستان کی ٹیم نے مولانا ہدایت الرحمن بلوچ کے ہمراہ نرسنگ کالج کے لیے مجوزہ عمارت اور جگہ کا تفصیلی دورہ کر کے مختلف پہلوؤں کا جائزہ لیا ان کا کہنا تھا گوادر کے عوام کو صحت کے شعبے میں بہتر اور معیاری سہولیات کی فراہمی، بالخصوص مقامی نوجوانوں کے لیے طبی تعلیم و تربیت کے مواقع پیدا کرنے کے لیے گوادر میں نرسنگ کالج کے قیام کا معاملہ محکمہ صحت بلوچستان کے حکام کے سامنے پیش کیا تھا۔ اس سلسلے میں مناسب جگہ کے انتخاب اور عمارت کے جائزے کے لیے محکمہ صحت بلوچستان کی ٹیم نے گوادر کا دورہ کیا اس موقع پر چیف پلاننگ آفیسر محکمہ صحت

بقیہ 29 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

ڈپٹی کمشنر کیچ کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کا اجلاس

کیچ میں قائم تعلیمی اداروں، اسکولوں کی تعداد اور حالیہ مانیٹرنگ سرگرمیوں کے حوالے سے بریفنگ دی گئی

تربت (خ ن) ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کا اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں ضلع کیچ کے تعلیمی اداروں کی مجموعی صورتحال، اسکولوں کی مانیٹرنگ، بنیادی سہولیات کی فراہمی، اساتذہ کی کارکردگی اور تعلیمی معیار میں بہتری کے حوالے سے مختلف امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنر بلیدہ ابوبکر میروانی، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر کیچ امجد شہزاد، ڈی او ای اصغر علی، ڈی ڈی او ای ممتاز علی، اے ڈی او ای دشت نبی بخش، ڈی ڈی او ای ہوشاب عبیداللہ، ڈی ڈی او ای تربت محمد نعیم، ڈی پی ایم یوسف فیض

بقیہ 30 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

لورالائی میں پولیو مہم کا آغاز، 65 ہزار سے زائد بچوں کو قطرے پلانے کا ہدف

پولیو کا خاتمہ اور بچوں کی حفاظت ہماری مشترکہ ذمہ داری ہے، ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) محمد حسیب شجاع

لورالائی (یو این اے) ضلع لورالائی میں 21 سے 24 ستمبر 2026 تک جاری رہنے والی SNID انسداد پولیو مہم کا باقاعدہ افتتاح ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) محمد حسیب شجاع۔ ڈی ایچ او مقبول احمد نے بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلا کر کیا۔ اس سلسلے میں ڈپٹی کمشنر کے کانفرنس روم میں پولیو مہم کی تیاریوں اور انتظامات کے حوالے سے اہم اجلاس بھی منعقد ہوا، اجلاس کی صدارت ڈپٹی کمشنر لورالائی نے کی اجلاس میں ڈی ایچ او مقبول احمد۔ ڈاکٹر زرک خان۔ اے ڈی سی جنرل علی نواز۔ ڈی ای او۔ کمیونیکیشن آفیسر محمد ہاشم۔

بقیہ 31 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ تا چمن پسنجر ٹرین فوری بحال کی جائے، اسلم اچکزئی

ٹرین کی بندش سے مزدور، طلب، مریض اور عام شہری مہنگے سفری ذرائع استعمال کرنے پر مجبور ہیں

چمن (یو این اے) مظلوم عوامی تحریک پاکستان کے صوبائی صدر اسلم اچکزئی نے کوئٹہ تا چمن پسنجر ٹرین کی طویل عرصے سے بندش پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے حکومت اور متعلقہ ریلوے حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ عوامی مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے ٹرین سروس کو بلا تاخیر بحال کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ کوئٹہ تا چمن پسنجر ٹرین چمن اور گردونواح کے غریب، متوسط اور عام شہریوں کے لیے انتہائی اہم سفری سہولت ہے، جس سے روزانہ مزدور، طلب، مریض، سرکاری ملازمین اور دیگر شہری استفادہ کرتے تھے۔ انہوں نے کہا کہ ٹرین سروس کی بندش کے باعث عوام کو مہنگے سفری ذرائع استعمال کرنے پر مجبور ہونا پڑ رہا ہے، جس سے پہلے ہی مہنگائی اور معاشی مشکلات کا شکار عوام کی پریشانیوں میں مزید اضافہ ہوا ہے۔ چمن جیسے سرحدی علاقے کے عوام

بقیہ 32 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ' فوڈ اتھارٹی کی خصوصی مہم تیسرے روز بھی بھرپور انداز میں جاری

موٹر سائیکلوں اور گھروں میں قائم 3 یونٹس کا معائنہ کیا گیا' ملاوٹی دودھ کی فروخت پر 16 یونٹس پر جرمانے عائد

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر و چیئرمین بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی ہدایات پر ملاوٹی اور غیر صحت بخش دودھ و دہی کی فراہمی کے خلاف بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی خصوصی مہم تیسرے روز بھی بھرپور انداز میں جاری رہی۔ بی ایف اے کی مختلف انسپکشن ٹیموں نے کوئٹہ کے متعدد علاقوں میں کارروائیاں کرتے ہوئے متعدد دودھ کی دکانوں، دودھ بردار گاڑیوں و موٹر سائیکلوں اور گھروں میں قائم دودھ کے یونٹس کی خصوصی چیکنگ کی۔ ترجمان بی ایف اے کے مطابق کارروائیوں کے دوران ریسانی روڈ، طوغی روڈ، علمدار روڈ، جان محمد روڈ، سی پیک روڈ اور نواں کلی

بقیہ 33 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

بھارت کا سندھ طاس معاہدے سے انکار ناقابل فہم ہے، سینیٹر شیری رحمان

معاہدے کو یکطرفہ طور پر معطل یا نظرانداز کرنا سنگین قانونی سوالات پیدا کرتا ہے، نائب صدر پیپلز پارٹی

پاکستان، ترکیہ اور سعودی عرب کا دفاعی تعاون کسی مخصوص ملک کے خلاف نہیں، پاکستان باہمی مفاد اور علاقائی تعاون کو ترجیح دیتا ہے

بقیہ 43 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

ایم ڈی پی ٹیوٹا عبدالکبیر خان زرکون سے ڈائریکٹر پاکستان سائنٹیفک ٹریننگ کونسل عمر قریشی کی سربراہی میں وفد ملاقات کر رہا ہے

کوئٹہ مارگٹ سے چند روز قبل اغواء ہونے والے شخص کی نعش برآمد

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ کے نواحی علاقے مارگٹ سے چند روز قبل اغواء ہونے والے شخص کی نعش برآمد ہوگئی ذرائع کے مطابق گزشتہ روز کوئٹہ کے نواحی علاقے مارگٹ سے ایک شخص کی نعش ملی جس

بقیہ 34 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

سینیٹر ثمینہ زہری کی زیر صدارت سینیٹ قائمہ کمیٹی برائے انسانی حقوق کا اہم اجلاس

اجلاس میں خواتین اور بچوں کیخلاف تشدد، قتل کے مقدمات سے متعلق متعدد اہم کیسز کا تفصیلی جائزہ لیا گیا

اسلام آباد (پ ر) سینیٹ قائمہ کمیٹی برائے انسانی حقوق کا اہم اجلاس چیئرپرسن سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری کی زیر صدارت منعقد ہوا جس میں جانی نقصان، خواتین اور بچوں کے خلاف تشدد، قتل کے مقدمات، فوجداری تحقیقات اور ادارہ جاتی جوابدہی سے متعلق متعدد اہم کیسز کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کے دوران سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے

بقیہ 37 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

پاکستان کی ڈاکٹر ارم ناز نے ملک کا نام روشن کر دیا قومی سائنسٹ ڈائریکٹری میں شامل

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کی ہونہار ڈاکٹر ارم ناز دختر مہر محمد بخش قومی سائنسٹ ڈائریکٹری میں شامل ہوگئی ہیں۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق ڈاکٹر ارم ناز چینی حکومت کی خصوصی اسکالرشپ پر وہاں یونیورسٹی چین میں ڈاکٹریٹ کی ریسرچ کر رہی ہیں۔ ڈاکٹر ارم کی تحقیق کا موضوع ماحولیات اور جیو سینسنگ ہے، متعدد مقالے عالمی جریدوں

بقیہ 35 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

سینئر صحافی نصیر احمد کی ڈی آئی جی کوئٹہ عمران شوکت سے ملاقات

صحافیوں کا تحفظ اور باہمی تعاون کا فروغ اولین ترجیح ہے، ڈی آئی جی کوئٹہ

کوئٹہ (یو این اے) سینئر صحافی نصیر احمد نے ڈپٹی انسپکٹر جنرل (ڈی آئی جی) آف پولیس کوئٹہ عمران شوکت سے ملاقات کی، جس میں گزشتہ دنوں پیش آنے والے واقعے سے متعلق تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا اور ڈی آئی جی کو تمام حقائق سے آگاہ کیا گیا۔ ملاقات کے دوران ڈی آئی جی کوئٹہ عمران شوکت نے سینئر صحافی کو یقین دلایا کہ اس پورے واقعے کی مکمل، شفاف اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کی جائیں گی اور انصاف کے تمام تقاضے ہر صورت پورے کیے جائیں گے۔ انہوں نے دوٹوک الفاظ میں کہا کہ کوئٹہ پولیس ہمیشہ صحافی برادری کے شانہ

بقیہ 38 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

بجلی بند رہنے کی اطلاع

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں میں برقی لائنوں کی ضروری مرمت کے کام کئے جا رہے ہیں۔ اس سلسلے میں 19 ستمبر کو (بروز ہفتہ) کوئٹہ سٹی گرڈ اسٹیشن کے 11kv جناح ٹاؤن، جی او آر کالونی، شہباز ٹاؤن، بروری روڈ،

بقیہ 36 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

صحافیوں پر تشدد کسی صورت قابل قبول نہیں، یوسفزئی قومی اتحاد

سینئر صحافی نصیر احمد پر حملہ آزادی صحافت اور قانون کی بالادستی کے لیے تشویشناک ہے' فضل تواب

کوئٹہ (یو این اے) یوسفزئی قومی اتحاد کے ترجمان فضل تواب نے سینئر صحافی و خبر رساں ادارے یو این اے کے بیورو چیف نصیر احمد پر مبینہ تشدد اور حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے متعلقہ اداروں سے مطالبہ کیا ہے کہ واقعے میں ملوث ملزمان کو فوری طور پر گرفتار کر کے قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے اور صحافی برادری کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے اپنے بیان میں یوسف قومی اتحاد کے ترجمان فضل تواب نے کہا کہ صحافیوں پر کسی بھی قسم کا تشدد،

بقیہ 39 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

جب تک ٹرمپ نیتن یاہو اقتدار میں ہیں آبنائے ہرمز نہیں کھلے گی ایران

ایرانی قوم اپنے وجود، شناخت، آزادی اور اعلیٰ اہداف کا دفاع کر رہی ہے، آبنائے ہرمز کی بندش ایرانی قوم کے انتقام کا پہلا مرحلہ ہے

ایرانی قوم اپنے وجود، شناخت، آزادی اور اعلیٰ اہداف کا دفاع کر رہی ہے، ایرانی قوم نے ارادہ کر لیا ہے کہ جارح دشمن کے دانت توڑ دے

تہران (این این آئی) ایرانی رہبر انقلاب کے سیاسی مشیر محمد باقر ذوالقدر نے کہا ہے کہ جب تک امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور اسرائیلی وزیراعظم بنیامین نیتن یاہو اقتدار میں ہیں، آبنائے ہرمز نہیں کھولی جائے گی۔ ایرانی میڈیا کے مطابق محمد باقر

بقیہ 44 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

قلعہ سیف اللہ' پولیو SNID کی تیاری کے حوالے سے اجلاس

پولیو مہم کی کامیابی کے لیے تمام ضروری انتظامات بروقت مکمل کیے جائیں

قلعہ سیف اللہ (خ ن) پولیو SNID کی تیاری کے حوالے سے اجلاس، پولیو کے آئندہ سب نیشنل امیونائزیشن ڈیز (SNID) کی تیاریوں کے حوالے سے ایک اہم اجلاس ڈپٹی کمشنر ساگر کمار کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں DHO وحید الرحمن کاکڑ، WHO ڈسٹرکٹ ہیڈ علی محمد، پولیو آفیسر رازق شوانی، ٹریژری آفیسر اورنگزیب مندوخیل، ہارون اور DSP ظریف خان نے شرکت کی۔ اجلاس میں آئندہ پولیو مہم کے لیے

بقیہ 40 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

کمشنر کوئٹہ ڈویژن ذیشان لاشاری عوام کو بہتر سفری سہولیات فراہم کرنے کے حوالے سے گرین بس سروس کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ہمت کوئٹہ / مستونگ

پرنٹر و پبلشر نادر حسین زمرد نے روزنامہ ہمت کوئٹہ / مستونگ قلات پریس کوئٹہ سے چھپوا کر روزنامہ ہمت جناح روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔

چیف ایڈیٹر: نادر حسین زمرد

081 - 2005129
081 - 2011314

نیوز سیکشن: 081-2834643
فیکس آفس: 081-2827323

بقیہ 1

کیا اور شمالی وزیرستان اور ہنگو میں کارروائیوں کے دوران خوارج کو ہلاک کرنے پر سکیورٹی فورسز کی بہادری اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو سراہا۔ صدر مملکت نے دہشت گردوں کے خلاف کارروائی کے دوران شہید ہونے والے بہادر جوانوں کو خراج عقیدت پیش کیا اور شہید جوانوں کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ شہداء کی عظیم قربانیاں قوم کے عزم اور حوصلے کو مزید مضبوط کرتی ہیں، پاکستان کے بہادر سپوت وطن کے دفاع اور امن کیلئے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر رہے ہیں، دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں۔ صدر مملکت آصف علی زرداری نے شہداء کے درجات کی بلندی اور لواحقین کے لئے صبر جمیل کی دعا کی۔ دوسری جانب وزیراعظم محمد شہباز شریف نے خیبر پختونخوا میں ہنگو اور شمالی وزیرستان کے اضلاع میں ہندوستان کے حمایت یافتہ فتنہ الخوارج کے خلاف کامیاب کارروائیوں کے دوران 10 خوارج کو ہلاک کرنے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے خیبر پختونخوا میں فتنہ الخوارج کے خلاف کارروائیوں میں شہید ہونے والے سکیورٹی فورسز کے جوانوں کو خراج عقیدت پیش کیا۔

بقیہ 2

اسلام آباد آئیگا، اسلام آباد کو بند کرنا یا احتجاج کے نام پر حملے کی اجازت نہیں دی جا سکتی، خیبر پختونخوا میں ہم دہشتگردی کے خلاف جنگ لڑ رہے ہیں، احتجاج، لوگوں کو جمع کرنے یا چندہ جمع کرنے کے بجائے توجہ دہشتگردی کے خلاف جنگ پر ہونی چاہیے، وزیراعلیٰ دہشتگردوں کا مقابلہ کرنے کیلئے اتنی تیاری کریں جتنی دھرنے کیلئے کر رہے ہیں تو دہشتگردی کافی حد تک کم ہو جائے، اپوزیشن کے سمجھدار لوگوں سے امید ہے کہ احتجاج کے فیصلے پر نظرثانی کریں گے۔ جمعہ کو وزیر مملکت برائے داخلہ ...

اور باہمت ہے، ایک ایس ایچ او حالات ٹھیک کر سکتا ہے، میری اگلی بات یہ تھی کہ میں یہ علامتی طور پر بات کر رہا ہوں لیکن بدقسمتی سے میری بات کا اگلا حصہ کاٹ کر صرف ایک بات کو بیان کیا جاتا ہے۔ بانی پی ٹی آئی کی صحت سے متعلق ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کی صحت کے حوالے سے جتنی فکر ان کے خاندان کو ہے اتنی ہی حکومت کو بھی ہے، شفا انٹرنیشنل ہسپتال منتقل نہ کرنے کی وجہ کے ساتھ ضلعی انتظامیہ کا جواب عدالت میں داخل کروا دیا گیا ہے۔ محسن نقوی نے کہا کہ معاملہ عدالت میں ہونے کی وجہ سے زیادہ بات نہیں کروں گا، شفا انٹرنیشنل ہسپتال منتقلی معاملے پر ضلعی انتظامیہ نے جواب عدالت میں داخل کر دیا ہے۔ ادویات کنٹینرز سے متعلق سوال کا جواب دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ میرے نوٹس سے قبل ہی پولیس نے ادویات کنٹینرز چھوڑ دیئے تھے۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ کسی کے پاس کنٹینر کے اندر دیکھنے کی صلاحیت نہیں جیسے ہی ڈرائیور نے بتایا کہ ادویات کا کنٹینر ہے تو پولیس نے اسے چھوڑ دیا، میرے نوٹس سے قبل ہی ادویات کے کنٹینرز چھوڑ دیئے ہیں۔

بقیہ 6

چکا تھا۔ اعداد و شمار کے مطابق دشمن بھارت کے اب تک 453 ٹینک اور 106 جنگی طیارے تباہ ہو چکے۔ 18 ٹینک پاکستان کے قبضے میں آ چکے تھے۔ سیالکوٹ اور جموں کے محاذ پر پاک فوج نے بھارتی افواج پر اپنا دباؤ جاری رکھتے ہوئے دشمن کے مزید علاقوں پر قبضہ کیا اور بھارت کو بھاری مالی نقصان سے دوچار کیا۔ پاک فوج کے ہاتھوں واہگہ باڈر اور اٹاری سیکٹر میں بھارت کے 7 ٹینک تباہ ہوئے جبکہ 10 بھارتی فوجی جنگی قیدی بنا لیے گئے، پاکستانی توپ خانوں نے بھارتی افواج پر مسلسل گولہ باری جاری رکھتے ہوئے کھیم کرن میں دشمن کے 4 حملوں کو ناکام بنایا۔ فاضلکا، راجستھان اور اکھنور کے مقامات پر پاک فوج نے فتوحات کا سلسلہ جاری رکھتے ہوئے دشمن کو عبرتناک شکست سے دوچار کیا۔ ...

... نقوی نے بلوچستان کے لئے ایک ایس ایچ او کافی ہے سے متعلق بیان کی وضاحت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایس ایچ او والی بات کا اگلا حصہ یہ تھا کہ یہ بات علامتی طور پر کہہ رہا ہوں تاہم جان بوجھ کر میرے بیان کا ایک حصہ بیان کیا گیا۔ جمعہ کو یہاں پریس کانفرنس کے دوران ایک سوال پر وضاحت کرتے ہوئے وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ میں نے یہ بات کی تھی کہ ہماری سکیورٹی فورسز بہت دلیر

... انتظامیہ کو کمیٹی کے ساتھ مکمل تعاون کی ذمہ داری سونپی گئی ہے۔ انہیں ہدایت کی گئی ہے کہ انکوائری کمیٹی کو تمام متعلقہ ریکارڈ، دستاویزات اور ضروری مواد تک رسائی فراہم کی جائے تاکہ تحقیقات مقررہ مدت میں مکمل کی جا سکیں۔

بقیہ 10

کارروائیاں امن دشمن عناصر کی بزدلانہ سوچ کی عکاسی کرتی ہیں۔ صوبائی وزیر نے شہید پولیس اہلکار ...

TENDER NOTICE

The DIRECTORATE OF INDUSTRIES invites bids from eligible Bidders for supply of following items. **TSE-2627091194142 Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB.** **Tender Fee** 2,000 PKR

S.No	Class of Object	Bid Security
1	Education and Training Services (Total Item(s) Count: 1)	5%

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** 03 Assignments of Similar Nature and Complexity Worth PKR. 10 Million each in Previous 03 Years Accumualted Turn over of at least PKR.10 Million in 03 Subsequent Previous Years Presence in Active Tax Payer List BRA Registration Certificate The bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency of Pakistan Must be a registered firm with any Government entity as a company/ Firm/ Service Provider The firm must have physical presence in Balochistan The bidder must demonstrate a minimum of two (02) similar assignments completed within Balochistan, relevant to the scope of the current procurement **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee,Deposit at Call of 5 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by 01 October, 2026till 11:30 AM through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at 12:30 PM on EPPS System Address: Qta Phone no: 3331000878Fax no:Email: mashal.kasi@gmail.com

DIRECTOR INDUSTRIES
BALOCHISTAN, QUETTA

DPRQ/PRQ No.1455/18-9-2026

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan